پاک و ہند میں زبان زدِ عوام و خواص

غیر معتبر روایات کا فنی جائزہ

5

مفتی طارق امیر خان صاحب
متخصص فی الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

تقریظ

استاذ العلماء حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم
شیخ الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

تقریظ

حضرت مولانا نور البشر صاحب دامت برکاتہم
استاذ الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

مکتبہ عمر فاروق

پاک و ہند میں زبان زدِ عوام و خواص

حصہ پنجم

تحقیق

مفتی طارق امیر خان صاحب

متخصص فی الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

تقاریظ

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ

استاذ حدیث
حضرت مولانا نور البشر صاحب مدظلہم

مکتبہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ

4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی

Tel: 021-34604566 Cell: 0334-3432345

نام کتاب .... غیر معتبر روایات کا فنی جائزہ

تالیف .... مفتی طارق امیر خان صاحب

اشاعتِ اوّل .... مارچ 2021ء

تعداد 1100

طابع .... القادر پرنٹنگ پریس کراچی

ناشر .... مکتبہ عمر فاروق 4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی

021-34604566 Cell: 0334-3432345

ای میل .... maktabaumarfarooq@gmail.com

قارئین کی خدمت میں

کتاب ہذا کی تیاری میں تصحیح کتابت کا خاص اہتمام کیا گیا ہے، تاہم اگر پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو التماس ہے کہ ضرور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ان اغلاط کا تدارک کیا جاسکے۔ جزاکم اللہ

دارالاشاعت، اردو بازار کراچی

اسلامی کتب خانہ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

قدیمی کتب خانہ، آرام باغ کراچی

ادارۃ الانور، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ کوئٹہ

کتب خانہ رشیدیہ، راجہ بازار راولپنڈی

مکتبہ العارفی، جامعہ امدادیہ ستیانہ روڈ فیصل آباد

مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار لاہور

مکتبہ سید احمد شہید، اردو بازار لاہور

مکتبہ علمیہ، جی ٹی روڈ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ

وحیدی کتب خانہ، محلہ جنگی قصہ خوانی بازار پشاور

مکتبہ غزنوی، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ فاروق اعظم، پشاور

مکتبہ بیت العلم، پشاور

فہرستِ مضامین	صفحہ نمبر

فہرست روایات

روایت⑥	روایت: ”من صلى الفجر في جماعة، وخرج من المسجد فمر بعشرين نفسا فسلم عليهم، ثم مات في ذلك اليوم غفر له“. جو شخص نمازِ فجر جماعت کے ساتھ پڑھ لے، اور مسجد سے باہر جائے اور بیس افراد پر گزرتے ہوئے اُنھیں سلام کرے، پھر اگر یہ شخص اسی دن مر گیا تو اس کی بخشش ہو جائے گی۔	۷۸
روایت⑦	روایت: ایک مرتبہ آل محمد ﷺ پر چار دن بھوک کی حالت میں گزرے، آپ ﷺ اللہ تعالی کی بارگاہ میں خوب گڑگڑائے، اللہ تعالی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ذریعے وافر مقدار میں کھانا اور دیگر اشیاء بھجوائیں، پھر آپ ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے دعا کی: یا اللہ میں عثمان سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہو جا۔	۸۱
روایت⑧	روایت: ”هلك المسوفون“. ٹالنے والے ہلاک ہو گئے۔	۹۵
روایت⑨	روایت: ”جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی“۔	۱۰۰
روایت⑩	روایت: جس میں عاشورہ (دس محرم) کو مختلف انبیاء علیہم السلام حضرت آدم علیہ السلام، حضرت حواء علیہا السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ایوب علیہ السلام، حضرت داوٗد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور نبی ﷺ کو پیش آنے والے بڑے بڑے واقعات کا ذکر ہے، نیز عاشورہ کے دن مختلف اعمال جیسے: غسل، سرمہ، یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنا، مریض کی عیادت کرنا، افطار پر بڑے بڑے اجر و ثواب کا ذکر ہے۔	۱۴۰

روایت⑪	حکایت: ابو معلق تاجر صحابی رضی اللہ عنہ کا ڈاکو سے حفاظت کی نماز میں ایک خاص دعا کرنا، اور فرشتہ کا اس ڈاکو کو نیزہ سے قتل کرنا۔	۱۹۲
روایت⑫	روایت: ”إن لله ملكا لو قيل له: التقم السموات والأرضين السبع بلقمة واحدة، لفعل، تسبيحه: سبحانك حيث كنت“. بے شک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے، اگر اس سے کہا جائے: ساتوں آسمان و زمین ایک ہی لقمہ میں نگل لو، تو وہ ایسا کرلے گا، اس کی تسبیح یہ ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔	۲۱۱
روایت⑬	روایت: ” إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم“. میں نے مخلوقات کو اس لئے پیدا کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اور میں نے ان کو اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔	۲۱۹
روایت⑭	روایت: یعفور نامی دراز گوش (گدھے) کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلام ہونا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یعفور کو بطور قاصد صحابہ رضی اللہ عنہم کے گھروں کی طرف بھیجنا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد یعفور کا اپنے آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غم میں کنویں میں گرا کر جان دے دینا۔	۲۲۳
روایت⑮	روایت: ”من شرب الماء على الريق انتقصت قوته“. جو شخص نہار منہ پانی پیئے گا اس کی طاقت کم ہو جائے گی۔	۲۵۰
روایت⑯	روایت: ”جو شخص اپنی عورت کی بداخلاقی پر صبر کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ اجر دیں گے جو حضرت ایوب علیہ السلام کو ان کی بیماری پر صبر کرنے پر دیا گیا تھا، اور جو عورت اپنے	۲۷۵

	شوہر کی بد اخلاقی پر صبر کرے تو اللہ تعالی اس کو فرعون کی بیوی آسیہ علیہا السلام کے ثواب کے مثل عطاء کریں گے"۔	
روایت⑰	روایت: "جس شخص نے بھی کسی اجنبی عورت کی طرف شہوت کی نگاہ سے دیکھا، تو قیامت کے دن اس کی آنکھوں میں سیسہ ڈالا جائے گا"۔	۲۷۸
روایت⑱	روایت: موت کے وقت نماز کا اہتمام کرنے والے سے فرشتہ کا قریب ہونا، شیطان کا دور ہونا اور اسے ملک الموت کا کلمہ کی تلقین کرنا۔	۲۸۴
روایت⑲	روایت: ستر ہزار فرشتوں کی طاقت رکھنے والا فرشتہ اپنی انتہائی پرواز کے بعد بھی باری تعالی کے عرش تک نہیں پہنچ سکا۔	۲۹۵
روایت⑳	روایت: "الكريم إذا قدر عفا". کریم جب قابو پالیتا ہے تو معاف کر دیتا ہے۔	۲۹۹
روایت㉑	روایت: اذان سن کر: "مرحبا بالقائلين عدلا مرحبا بالصلاة وأهلا". پڑھنے پر بیس لاکھ نیکیاں، بیس لاکھ گناہ معاف اور بیس لاکھ درجات بلند۔	۳۰۷
روایت㉒	روایت: "گانا سننے والوں کو آخرت میں روحانیین یعنی اہل جنت کے قراء کو سننے کی اجازت نہیں ہوگی"۔	۳۱٦
روایت㉓	روایت: آپ ﷺ کا دودھ چھڑانے کے فوراً بعد یہ کلمات کہنا: الله أكبر كبيرا، والحمد لله كثيرا، وسبحان الله بكرة و أصيلا.	۳۲۲

روایت⑥	روایت: ”بچوں کے منہ پر لگی ہوئی غذا دھو لیا کرو، کیونکہ شیطان ہمیشہ بچی ہوئی غذا کو سونگھتا ہے“۔	۳۵۷
روایت⑦	روایت: ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی عمر میں سے صرف ایک گھڑی باقی رہنے کی صورت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کو اس وقت حصولِ علم میں مشغول ہونے کا فرمانا۔	۳۵۹
روایت⑧	روایت: ”جو شخص بارش کے نزول کے وقت یہ درود پڑھتا ہے، تو اللہ عزوجل اسے بارش کے ہر قطرے کے بدلے نیکی عطا فرماتا ہے: اللّٰهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آل سيدنا ومولانا محمد بعدد قطرات الأمطار“.	۳۶۱
روایت⑨	روایت: ”جنازے کی آخری صف افضل ہے“۔	۳۶۲
روایت⑩	روایت: جو شخص حضرات شیخین کا دفاع کرے گا تو یہ حضرات اپنی نیکیوں میں سے چوتھائی حصہ نیکی کا اسے دیں گے۔	۳۶۷
روایت⑪	روایت: ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی میں بیٹھے اپنی جوتی مرمت کرنے لگ گئے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم مرمت کرلیتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جوتی نہیں بنارہا، بلکہ بت توڑ رہا ہوں، تاکہ قیامت تک آنے والے زمانہ میں کوئی پیشہ کے لحاظ سے ذلیل نہ سمجھے۔	۳۷۴
روایت⑫	روایت: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا زمزم کے کنویں میں لعاب دہن ڈال کر فرمانا کہ امت اس سے برکت حاصل کرے۔	۳۷۵

روایت(۲۱)	روایت: روز قیامت اسلام کا حسین صورت میں آکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہنا: اللہ تعالی آپ کو عزتوں سے مالا مال کرے جیساکہ آپ نے دنیا میں مجھے (یعنی اسلام کو) عزت بخشی۔	۳۹۸
روایت(۲۲)	روایت: ”المرء مخبوء تحت لسانه“. انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔	۴۰۰
روایت(۲۳)	روایت: ”جو عورت گائے یا بھینس کا دودھ بسم اللہ پڑھ کر دوھے تو وہ جانور اس کو دعائیں دیتا ہے“۔	۴۰۶
روایت(۲۴)	روایت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنا کہ بارش ہوئی اور آپ کے بابرکت کپڑے نہ بھیگے۔	۴۰۷
روایت(۲۵)	روایت: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا اذان میں لفظ حَیَّ کو عاجزی سے ہَیَّ پڑھنا، اور منافقین کا اس پر اعتراض کرنا اور یہ مطالبہ کرنا کہ کوئی فصیح مؤذن لے آئیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ میں منافقین سے فرمانا کہ اللہ تعالی کے نزدیک بلال کا ہَیَّ شور وغل کے سینکڑوں حَیَّ اور حَیَّ سے بہتر ہے۔	۴۱۱
روایت(۲۶)	روایت: ”ریاکاری کے ساتھ تسبیح کرنا کوڑی کا سبزہ ہے“۔	۴۱۳
روایت(۲۷)	روایت: ”عجلوا الطاعات قبل الفوت“. عبادات کو فوت ہونے سے پہلے پورا کرو۔	۴۱۴
روایت(۲۸)	روایت: ”جس نے اپنے بھائی کے حق کی وجہ سے افطار کیا اس کے لئے ایک ہزار روزوں کا ثواب لکھا جاتا ہے“۔	۴۱۷
روایت(۲۹)	روایت: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شخص کو مسجد میں سویا ہوا دیکھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمانا: اے علی! اسے جگا دو، تاکہ	۴۱۹

مقدمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی، أما بعد!

اللہ جل جلالہ کا عظیم فضل ہوا کہ اس نے بندہ اور میرے ساتھیوں کو کتاب "غیر معتبر روایات کا فنی جائزہ" کے حصہ پنجم کی تالیف کی توفیق بخشی۔

یہ حصہ حسبِ سابق ان تمام اصول وضوابط پر برقرار ہے، جو پہلے چار حصوں میں تھے،اس مجموعہ میں سابقہ ساتھیوں کے ساتھ ساتھ ایک جماعت شریک رہی ہے، خصوصاً مولوی سلیم صاحب اور مولوی حمزہ صاحب کے تعاون کا میں انتہائی مشکور ہوں۔

طارق امیر خان
(03423210056)
متخصص فی علوم الحدیث
جامعہ فاروقیہ کراچی

فصل اول (مفصل نوع)

روایت نمبر ①

روایت: جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے اعضاء کو پُر سکون رکھے، اور یہود کی طرح نہ ہلے، اس لئے کہ نماز میں اعضاء کا پُر سکون ہونا نماز کے کامل ہونے کا جزو ہے۔

حکم: شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے۔

روایت کا مصدر

حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ "نوادر الأصول"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"حدثنا إبراهيم بن عبد الحميد الحُلْوَانِي، قال: حدثنا محمد بن المبارك الصنعاني، قال: حدثنا معاوية بن يحيى أبومطيع، قال: حدثنا الحكم بن عبد الله، وهو الأيْلِي، عن القاسم بن محمد، عن أسماء بنت أبي بكر، عن أم رومان والدة عائشة رضي الله عنها، قالت: رآني أبو بكر الصديق رضي الله عنه أتميل في صلاتي، فزجرني زجرة كدت أنصرف من صلاتي، ثم قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إذا قام أحدكم في الصلاة فليسكن أطرافه لا يتميل تميل اليهود، فإن سكون الأطراف في الصلاة من تمام الصلاة".

[1] نوادر الأصول في أحاديث الرسول: ٥/٤، رقم: ٨٢٢، ت: توفيق محمود تكله، دار النوادر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ام رومان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نماز میں ہلتے ہوئے دیکھا، تو مجھے ایسے ڈانٹا قریب تھا کہ میں نماز توڑ دوں، پھر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے اعضاء کو پُر سکون رکھے، اور یہود کی طرح نہ ہلے، اس لئے کہ نماز میں اعضاء کا پُر سکون ہونا نماز کے کامل ہونے کا جزو ہے۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے "الکامل"[1] میں، حافظ ابو شیخ اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۳۶۹ھ) نے "ذکر الأقران"[2] میں، حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "حلیۃ"[3] میں، حافظ ابو القاسم اسماعیل بن محمد اصبہانی الملقب قوام السنہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۳۵ھ) نے "الترغیب والترهیب"[4] میں، قاضی ابو بکر محمد بن عبد الباقی رحمۃ اللہ علیہ نے "أحاديث الشيوخ الثقات"[5] میں اور

---

[1] الكامل في ضعفاء الرجال:٤٧٩/٢،رقم:٣٨٩،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت .

[2] ذكر الأقران:ص:٥٦،رقم:١٦٦،ت:مسعد عبد الحميد محمد السعدني،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[3] حلية الأولياء:٣٠٤/٩،دار الفكر ـ بيروت،الطبعة١٤١٦هـ.

[4] الترغيب والترهيب لقوام السنة:٤١٧/٢،رقم:١٩٠٢،١٩٠١،ت:أيمن بن صالح بن شعبان،دار الحديث ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤١٤هـ.

[5] أحاديث الشيوخ الثقات:٥١٢/٢،رقم:٧٥،ت:الشريف حاتم بن عارف العوني،دار عالم الفوائد ـ مكة المكرمة .
واضح رہے کہ اس کتاب کی سند میں حکم بن عبد اللہ کے بعد سند میں بڑی تبدیلی ہے، ملاحظہ ہو: "أخبرنا أبو القاسم الخفاف، قراءة عليه وأنا أسمع، في ذي الحجة من سنة ثمان وأربعين وأربعمائة، قال: أخبرنا أبو الحسين محمد بن المظفر بن موسى الحافظ، قال: حدثنا أبو علي الحسين بن محمد بن توبة بن أسيد بن سعيد بن كثير بن

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے "تاریخ دمشق"[1] میں تخریج کی ہے، تمام سندیں سند میں موجود راوی حکم بن عبد اللہ بن سعد اَیْلِی پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ حافظ ابو الشیخ رحمۃ اللہ علیہ کے طریق میں حکم بن عبد اللہ کے بجائے علی بن عبد اللہ لکھا ہے، یہ بظاہر تصحیف ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الکامل"[2] میں زیر بحث روایت اور اس کے علاوہ دیگر روایات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"وبهذا الإسناد أيضا حدثناه هنبل غير ما ذكرت أكثر من خمسة عشر حديثا، كلها مع ما ذكرتها موضوعة، وما هو منها معروف بالمتن فهو باطل بهذا الإسناد، وما أمليت للحكم عن القاسم بن

عفير، قال: أخبرني عبيد الله بن سعيد بن كثير بن عفير، قال: حدثنا أبي، قال: حدثنا المغيرة بن الحسن، قال: حدثني الحكم بن عبد الله بن سعد الأيلي، عن عمر بن عبد الله بن عروة، عن عامر بن عبد الله بن الزبير، عن عبد الله بن الزبير، عن أمه أسماء بنت أبي بكر الصديق رضي الله عنه، أنه قال لها: ورآها تميل في صلاتها، قالت: فزجرني زجرة كدت أن أنصرف، ثم انصرفت، فقال: ألم تعلمي أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا قام أحدكم في الصلاة، فليسكن أطرافه، ولا يتميل بجسده، كما تصنع يهود، فإن سكون الأطراف من الخشوع في الصلاة".

[1] تاريخ دمشق:۲۹۰/۵۹،رقم:۱۲۳٦۰،ت:عمر بن غرامة العمروي،دار الفكر ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۱۸هـ .

[2] الكامل في ضعفاء الرجال:٤٨٣/٢،رقم:٣٨٩،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت .

محمد، والزهري، وغيرهم كلها [والمتن الروايات] غير ما ذكرته هاهنا، فكلها مما لا يتابعه الثقات عليه، وضعفه بين على حديثه".

اور اسی سند کے ساتھ، ھنبل نے میری ذکر کردہ روایات کے علاوہ پندرہ سے زائد احادیث روایت کی ہیں، وہ سب کی سب میری ذکر کردہ روایات کے ساتھ من گھڑت ہیں، اور ان میں سے جو متن کے ساتھ معروف ہیں وہ اس سند کے ساتھ باطل ہیں، اور قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ، زہری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ سے منقول حکم کی وہ روایات جس کو میں نے املاء کروایا ہے، وہ تمام تر روایات جن کو میں نے یہاں ذکر کیا ہے اور جن کو ذکر نہیں کیا ہے، ان سب میں ثقات نے حکم کی متابعت نہیں کی ہے، ان کا ضعف ان کی حدیث میں واضح ہے۔

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ "ذخيرة الحفاظ"[1] میں زیر بحث روایت ذکر کر کے فرماتے ہیں: "والحكم هذا أجمعوا على ترك حديثه". اور اس حکم کی حدیث کے ترک پر محدثین نے اجماع کیا ہے۔

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ "تاريخ دمشق"[2] میں زیر بحث روایت ذکر کر کے فرماتے ہیں: "غريب، وفيه: ثلاثة من الصحابة". یہ غریب ہے، اور اس میں تین صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں۔

---

[1] ذخيرة الحفاظ:۱/۳۴۴،رقم:۳٦٦،ت:عبد الرحمن بن عبد الجبار الفريوائي،دار السلف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٦هـ.

[2] تاريخ دمشق:۲۹۰/۵۹،رقم: ١٢٣٦٠،ت:عمر بن غرامة العمروي،دار الفكر ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ "التیسیر"[1] میں زیر بحث روایت ذکر کرکے فرماتے ہیں: "وإسناده ضعيف".

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ "التنویر"[2] میں زیر بحث روایت ذکر کرکے فرماتے ہیں: "وإسناده ضعيف".

سند میں موجود راوی ابو عبد اللہ حکم بن عبد اللہ بن سعد بن عبد اللہ اَیْلِی (المتوفی مابین ۱۴۰ – ۱۵۰ھ[3]) کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "والحكم الأيلي ليس بثقة"[4]. حکم اَیْلِی ثقہ نہیں ہے۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ ہی ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "ليس بشيء"[5]. یہ لیس بشیء ہے۔

امام علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان ضعيفا، ليس بشيء"[6]. یہ

---

[1] التيسير بشرح الجامع الصغير: ١١٩/١،مكتبة الإمام الشافعي ـ الرياض .

[2] التنوير: ١٦٣/٢،رقم: ٧٧٨،ت:محمد إسحاق محمد إبراهيم،مكتبة دار السلام ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤٣٢هـ.

[3] امام بخاریؒ نے "التاريخ الصغير" میں موصوف کو ان افراد میں ذکر کیا ہے جن کا انتقال ۱۴۰ اور ۱۵۰ھ کے درمیان ہوا ہے(التاريخ الصغير: ٥٤/٢،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ).

[4] تاريخ يحيى بن معين برواية الدوري: ١٢٦/١،رقم: ٧٥٤،ت:عبد الله أحمد حسن،دار القلم ـ بيروت .

[5] سؤالات ابن الجنيد:ص: ١٠٤،رقم: ٤٤٤،ت:أحمد محمد نور سيف،مكتبة الدار ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ١٤٠٨هـ.

[6] سؤالات ابن أبي شيبة:ص: ١٣٤،رقم: ١٧١،ت:موفق بن عبد الله مكتبة المعارف ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

ضعیف، لیس بشیء ہے۔

حافظ احمد بن صالح مصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”ماسقط من أهل أيلة إلا الحكم بن عبد الله الأيلي“[1]. ایلہ والوں میں سے کوئی ساقط نہیں ہے، سوائے حکم بن عبد اللہ کے۔

حافظ احمد بن صالح مصری رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: ”رأيت في كتابه عن يونس ستين حديثا كذبا“[2]. میں نے اس کی کتاب میں یونس کے انتساب سے ساٹھ جھوٹی احادیث دیکھی ہیں۔

حافظ ابو جعفر محمد بن عبد اللہ بن عمار موصلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اصحاب حدیث کی ایک جماعت جس میں حافظ ابن ابی الحواری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ موجود ہیں، وہ فرماتے ہیں:

”ليس يعرف بدمشق كذاب إلا رجلين، فإذا تركت هذين الرجلين، لم يبق من الكذابين بدمشق أحد، الحكم بن عبد الله الأيلي، ويزيد بن ربيعة بن يزيد“[3]. دمشق میں کذاب سے کوئی معروف نہیں ہے سوائے دو آدمیوں کے، اگر میں ان دونوں کو ترک کر دوں، تو دمشق میں جھوٹوں میں سے کوئی بھی باقی نہیں رہے گا، وہ دو آدمی حکم بن عبد اللہ اور یزید بن ربیعہ بن یزید ہیں۔

---

[1] الثقات لابن شاهين: ص: ۱۲۱، رقم: ۲۰۲، ت: صبحي السامرائي، الدار السلفية ـ الكويت الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[2] سؤالات أبي عبيد الآجري: ۱۸۲/۲، رقم: ۱۵۳٦، ت: عبد العليم عبد العظيم البستوي، مؤسسة الريان ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[3] تاريخ دمشق: ۱۹/۱۵، ت: عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ.

علامہ وہب بن زمعہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ حافظ عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں فرماتے ہیں: "أنه ترك حديث الحكم"[1]. ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے حکم کی حدیث کو ترک کر دیا ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "الحكم بن عبد الله الأيلي أحاديثه موضوعة"[2]. حکم بن عبد اللہ ایلی کی احادیث من گھڑت ہیں۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الكبير"[3] فرماتے ہیں: "تركوه، كان ابن المبارك يوهنه، ونهى أحمد عن حديثه". محدثین نے اسے ترک کر دیا ہے، ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اس کو ضعیف قرار دیتے تھے، احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی حدیث سے منع کیا ہے۔

نیز امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الصغير"[4] میں فرماتے ہیں: "كان ابن المبارك يوهنه، نهى أحمد عن حديثه". ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اس کو ضعیف قرار دیتے تھے، احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی حدیث سے منع کیا ہے۔

اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء الصغير"[5] میں لکھتے ہیں: "كان ابن المبارك يضعفه". ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اس کو ضعیف قرار دیتے تھے۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ "أحوال الرجال"[6] میں فرماتے ہیں: "جاهل،

---

[1] الكامل في ضعفاء الرجال: ٤٧٨/٢، رقم: ٣٨٩، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[2] تاريخ أبي زرعة الدمشقي: ص: ٢١٣، رقم: ١١٤٤، ت: خليل المنصور، دار الكتب ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[3] التاريخ الكبير: ٣٣٠/٢، رقم: ٢٦٩٥، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[4] التاريخ الصغير: ٩٩/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[5] الضعفاء الصغير: ص: ٣٥، رقم: ٧١، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[6] أحوال الرجال: ص: ٢٥٩، رقم: ٢٧١، ت: عبد العليم عبد العظيم البستوى، حديث أكادمي ـ فيصل آباد ـ باكستان، الطبعة الأولى ١٤١١هـ.

كذاب". یہ جاہل، کذاب ہے۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ "أحوال الرجال"[1] میں ہی فرماتے ہیں: "وأمر الحكم أوضح من ذاك عند أهل الحديث، حتى لقد حدثني من سمع ابن حنبل يقول: ألق حديث الحكم الأيلي، وإسحاق بن أبي فروة في الدجلة". اور اس سے محدثین کے ہاں حکم کا معاملہ واضح ہو جاتا ہے، حتی کہ مجھے اس شخص نے بتایا جس نے ابن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے سنا، وہ فرماتے ہیں کہ حکم ایلی اور اسحاق بن ابی فروہ کی روایت کو دجلہ میں ڈال دو۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ "الکنی"[2] میں فرماتے ہیں: "منكر الحديث".

امام ابو داود رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لا يكتب حديثه"[3]. اس کی حدیث کو نہ لکھا جائے۔

حافظ یحیی بن حسان تِنِّیسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لا تكتب حديث الحكم بن

---

[1] أحوال الرجال:ص:۲۵۹،رقم: ۲۷۱،ت:عبد العليم عبد العظيم البستوی،حديث أكادمي ـ فيصل آباد ـ باكستان،الطبعة الأولى ۱٤۱۱هـ.

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ کی مکمل عبارت ملاحظہ ہو:"حدثني عبد الله بن يوسف، حدثني يحيى بن حمزة، حدثني الحكم بن عبد الله، سمع القاسم، عن جدته أم رومان، وأم رومان توفيت زمان النبي صلى الله عليه وسلم، وليست جدته، وإنما جدته: أسماء ابنة عميس، ولدت أباه بذي الحليفة، والنبي صلى الله عليه وسلم يريد مكة حجة الوداع، وأمر الحكم أوضح من ذاك عند أهل الحديث، حتى لقد حدثني من سمع ابن حنبل يقول: ألق حديث الحكم الأيلي، وإسحاق بن أبي فروة في الدجلة".

[2] الكنى والأسماء:۱/٤۸۹،رقم:۱۸۹۵،ت:عبد الرحيم محمد أحمد القشقری،الجامعة الإسلامية ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ۱٤۰٤هـ.

[3] سؤالات أبي عبيد الآجري:۲/۱۸۲،رقم:۱۵۳٦،ت:عبد العليم عبد العظيم البستوي،مؤسسة الريان ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۱۸هـ.

عبد الله بن سعد الأيلي، فإنه متروك الحديث"[1]. حکم بن عبد اللہ بن سعد اَیلی کی حدیث مت لکھو، کیونکہ وہ متروک الحدیث ہے۔

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "[ذاهب]، متروك الحديث، لا يكتب حديثه، كان يكذب"[2]. ذاہب، متروک الحدیث ہے، اس کی حدیث کو نہ لکھا جائے، یہ جھوٹ بولتا تھا۔

حافظ عبد الرحمن بن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ "الجرح والتعديل"[3] میں فرماتے ہیں کہ حکم بن عبد اللہ بن سعد اَیلی کے بارے میں ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا، تو میں نے ان کو یہ فرماتے ہوئے سنا: "ضعيف، لا يحدث عنه، ولم يقرأ علينا حديثه، وقال: اضربوا عليه". ضعیف ہے، ان سے حدیث بیان نہ کی جائے، (نیز حافظ عبد الرحمن رحمۃ اللہ علیہ یہ بھی فرماتے ہیں) اور ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے ہم پر اس کی حدیث نہیں پڑھی، اور فرمایا کہ اس کی حدیث کو اس پر دے مارو۔

حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "وهو رجل متروك الحديث"[4]. حکم بن عبد اللہ متروک الحدیث ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكين"[5] میں فرماتے ہیں: "متروك الحديث".

---

[1] الجرح والتعديل: ١٢١/٣، رقم: ٥٥٩، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧١هـ.

[2] الجرح والتعديل: ١٢١/٣، رقم: ٥٥٩، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧١هـ.

[3] الجرح والتعديل: ١٢١/٣، رقم: ٥٥٩، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧١هـ.

[4] تاريخ أبي زرعة الدمشقي: ص: ٢١٣، رقم: ١١٤٥، ت: خليل المنصور، دار الكتب ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[5] الضعفاء والمتروكين: ص: ١٦٥، رقم: ١٢٢، ت، محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

حافظ ابن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ ایک حدیث کے تحت فرماتے ہیں: "وأنا أبرأ من عهدته"[1]. **میں اس کی ذمہ داری سے بری ہوں۔**

حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ "قبول الأخبار"[2] **میں حکم بن عبد اللہ کے بارے میں فرماتے ہیں:** "ليس بثقة".

حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء الكبير"[3] **میں فرماتے ہیں:** "والغالب على حديث الحكم الوهم". **اور حکم کی حدیث میں وہم غالب ہے۔**

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[4] **میں فرماتے ہیں:** "ممن يروي الموضوعات عن الأثبات، وكان ابن المبارك شديد الحمل عليه". **وہ ثبت لوگوں کے انتساب سے من گھڑت روایات نقل کرتا ہے، اور ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اس پر شدید حمل فرماتے تھے۔**

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الكامل"[5] **میں زیر بحث روایت اور اس کے علاوہ دیگر روایات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:** "وبهذا الإسناد أيضا حدثناه هنبل غير ما ذكرت أكثر من خمسة عشر حديثا، كلها مع ما ذكرتها موضوعة، وما هو منها معروف بالمتن فهو باطل بهذا الإسناد،

---

[1] سنن الدار قطني:١٤٤/٣،رقم:٢٢٤٩،ت:شعيب الأرنؤوط،مؤسسة الرسالة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ.

[2] قبول الأخبار ومعرفة الرجال:١٩٧/٢،رقم:٣٠٤،ت:أبي عمرو الحسيني بن عمر،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

[3] الضعفاء الكبير:٢٥٦/١،رقم:٣١١،ت:عبد المعطي أمين قلعجي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[4] المجروحين:٢٤٨/١،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ١٤١٢هـ.

[5] الكامل في ضعفاء الرجال:٤٨٣/٢،رقم:٣٨٩،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

وما أمليت للحكم عن القاسم بن محمد، والزهري، وغيرهم كلها [والمتن الروايات] غير ما ذكرته هاهنا، فكلها مما لا يتابعه الثقات عليه، وضعفه بين على حديثه".

اور اسی سند کے ساتھ،منبل نے میری ذکر کرہ روایات کے علاوہ پندرہ سے زائد احادیث روایت کی ہیں، وہ سب کی سب میری ذکر کردہ روایات کے ساتھ من گھڑت ہیں، اور ان میں سے جو متن کے ساتھ معروف ہیں وہ اس سند کے ساتھ باطل ہیں، اور قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ زہری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ سے منقول حکم کی وہ روایات جس کو میں نے املاء کروایا ہے،وہ تمام تر روایات جن کو میں نے یہاں ذکر کیاہے اور جن کو ذکر نہیں کیاہے،ان سب میں ثقات نے حکم کی متابعت نہیں کی ہے،اس کا ضعف اس کی حدیث پر واضح ہے۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكون" [1] میں فرماتے ہیں: "متروك".

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء" [2] میں فرماتے ہیں: "ليس بشيء، تركه ابن المبارك، وقال علي بن المديني: ليس بشيء". لیس بشیءہے، ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ترک کیاہے، علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لیس بشیءہے۔

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ ہی "المسند المستخرج" [3] میں فرماتے

---

[1] الضعفاء والمتروكون: ۱۸۱،رقم: ۱٦۱،ت:موفق بن عبد الله،مكتبة المعارف ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[2] الضعفاء لأبي نعيم: ۷٤،رقم: ٥٠،ت:فاروق حماده،مطبعة النجاح الجديده .

[3] المسند المستخرج على صحيح مسلم: ٦٣/١،رقم: ٥٠،ت:محمد حسن محمد حسن إسماعيل،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

ہیں: "تركوه، ضعفه ابن المبارك، وقال علي بن المديني: ليس بشيء". محدثین نے اسے ترک کر دیا ہے، ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تضعیف کی ہے، اور علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لیس بشیء ہے۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "السنن الکبری"[1] میں ایک روایت کے تحت حکم بن عبد اللہ کو "متروك" قرار دیا ہے۔

نیز امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ ہی "الخلافیات"[2] میں فرماتے ہیں: "الحكم بن عبد الله ضعيف جدا". حکم بن عبد اللہ شدید ضعیف ہے۔

حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ "المتفق والمفترق"[3] میں فرماتے ہیں: "وكان ضعيفا جدا" وہ شدید ضعیف تھا۔

حافظ عبد الحق اشبیلی رحمۃ اللہ علیہ نے "الأحكام الوسطى"[4] میں حکم بن عبد اللہ کو "متروك" قرار دیا ہے۔

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ "تذكرة الحفاظ"[5] میں ایک دوسری روایت کے تحت فرماتے ہیں: "والحكم هذا يضع الحديث". اور یہ حکم حدیث گھڑتا ہے۔

---

[1] السنن الکبری للبیهقي:۲۵۵/۳،رقم:۵۶۱۷،ت:محمد عبد القادر عطا،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ۱٤۲٤هـ.

[2] الخلافيات بين الإمامين للبيهقي:۷۰/۲،رقم:۱۱٦۲،الروضة للنشر والتوزيع ـ القاهرة،الطبعة الأولى ۱٤۳٦هـ.

[3] المتفق والمفترق:۷۷۳/۲،رقم:٤۰۲،ت:محمد صادق آيدن الحامدی،دار القادري ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۱۷هـ.

[4] الأحكام الوسطى:۲۱/۲،ت:حمدي السلفي وصبحي السامرائي،مكتبة الرشد ـ الرياض،الطبعة ۱٤۱٦هـ.

[5] تذكرة الحفاظ:ص:۵۹،رقم:۱۲۱،ت:حمدي بن عبد المجيد،دار الصميعي ـ الرياض،الطبعة الأولى ۱٤۱۵هـ.

یہی کلام حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "معرفة التذكرة"[۱] میں بھی ذکر کیا ہے۔

حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ "الترغيب والترهيب"[۲] میں حکم بن عبد اللہ کے بارے میں فرماتے ہیں: "متروك، متهم".

حافظ ابن خلفون رحمۃ اللہ علیہ نے "أسماء شيوخ الإمام مالك"[۳] میں چند راویوں کے نام ذکر کر کئے ہیں جن میں حکم بن عبد اللہ اَیْلِی کا نام بھی مذکور ہے، اس کے بعد فرمایا ہے: "وهؤلاء هم المتروكون".

حافظ ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ نے "توضيح المشتبة"[۴] میں حکم بن عبد اللہ کو "منكر الحديث" کہا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[۵] میں فرماتے ہیں: "متروك، متهم". یہ متروک، متہم ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت کے علاوہ ایک دوسری حدیث کے تحت حکم بن عبد اللہ کو "نتائج الأفكار"[۶] اور "التلخيص الحبير"[۷]

---

[۱] معرفة التذكرة: ص: ۱۰۱، رقم: ۱۱۶، ت: عماد الدين أحمد حيدر، مؤسسة الكتب الثقتفية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۰٦هـ.

[۲] الترغيب والترهيب: ۳۸۲/۲، رقم: ٥، ت: إبراهيم شمس الدين، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

[۳] أسماء شيوخ الإمام مالك بن أنس: ص: ۱۰۹، ت: محمد زينهم محمد عزب، مكتبة الثقافة الدينية ـ الظاهر.

[۴] توضيح المشتبة: ۱۳۱/۱، ت: محمد نعيم العرقسوسي، مؤسسة الرسالة ـ بيروت.

[۵] المغني في الضعفاء: ۲۷۱/۱، رقم: ۱٦٥۷، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[۶] نتائج الأفكار: ٦٥/٤، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، دار ابن كثير ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[۷] تلخيص الحبير: ٥٢١/١، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ

میں "ضعیف جدا"، جبکہ "الدرایة"[1] میں "واہ جدا" اور "المطالب العالیة"[2] میں "ضعیف بمرة" کہا ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزیہ الشریعة"[3] میں حکم بن عبد اللہ کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شمار کیا ہے۔

روایت کا حکم

سند میں موجود راوی حکم بن عبد اللہ اَیْلِی کے بارے میں درج ذیل ائمہ حدیث نے جرح کے شدید الفاظ استعمال کئے ہیں:

امام عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن معین رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن مدینی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ احمد بن صالح مصری رحمۃ اللہ علیہ، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ، حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن ابی الحواری رحمۃ اللہ علیہ، حافظ یحیی بن حسان تِنِّیْسِی رحمۃ اللہ علیہ، امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ، امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ عبد الحق اشبیلی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن خلفون رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ۔

بیروت،الطبعة الأولی ١٤١٩هـ.

[1] الدرایة في تخریج أحادیث الهدایة: ٢٠٩/١،رقم: ٢٧١،ت:عبد الله هاشم الیماني،دار المعرفة ـ بیروت .

[2] المطالب العالیة: ١١٦/١٤،رقم: ٣٤٠٥،ت:أحمد بن محمد بن عبد الله بن حمید،دار العاصمة ـ الریاض،الطبعة الأولی ١٤٢٠هـ.

[3] تنزیه الشریعة: ٥٤/١،رقم: ٤٧،ت:عبد الله محمد الصدیق الغماري،دار الکتب العلمیة ـ بیروت،الطبعة الثانیة ١٤٠١هـ.

جیسے: لیس بشیءہے، لیس بثقہ ہے، اس کی حدیث کو نہ لکھا جائے، حکم اَیُلِی کی احادیث من گھڑت ہیں، محدثین نے اس کو ترک کیا ہے، جاہل، کذاب ہے، متروک الحدیث ہے، اس کی حدیث اس پر دے مارو، ثبت لوگوں کے انتساب سے من گھڑت روایات نقل کرتا ہے، یہ حکم حدیث گھڑتا ہے، متہم ہے، شدید ضعیف ہے، ضعیف بمرہ، واہ جداً۔

نیز خاص اس تناظر میں کہ حکم بن عبداللہ اَیُلِی اس روایت کے نقل میں متفرد بھی ہے یہ روایت کسی بھی طرح ضعف شدید سے خالی نہیں ہو سکتی، لہٰذا اسے رسول اللہ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ②

روایت: "أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يعبث بلحيته في الصلاة، فقال: لو خشع قلبه، لخشعت جوارحه".

آپ ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا وہ نماز میں اپنی داڑھی سے کھیل رہا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا، تو ضرور اس کے اعضاء پُر سکون رہتے۔

حکم: شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے، حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے بیٹے حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معروف قول کے مطابق یہ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے، جو انہوں نے ایک شخص کو دوران نماز داڑھی سے کھیلتے ہوئے دیکھ کر کہا تھا، انتہی، اس لئے اسے سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کی جانب منسوب کرنا چاہئے، آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

یہ روایت تین سندوں سے منقول ہے:

① روایت بطریق ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی ② روایت بطریق ابو جارود زیاد بن منذر کوفی ③ روایت بطریق حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

① روایت بطریق ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی

حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ "نوادر الأصول"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

---

[1] نوادر الأصول في أحاديث الرسول:٥٠٤/٥،رقم:١٣٠٥،وفيه أيضا:٨/٤،رقم:٨٢٤،ت:توفيق محمود تكله،دار النوادر ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

”حدثنا صالح بن محمد، حدثنا سليمان بن عمرو، عن محمد بن عجلان، عن المَقْبُرِي، عن أبي هريرة رضي الله عنه، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يعبث بلحيته في الصلاة، فقال: لو خشع قلبه، لخشعت جوارحه“.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ نماز میں اپنی داڑھی سے کھیل رہا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا، تو ضرور اس کے اعضاء پُر سکون رہتے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ ”تخريج أحاديث الكشاف“[1] میں زیر بحث روایت ذکر کرکے فرماتے ہیں: ”وسليمان بن عمرو هذا يشبه أن يكون هو أبو داود النَخَعِي، فإني لم أجد أحدا في هذه الطبقة غيره، وقد اتفقوا على ضعفه، قال ابن عدي: أجمعوا على أنه يضع الحديث“.

اور سلیمان بن عمرو لگتا ہے کہ یہ ابو داود نَخَعِی ہے، کیونکہ میں نے اس طبقہ میں اس کے علاوہ کسی کو (یعنی سلیمان بن عمرو کے نام سے) نہیں پایا، اس کے ضعف پر محدثین نے اتفاق کیا ہے، ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: محدثین نے اس پر اجماع کیا ہے کہ یہ شخص حدیث گھڑتا تھا۔

---

[1] تخريج أحاديث الكشاف:۲/۴۰۰،رقم:۸۲۸،ت:سلطان بن فهد،دار ابن خزيمة ـ الرياض،الطبعة الأولى ۱٤۱٤هـ.

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[1] میں یہ روایت ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "أخرجه الترمذي الحكيم في النوادر من حديث أبي هريرة بسند ضعيف، إنه من قول سعيد بن المسيب، رواه ابن أبي شيبة في المصنف، وفيه رجل لم يسم".

اس کو حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "نوادر" میں ضعیف سند کے ساتھ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے تخریج کیا ہے، بلاشبہ یہ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، جسے ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے مصنف میں نقل کیا ہے، اور اس کی سند میں (یعنی ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ کی سند میں) ایک راوی کا نام مذکور نہیں ہے۔

نیز حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ ابن زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ "تکملة طرح التثريب"[2] میں یہ روایت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے طور پر نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "هذا هو المعروف في هذا أنه عن ابن المسيب، وفي إسناده من لم يسم، وقد رواه الحكيم الترمذي في نوادر الأصول مرفوعا من حديث أبي هريرة، وفيه سليمان بن عمرو مجمع على ضعفه".

اس کے بارے میں معروف یہ ہے کہ یہ ابن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، اور اس کی سند میں ایک راوی کا نام ذکر نہیں ہے، حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو

---

[1] المغني عن حمل الأسفار: ۱۷۸/۱، دار ابن حزم ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۲٦هـ.

[2] طرح التثريب: ۳۷۳/۲، دار إحياء التراث العربي ـ بيروت.

"نوادر" میں ضعیف سند کے ساتھ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے مرفوعاً نقل کیا ہے، اس سند میں سلیمان بن عمرو ہے، جس کے ضعف پر اجماع ہے۔

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے "فیض القدیر"[1] میں حافظ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ کے درج بالا کلام کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

نیز علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ "الفتح السماوي"[2] میں فرماتے ہیں: "أخرجه الحكيم الترمذي في نوادر الأصول بسند ضعيف من حديث أبي هريرة، وفيه: سليمان بن عمرو وهو أبو داود النَخَعِي، أحد من اتهم بوضع الحديث".

اس کو حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "نوادرالاصول" میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے تخریج کیا ہے، اس کی سند میں سلیمان بن عمرو ہے، اور وہ ابوداود نَخَعِی ہے، یہ ان میں سے ایک ہے جنہیں حدیث گھڑنے میں متہم قرار دیا گیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "الكافي الشاف"[3] میں یہ حدیث ذکر

---

[1] فيض القدير: ٥/٤٠٦، رقم: ٧٤٤٧، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٣٩١هـ.

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "قال الزين العراقي في شرح الترمذي: وسليمان بن عمر وهو أبو داود النَخَعِي متفق على ضعفه، وإنما يعرف هذا عن ابن المسيب، وقال في المغني: سنده ضعيف، والمعروف: أنه من قول سعيد، ورواه ابن أبي شيبة في مصنفه، وفيه رجل لم يسم، وقال ولده: فيه سليمان بن عمرو مجمع على ضعفه، وقال الزيلعي: قال ابن عدي: أجمعوا على أنه يضع الحديث".

[2] الفتح السماوي: ٢/٨٥٤، رقم: ٧٣٢، ت: أحمد مجتبى السلفي، دار العاصمة ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٩هـ.

[3] الكافي الشاف: ص: ١٩٤، رقم: ٧١٨، دار إحياء التراث العربي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

کرکے فرماتے ہیں: ”الحكيم الترمذي في النوادر في السادس والأربعين بعد المائة من حديث أبي هريرة، وفيه سليمان بن عمرو وهو أبوداود النَخَعِي، أحد من التهم بوضع الحديث“.

حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ”نوادر“ میں ایک سوچھیالیس میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے تخریج کیا ہے، اس کی سند میں سلیمان بن عمرو ہے اور وہ ابوداود نَخَعِی ہے، یہ ان میں سے ایک ہے جنہیں حدیث گھڑنے میں متہم قرار دیا گیا ہے۔

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ ”التنویر“[1] میں لکھتے ہیں: ”رمز المصنف لضعفه، لأن فيه سليمان بن عمرو النَخَعِي، قال العراقي في شرح الترمذي: سليمان بن عمرو هو أبو داود النَخَعِي، متفق على ضعفه، قال الزيلعي: أجمعوا على أنه يضع الحديث، والمعروف أنه من قول سعيد بن المسيب، ورواه ابن أبي شيبة، وفيه راو لم يسم“.

مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر ضعف کی علامت لگائی ہے، اس لئے کہ اس میں سلیمان بن عمرو نَخَعِی ہے، عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے ”شرح ترمذی“ میں کہا ہے: سلیمان بن عمرو ابو داؤد نَخَعِی ہے، جو کہ متفق علیہ ضعیف ہے، زیلعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ اس پر اجماع ہے کہ یہ حدیث گھڑتا ہے، اور اس روایت کے بارے میں معروف یہ ہے کہ یہ ابن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، اور اسے ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے، اور اس میں ایک راوی کا نام مذکور نہیں ہے۔

---

[1] التنوير: ١٥١/١، رقم: ٧٤٢٩، ت: محمد إسحاق محمد إبراهيم، مكتبة دار السلام ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣٢هـ.

سند میں موجود راوی ابو داؤد سلیمان بن عمرو بن عبد اللہ بن وہب نَخَعِی فاسی عامری کوفی قاضی (المتوفی مابین ۱۹۰ – ۲۰۰ھ [۱]) کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ابو الولید طیالسی رحمۃ اللہ علیہ شریک سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ”مالقينا من ابن عم لنا سليمان بن عمرو النَخَعِي من كثرة ما يكذب في الحديث“ [۲]. ہمیں اپنے چچا کی اولاد میں سلیمان بن عمرو نَخَعِی جیسا کثرت سے حدیث میں جھوٹ بولنے والا نہ ملا۔

حافظ ابو الولید طیالسی رحمۃ اللہ علیہ نے بذات خود سلیمان بن عمرو کو ”كذاب“ کہا ہے [۳]۔

امام اسحاق ابن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”لا أرى في الدنيا أكذب منه“ [۴]. میں نے دنیا میں اس سے زیادہ جھوٹ بولنے والا نہیں دیکھا۔

---

[۱] امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ”التاریخ الصغیر“ میں موصوف کو ان افراد میں ذکر کیا ہے جن کا انتقال ۱۹۰ اور ۲۰۰ھ کے درمیان ہوا ہے (التاريخ الصغير: ۲۴۴/۲ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱۴۰۶هـ).

[۲] الجرح والتعديل: ۱۳۲/۴،رقم:۵۷۶،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱۳۷۲هـ.

[۳] سؤالات البرذعي:ص: ۲۴۰،رقم:۴۲۳،ت:أبو عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثية ـ القاهرة، الطبعة الأولى ۱۴۳۰هـ.

[۴] لسان الميزان: ۱۶۶/۴،رقم:۳۶۳۳،ت:عبدالفتاح أبو غدة،مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱۴۲۳هـ.

ان الفاظ کا سیاق ”سؤالات البَرذَعی“ میں ان الفاظ سے ہے: ”حدثني مسلم بن الحجاج، قال: سمعت إسحاق بن راهوية، قال: أتيت أبا داود سليمان بن عمرو، فقلت في نفسي: لأسألنه عن شيء لا أعرف فيه من قول المتقدمين شيئا، فقلت له: يا أبا داود! ما عندك في التوقيت بين دمي المرأة في أقله وأكثره؟ فقال: أخبرنا أبو طوالة، عن أنس، ويحيى بن سعيد، عن سعيد بن المسيب، وفلان، عن فلان، عن معاذ بن جبل، قالوا: أقل الحيض ثلاث، وأكثره عشر، وما بين دمي المرأة خمسة عشر، فقلت في نفسي: اذهب، فليس في الدنيا أكذب منك.

حدثني أبو زرعة، حدثنا أبو علي القُهُستَاني، عن إسحاق بن راهوية، قال: جلست إلى سليمان بن عمرو، فقلت: ما تقول في الراهن والمرتهن، يختلفان؟ فقال: حدثنا عبيد الله، عن نافع، عن ابن عمر. وحدثنا أبو

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ "الجرح والتعدیل"[1] **میں فرماتے ہیں:** "كان في النَخَع شيخان ضعيفان يضعان الحديث، ويفتعلان: أحدهما سليمان بن عمرو النَخَعِي، وهو ذاهب الحديث، متروك الحديث، كان كذابا، وامتنع من قراءة حديثه".

نَخَع میں دو شیوخ ضعیف ہیں، دونوں احادیث گھڑتے، تراشتے تھے: ان میں ایک تو سلیمان بن عمرو نَخَعِی ہے، یہ ذاہب الحدیث، متروک الحدیث ہے، یہ کذاب تھا، (عبد الرحمن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میرے والد) ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ ان کی احادیث پڑھنے سے رک گئے تھے۔

حافظ ابو زرعہ رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان آية، وذكر عنه أشياء منكرة، وغلظ القول فيه جدا"[2]. **وہ آیت تھا، اس کے بعد ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے ابو داؤد نَخَعِی کی منکر چیزیں نقل کیں، اور ان کے بارے میں بہت زیادہ سخت بات کہی۔**

حافظ ابو زرعہ رازی رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "آفة من الآفات"[3].

حازم، عن سهل بن سعد، قالا: القول قول الراهن، فقلت: لا أدري في الدنيا أكذب من هذا" (سؤالات البرذعي:ص:٢٤٠،رقم:٤٢٤،٤٢٥،ت:أبو عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثية ـ القاهرة،الطبعة الأولى ١٤٣٠هـ).

[1] الجرح والتعديل:١٣٢/٤،رقم:٥٧٦،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[2] الجرح والتعديل:١٣٢/٤،رقم:٥٧٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[3] سؤالات البرذعي لأبي زرعة:ص:٣٢٨،رقم:١٣٢،ت:أبو عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثية ـ القاهرة،الطبعة الأولى ١٤٣٠هـ.

امام علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان من الدجالين"[1]. یہ دجالوں میں سے تھا۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وأبو داود النَخَعِي اسمه سليمان بن عمرو، كان رجل سوء، كذاب خبيث، قدري، ولم يكن ببغداد رجل إلا وهو خير من أبي داود النَخَعِي، كان يضع الحديث"[2]. ابوداؤد نَخَعِی اس کا نام سلیمان بن عمرو ہے، یہ ایک برا، کذاب اور خبیث آدمی تھا، اور قدری تھا، بغداد کا ہر فرد ابوداود نَخَعِی سے بہتر تھا، یہ حدیث گھڑتا تھا۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "وكان أكذب الناس"[3]. اور یہ لوگوں میں سب سے بڑا جھوٹا تھا۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "كذاب النَخَع"[4]. نَخَع کا کذاب ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "أبو داود النَخَعِي، واسمه: سليمان بن عمرو، وكان كذابا، سئل شريك عن [كذا في الأصل، والصحيح: بن، كما في الضعفاء الكبير[5]] عبد الله عنه فقال: ذلك كذاب النَخَع"[6]. ابوداود نَخَعِی

---

[1] لسان الميزان: ٤/١٦٦، رقم: ٣٦٣٣، ت: عبدالفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية۔ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[2] تاريخ يحيي بن معين برواية الدوري: ١/٤٠١، رقم: ٢٧١٦، ت: عبد الله أحمد حسن، دار القلم ۔بيروت.

[3] تاريخ يحيي بن معين برواية الدوري: ٢/٣٠٦، رقم: ٤٩٦٧، ت: عبد الله أحمد حسن، دار القلم ۔بيروت.

[4] معرفة الرجال برواية ابن محرز: ١/٥١، رقم: ٩، ت: محمد كامل القصار، مطبوعات مجمع اللغة العربية ۔ دمشق، الطبعة ١٤٠٥هـ.

[5] الضعفاء الكبير: ٢/١٣٥، رقم: ٦٢٠، ت: عبد المعطي أمين قلعجي، دار الكتب العلمية۔بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[6] العلل ومعرفة الرجال: ٢/٥٤٢، رقم: ٣٥٦٩، ت: وصي الله بن محمد عباس، دار الخاني ۔الرياض، الطبعة الثانية ١٤٢٢هـ.

کا نام سلیمان بن عمرو ہے، اور یہ کذاب ہے، شریک بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے اس کے بارے میں پوچھا گیا تو شریک رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ یہ نَخَع کا کذاب ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "أبو داود النَخَعِي من أكذب الناس"[1]. ابو داود نَخَعِی لوگوں میں سب سے بڑا جھوٹا ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الكبير"[2] میں فرماتے ہیں: "معروف بالكذب، قال قتيبة وإسحاق". یہ جھوٹ بولنے میں معروف ہے، یہ بات قتیبہ اور اسحاق نے کہی ہے۔

یہی کلام امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "الضعفاء الصغير"[3] میں بھی کیا ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الصغير"[4] میں فرماتے ہیں: "رماه قتيبة و إسحاق بالكذب". قتیبہ اور اسحاق نے اسے جھوٹ بولنے میں متہم قرار دیا ہے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ "الكنى"[5] میں فرماتے ہیں: "رماه إسحاق وقتيبة".

حافظ ابراہیم بن یعقوب جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ "أحوال الرجال"[6] میں فرماتے ہیں: "كان يضع الحديث". یہ حدیث گھڑتا تھا۔

---

[1] مسائل الإمام أحمد بن حنبل وإسحاق بن راهوية برواية المروزي:٤٦٣١/٩،رقم:٣٢٨٦،الجامعة الإسلامية ـ المدينة المنورة،الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

[2] التاريخ الكبير:٤٦/٤، رقم: ١٨٥٣،ت:مصطفى عبد القادر أحمد عطا،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[3] الضعفاء الصغير:ص:٥٥،رقم:١٤٤،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٠٦هـ.

[4] التاريخ الصغير:٢٦٦/٢،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٠٦هـ.

[5] الكنى و الأسماء:ص:٣٠٢،رقم:١٠٧٢،ت:عبد الرحيم محمد أحمد القشقري،الجامعة الإسلامية ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[6] أحوال الرجال:ص: ٣٣٠،رقم:٣٥٩،ت:عبد العليم عبد العظيم البستوي،حديث أكادمي ـ فيصل آباد ـ باكستان،الطبعة الأولى ١٤١١هـ.

حافظ یعقوب بن سفیان فَسَوِی رحمۃ اللہ علیہ "المعرفة والتاريخ"[1] میں فرماتے ہیں: "أبو داود النَخَعِي، اسمه سليمان بن عمرو، قدري، رجل سوء، كذاب، كان يكذّب مجاوبه". ابو داؤد نَخَعِی کا نام سلیمان بن عمرو ہے، یہ قدری ہے، برا شخص ہے، جھوٹا ہے، یہ اپنے جواب دینے والے کو جھوٹا کہتا تھا۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكين"[2] میں فرماتے ہیں: "متروك الحديث". یہ متروک الحدیث ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[3] میں فرماتے ہیں: "وكان رجلا صالحا في الظاهر إلا أنه [كان] يضع الحديث وضعا، وكان قدريا، لا تحل كتابة حديثه إلا على جهة الاختبار، ولا ذكره إلا من طريق الاعتبار". یہ ظاہر میں ایک نیک اور صالح آدمی تھا، البتہ یہ یقیناً حدیثیں گھڑتا تھا، اور یہ قدری تھا، اس کی حدیثوں کو امتحان کے طور پر لکھنا حلال ہے، اور اس کا ذکر صرف اعتبار کے طور پر کرنا حلال ہے۔

حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ "قبول الأخبار"[4] میں فرماتے ہیں: "كان رجل سوء، كذابا". یہ برا شخص تھا، کذاب تھا۔

---

[1] المعرفة والتاريخ:۵۷/۳،ت:أكرم ضياء العمري،مكتبة الدار ـ المدينة المنورة،الطبعة الأولى ۱٤۱۰هـ.

[2] الضعفاء والمتروكين للنسائي:ص:۱۸۵،رقم:۲٤۷،ت:محمد إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۰٦هـ.

[3] المجروحين:۳۳۳/۱،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ۱٤۱۲هـ.

[4] قبول الأخبار ومعرفة الرجال:۳۷۳/۲،رقم:۹۸۵،ت:أبي عمرو الحسيني بن عمر،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۲۱هـ.

حافظ یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لا يحل لأحد أن يروي عن سليمان بن عمرو النَخَعِي الكوفي"[1]. کسی کے لئے بھی حلال نہیں کہ وہ سلیمان بن عمرو نَخَعِی کوفی سے روایت کرے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الکامل"[2] میں فرماتے ہیں: "وسليمان بن عمرو اجتمعوا على أنه يضع الحديث". اور سلیمان کے بارے میں ائمہ کا اجماع ہے کہ وہ حدیثیں گھڑتا تھا۔

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكون"[3] میں فرماتے ہیں: "كذاب، رماه أحمد بن حنبل بالكذب". یہ کذاب ہے، احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اسے کذب کی طرف منسوب کیا ہے۔

حافظ ابو احمد حاکم رحمۃ اللہ علیہ "الأسامي والكنى"[4] میں فرماتے ہیں: "متروك الحديث".

حافظ احمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ ایک روایت کے تحت فرماتے ہیں: "معلى هذا أحد السبعة الكذابين الذين يضعون الحديث بالكوفة، منهم: معلى،

---

[1] الكامل في الضعفاء: ٢٢٠/٤، رقم: ٧٣٣، ت: عادل أحمد عبدالموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[2] الكامل في الضعفاء: ٢٢٨/٤، رقم: ٧٣٣، ت: عادل أحمد عبدالموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[3] الضعفاء والمتروكون: ص: ٤٠٩، رقم: ٦١٤، ت: موفق بن عبد الله بن عبد القادر، مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[4] الأسامي والكنى: ١٩٧/٣، رقم: ٢٣١٠، ت: أبي عمر محمد بن علي الأزهري، الفاروق الحديثية ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤٣٦هـ.

وأبو داود سليمان بن عمرو النَخَعِي"[1]. یہ معلی اُن سات جھوٹوں میں سے ہے جو کوفہ میں حدیث گھڑتے ہیں، ان میں سے معلی ہے، اور ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی ہے۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ "المدخل"[2] میں فرماتے ہیں: "روى عن أهل المدينة وأهل الشام عن الأئمة الثقات أحاديث موضوعة، كذبه أحمد وغيره، ولست أشك في وضعه الحديث على ما ذكر من تقشفه وكثرة عبادته". یہ مدینہ اور شام کے ثقہ ائمہ کے انتساب سے من گھڑت حدیثیں نقل کرتا تھا، اسے احمد رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے علاوہ نے کذاب کہا ہے، اور مجھے اس کے حدیثیں گھڑنے میں ذرا سا بھی شک نہیں ہے، باوجودیکہ اس کے بارے میں تنگ حال رہنا اور کثرت سے عبادت کرنے کا ذکر کیا جاتا ہے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "كذاب، يضع الحديث، يروي عن جماعة من التابعين، ويقال له: أبو داود النَخَعِي"[3]. یہ جھوٹا ہے، حدیث گھڑتا ہے، تابعین کی ایک جماعت سے روایت کرتا ہے، اور اسے ابو داؤد نَخَعِی کہا جاتا ہے۔

حافظ عثمان بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان حفص بن غياث لا يقطع

---

[1] الأسامي والكنى:۱۹۷/۳،رقم:۲۳۱۰،ت:أبي عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثية ۔ القاهرة،الطبعة الأولى۱٤۳٦هـ.

[2] المدخل إلى الصحيح:ص:۱٤۲،رقم:۷۰،ت:ربيع بن هادي عمير المدخلي،مؤسسة الرسالة ۔ بيروت،الطبعة الأولى۱٤۰٤هـ.

[3] سؤالات السجزي للحاكم:۹۸/۱،رقم:٦۹،ت:موفق بن عبد الله بن عبد القادر،دار الغرب الإسلامي ۔ بيروت، الطبعة الأولى۱٤۰۸هـ.

على أحد بالكذب إلا على أبي داود النَخَعِي"[1]. حفص بن غیاث کسی کو قطعی طور پر جھوٹا نہیں کہتے تھے سوائے ابو داود نَخَعِی کے۔

حافظ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ "الاستغناء"[2] میں فرماتے ہیں: "هو عندهم كذاب يضع الحديث،كذبه يحيى وأحمد وقتيبة وشريك وإسحاق، وتابعهم سائر أهل العلم بالحديث وتركوا حديثه". یہ ائمہ کے نزدیک کذاب ہے، حدیثیں گھڑتا ہے، اسے یحیی رحمۃ اللہ علیہ، احمد رحمۃ اللہ علیہ، قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ شریک رحمۃ اللہ علیہ اور اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے جھوٹا قرار دیا ہے، اور دیگر اہل علم نے ان کی اتباع کی ہے، اور انہوں نے اس کی حدیث کو ترک کر دیا ہے۔

حافظ عبد الحق اشبیلی رحمۃ اللہ علیہ "الأحكام الوسطى"[3] میں فرماتے ہیں: "أجمعوا على أن أبا داود بن عمرو كان يضع الحديث". اس بات پر اجماع ہے کہ ابو داؤد بن عمرو حدیث گھڑتا تھا۔

حافظ جوزقانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الأباطيل والمناكير"[4] میں ایک حدیث کے

---

[1] معرفة الرجال عن يحيي بن معين:٢٤٥/٢،رقم:٨٤٣،ت:محمد كامل القصار،مجمع اللغة العربية ـ دمشق، الطبعة ١٤٠٥هـ.

[2] الإستغناء في معرفة المشهورين:٦٠٧/١،رقم:٦٧٣،ت:عبد الله مرحول السوالمة،دار ابن تيمية ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

[3] الأحكام الوسطى:١٣٤/٣،ت:حمدي السلفي وصبحي السامرائي،مكتبة الرشد ـ الرياض،الطبعة ١٤١٦هـ.

[4] الأباطيل والمناكير:٤/١،رقم:٣،ت:عبد الرحمن عبد الجبار الفريوائي،المطبعة السلفية ـ الهند،الطبعة الأولى ١٤٠٣هـ.

حافظ جوزقانی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "منهم: محمد بن السائب الكلبي، وعمرو بن عبيد المعتزلي، ووهب بن وهب القاضي، ومحمد بن سعيد الشامي المصلوب في الزندقة، وأبو داود سليمان بن عمرو النَخَعِي، وإسحاق بن نجيح المَلَطِي، وأحمد بن الحسن بن أبان المصري، وغياث بن إبراهيم النَخَعِي، والمغيرة بن سعيد الكوفي، وأحمد بن عبد الله الجُوَيْبَارِي، ومأمون بن أحمد الهروي السلمي، ومحمد بن عكاشة الكِرْمَانِي، ومحمد

تحت چند کذاب اور وضاع راویوں کو ذکر کیا ہے، جن میں ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی بھی موجود ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "میزان الاعتدال"[1] میں فرماتے ہیں: "سليمان بن عمرو، أبو داود النَخَعِي الكذاب". سلیمان بن عمرو، ابوداؤد نَخَعِی کذاب ہے۔

علامہ سبط ابن العجمی رحمۃ اللہ علیہ نے "الكشف الحثيث"[2] میں سلیمان بن عمرو کو "کذاب" کہہ کر امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ شریک رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال ذکر کئے ہیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "لسان الميزان"[3] میں فرماتے ہیں: "الكلام فيه لا يحصر، فقد كذبه ونسبه إلى الوضع من المتقدمين والمتأخرين ممن نقل كلامهم في الجرح أو ألفوا فيه فوق الثلاثين نفسا". میں (ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں کہ اس پر کئے گئے کلام کا شمار کرنا ممکن نہیں، چنانچہ اس کو جھوٹا قرار دینے والے، اور وضع حدیث کی جانب منسوب کرنے والے متقدمین اور متاخرین میں سے تیس سے زائد ایسے افراد ہیں جن کا کلام جرح میں نقل کیا گیا

بن القاسم الطَايْكَانِي، وغيرهم، ممن يطول ذكرهم في هذا الموضع، فهؤلاء كلهم كذابون وضاعون، لا يجوز قبول خبرهم، ولا الاحتجاج بحديثهم، ويجب على الحفاظ بيان أمورهم، وإظهار أحوالهم وأديانهم، وليترك حديثهم، ولا يكون ذلك غيبة".

[1] ميزان الاعتدال: ٢١٦/٢، رقم: ٣٤٩٥، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[2] الكشف الحثيث: ص: ١٣٠، رقم: ٣٣١، ت: صبحي السامرائي، مكتبة النهضة العربية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٧هـ.

[3] لسان الميزان: ١٦٦/٤، رقم: ٣٦٣٣، ت: عبد الفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

جاتا ہے یا انہوں نے فن جرح پر کوئی تالیف کی ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزیہ الشریعۃ"[1] میں ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شمار کرکے حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

روایت بطریق سلیمان بن عمرو کوفی کا حکم

حافظ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت کو ذکر کرکے اس کے ضعف شدید کی طرف اشارہ کیا ہے۔

نیز سند میں موجود راوی سلیمان بن عمرو کو درج ذیل ائمہ رجال نے بڑا جھوٹا، اکذب الناس اور حدیث گھڑنے والا قرار دیا ہے:

حافظ شریک رحمۃ اللہ علیہ، امام اسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابوزرعہ رحمۃ اللہ علیہ، امام ابن مدینی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ حافظ ابراہیم بن یعقوب جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ یعقوب بن سفیان فَسَوِی رحمۃ اللہ علیہ، امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ احمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ، حافظ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ، حافظ عثمان بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ، حافظ عبد الحق اشبیلی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ جوزقانی رحمۃ اللہ علیہ

[1] تنزیہ الشریعة: ٦٥/١، رقم: ٥٢، ت: عبد الوھاب عبد اللطیف وعبد اللہ محمد الصدیق، دار الکتب العلمیة ۔ بیروت، الطبعة الثانیة ١٤٠١ھ۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ۔

لہذا اس سند سے اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

② روایت بطریق ابو جارود زیاد بن منذر کوفی

یہ روایت امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "جمع الجوامع"[1] میں عسکری رحمۃ اللہ علیہ کی مواعظ کے حوالہ سے ذکر کی ہے:

"عن علي قال: أبصر رسول الله صلى الله عليه وسلم رجلا يعبث بلحيته في الصلاة، فقال: أما هذا لو خشع قلبه لخشعت جوارحه".

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ نماز میں اپنی داڑھی سے کھیل رہا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا تو ضرور اس کے اعضاء پُر سکون رہتے۔

نوٹ: واضح رہے کہ بندہ کو تاحال "مواعظ عسکری" دستیاب نہیں ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ "جمع الجوامع"[2] میں زیر بحث روایت ذکر کرنے کے فرماتے ہیں: "العسكري في المواعظ، وفيه: زياد بن المنذر متروك".

---

[1] جمع الجوامع:۲۳۸/۱۸،رقم:۲۰۰۳،،دار السعاده،الطبعة۱٤۲٦ھـ۔

[2] جمع الجوامع:۲۳۸/۱۸،رقم:۲۰۰۳،،دارالسعاده،الطبعة۱٤۲٦ھـ۔

عسکری رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو مواعظ میں نقل کیا ہے، اس کی سند میں زیاد بن منذر ہے، جو کہ متروک ہے۔

علامہ علاء الدین علی متقی ہندی رحمۃ اللہ علیہ نے "کنز العمال"[1] میں علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

سند میں موجود راوی ابو الجارود زیاد بن منذر اعمی ثقفی کوفی (المتوفی مابین ۱۵۰ – ۱۶۰ھ[2]) کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ابن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كذاب، عدو الله، ليس يساوي فلسا"[3]. جھوٹا ہے، اللہ کا دشمن ہے، ایک پیسہ کے برابر بھی نہیں ہے۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ ہی ایک جگہ فرماتے ہیں: "أبو الجارود، زياد بن المنذر، وليس بثقة"[4]. ابو الجارود زیاد بن منذر ثقہ نہیں ہے۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "وهو كذاب خبيث"[5].

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الكبير"[6] میں فرماتے ہیں: "يتكلمون فيه".

---

[1] كنز العمال: ١٩٧/٨، رقم: ٢٢٥٣٠، ت: بكري حياني، دار الرسالة العالمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٣٣هـ.
[2] امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ابو الجارود زیاد بن منذر کو ان افراد میں ذکر کیا ہے جن کا انتقال ۱۵۰ اور ۱۶۰ھ کے درمیان ہوا ہے (التاريخ الصغير: ١٠٤/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ).
[3] الكامل: ١٣٢/٤، رقم: ٦٩٠، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.
[4] تاريخ يحيي بن معين برواية الدوري: ٣٢٥/١، رقم: ٢١٨٠، ت: عبد الله أحمد حسن، دار القلم ـ بيروت.
[5] تاريخ يحيي بن معين برواية الدوري: ٣٣٣/١، رقم: ٢٢٤٣، ت: عبد الله أحمد حسن، دار القلم ـ بيروت.
[6] التاريخ الكبير: ٣٧١/٣، رقم: ١٢٥٥، ت: مصطفى عبد القادر أحمد عطاء، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

محدثین نے اس کے بارے میں کلام کیا ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاریخ الصغیر"[1] میں فرماتے ہیں: "رماه ابن معين".

حافظ یزید بن زریع رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابو عوانہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہا: "لا تحدث عن أبي الجارود، فإنه أخذ كتابه فأحرقه"[2]. ابو الجارود سے نقل کرکے حدیث بیان نہ کر، کیونکہ اس نے اپنی کتاب لے کر اسے جلا دیا تھا۔

حافظ ابو عبد الرحمن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے ابو الجارود زیاد بن منذر کے بارے میں سنا: "متروك الحديث، وضعفه جدا"[3]. یہ متروک الحدیث ہے، اور انہوں نے اس کی شدید تضعیف کی۔

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "منكر الحديث جدا"[4].

حافظ ابوزرعہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ضعيف الحديث، واهي الحديث"[5].

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "متروك الحديث"[6].

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "ليس بثقة"[7].

---

[1] التاريخ الصغير: ١٣٧/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[2] الجرح والتعديل: ٥٤٦/٣، رقم: ٢٤٦٢، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[3] العلل ومعرفة الرجال: ٣٨٢/٣، رقم: ٥٦٧٨، ت: وصي الله بن محمد عباس، دار الخاني ـ الرياض، الطبعة الثانية ١٤٢٢هـ.

[4] الجرح والتعديل: ٥٤٦/٣، رقم: ٢٤٦٢، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[5] الجرح والتعديل: ٥٤٦/٣، رقم: ٢٤٦٢، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[6] الضعفاء المتروكين للنسائي: ص: ١٨١، رقم: ٢٢٥، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[7] تهذيب الكمال: ٥١٩/٩، رقم: ٢٠٧٠، ت: بشار عواد معروف، مؤسسة الرسالة ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠٧هـ.

حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ "قبول الأخبار"[1] **میں فرماتے ہیں:** "كذاب، خبيث".

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[2] **میں فرماتے ہیں:** "كان رافضيا، يضع الحديث في مثالب أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، ويروى في فضائل أهل البيت أشياء مالها أصول، لا تحل كتابة حديثه". **رافضی ہے، اصحاب نبی** صلی اللہ علیہ وسلم **کی خامیاں نکالنے کے لئے حدیث گھڑتا ہے، اور اہل بیت کے فضائل میں ایسی چیزوں کو روایت کرتا ہے جن کی کوئی اصل نہیں ہے، اس کی حدیث کو لکھنا حلال نہیں ہے۔**

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الكامل"[3] **میں فرماتے ہیں:** "وهذه الأحاديث الذي أمليتها، مع سائر أحاديثه التي لم أذكرها، عامتها غير محفوظة، وعامة ما يروي زياد بن المنذر هذا في فضائل أهل البيت، وهو من المعدودين من أهل الكوفة الغالين، وله: عن أبي جعفر تفسير، وغير ذلك، ويحيى بن معين إنما تكلم فيه، وضعفه، لأنه يروي أحاديث في فضائل أهل البيت، ويروي ثلب غيرهم ويفرط، فلذلك ضعفه، مع [أن] أبا الجارود هذا أحاديثه عمن يروي عنهم فيها نظر".

اور یہ احادیث جو میں نے لکھوائی ہیں اُن تمام احادیث کے ساتھ جن کو

---

[1] قبول الأخبار ومعرفة الرجال: ٣٧٢/٢، رقم: ٩٨٤، ت: أبي عمرو الحسيني بن عمر، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

[2] المجروحين: ٣٠٦/١، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

[3] الكامل في الضعفاء: ١٣٦/٤، رقم: ٦٩٠، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

میں نے ذکر نہیں کیا، ان میں اکثر غیر محفوظ ہیں، اور یہ زیاد بن منذر اکثر اہل بیت کے فضائل روایت کرتا ہے، اور اس کا شمار کوفہ کے غالی لوگوں میں ہوتا ہے، اور اس کی ابو جعفر کے انتساب سے تفسیر وغیرہ بھی ہے، اور یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے بارے میں کلام کرکے اس کی تضعیف کی ہے، کیونکہ یہ اہل بیت کے فضائل میں احادیث نقل کرتا تھا، جبکہ دسروں کے مثالب نقل کرتا تھا، اور افراط کرتا تھا، یہی وجہ ہے کہ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تضعیف کی ہے، نیز یہ ابو الجارود جن لوگوں سے روایت کرتا ہے ان میں بھی نظر ہے۔

حافظ ابو احمد حاکم رحمۃ اللہ علیہ "الأسامي والکنی "[1] میں فرماتے ہیں: "رماه یحیی بن معین".

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "متروك"[2].

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ "المدخل"[3] میں فرماتے ہیں: "رديء المذهب، يروي المناكير في الفضائل عن الأعمش، وغيره".

یہ ردیٔ المذہب ہے، فضائل میں اعمش وغیرہ سے مناکیر نقل کرتا ہے۔

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ "کتاب الضعفاء"[4] اور "المسند المستخرج"[5]

---

[1] الأسامي والكنى:٢٠٢/٢،رقم:١٣٨٠،ت:أبو عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثية ـ القاهرة، الطبعة الأولى١٤٣٦هـ.

[2] ميزان الأعتدال: ٩٣/١،رقم: ٢٩٦٥،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[3] المدخل إلى الصحيح:ص:١٣٩،رقم:٦٢،ت:ربيع بن هادي عمير المدخلي،مؤسسة الرسالة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[4] كتاب الضعفاء:ص:٨٣ ،رقم:٧٥،ت:فاروق حماده،مطبعة النجاح الجديدة .

[5] المسند المستخرج على صحيح مسلم:٦٦/١، رقم:٧٧،ت:محمد حسن محمد حسن إسماعيل،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤١٧هـ.

میں فرماتے ہیں: "صاحب المذهب الرديء، روى المناكير في الفضائل، وغيره، عن الأعمش، تركوه". یہ ردئ المذہب ہے، فضائل وغیرہ میں اعمش سے احادیث نقل کرتا ہے، محدثین نے اسے ترک کیا ہے۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ "السنن الكبرى"[۱] میں ایک حدیث کے تحت فرماتے ہیں: "تفرد به أبو الجارود زياد بن المنذر، وهو كوفي، ضعيف، كذبه يحيى بن معين، وضعفه الباقون". اس میں ابو الجارود زیاد بن منذر متفرد ہے، اور وہ کوفی ضعیف ہے، یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تکذیب کی ہے، اور باقی نے اسے ضعیف قرار دیا ہے۔

حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ نے "البدر المنير"[۲] میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

حافظ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ "الاستغناء"[۳] میں فرماتے ہیں: "اتفقوا على أنه ضعيف الحديث منكره، ونسبه بعضهم إلى الكذب". اس کے ضعیف الحدیث، منکر الحدیث ہونے پر اتفاق ہے، بعض نے اسے جھوٹ بولنے کی طرف منسوب کیا ہے۔

حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ "الترغيب والترهيب"[۴] میں ایک دوسری روایت

---

[۱] السنن الكبرى للبيهقي: ١٨٤/٦، رقم: ١١٦١٢، ت: محمد عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

[۲] البدر المنير: ٢٧/٧، ت: أبو محمد عبد الله بن سلمان، دار الهجرة - الرياض، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

[۳] الإستغناء في معرفة المشهورين: ٥٢٩/١، رقم: ٥٥٥، ت: عبد الله مرحول السوالمة، دار ابن تيمية - الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

[۴] الترغيب والترهيب: ٣٢٤/٣، رقم: ٦، ت: إبراهيم شمس الدين، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

کے تحت فرماتے ہیں: ”رووه كلهم من طريق زياد بن المنذر، عن نافع بن الحارث عنه، وزياد هذا: هو أبو الجارود الكوفي الأعمى، تنسب إليه الجارودية من الروافض، ونافع هو نفيع أبو داود الأعمى أيضا، وكلاهما متروك، متهم بالوضع“. سب نے اسے زیاد بن منذر، عن نافع بن حارث کے طریق سے روایت کیا ہے، اور یہ زیاد ابو الجارود کوفی اعمی ہے، روافض میں سے فرقہ جارودیہ اسی کی طرف منسوب ہے، اور نافع وہ نفیع ابو داؤد ہے، یہ بھی اعمی ہے، اور یہ دونوں متروک اور متہم بالوضع ہیں۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ ایک روایت کے تحت ”البداية والنهاية“[1] میں فرماتے ہیں: ”تفرد به زياد بن المنذر أبو الجارود، الذي تنسب إليه الفرقة الجارودية، وهو من المتهمين“. اس میں زیاد بن منذر ابو الجارود متفرد ہے، جس کی طرف فرقہ جارودیہ منسوب ہے، اور وہ متہمین میں سے ہے۔

حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے ”نخب الأفكار“[2] میں حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ”ميزان الاعتدال“[3] میں داؤد بن ابی عوف کے ترجمہ میں اسے ”ساقط“ قرار دیا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ ”المغني“[4] میں فرماتے ہیں: ”متهم، قال أحمد: متروك،

---

[1] البداية والنهاية: ۲۳۳/۳، مكتبة المعارف ـ بيروت، الطبعة ۱٤۱۲ھـ.

[2] نخب الأفكار في تنقيح مباني الأخبار: ۱۱/۳، ت: أبو تميم ياسر بن إبراهيم، دار النوادر ـ دمشق، الطبعة الأولى ۱٤۲۹ھـ.

[3] ميزان الاعتدال: ۱۸/۲، رقم: ۲٦۳۸، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[4] المغني في الضعفاء: ۲٤٤/۱، رقم: ۲۲٤۷، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الاسلامی ـ قطر.

وقيل: كان يفرط في رفضه". متہم ہے، احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ متروک ہے، اور کہا گیا ہے کہ وہ رافضیت میں حد سے بڑھا ہوا تھا۔

نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "الكاشف"[1] میں فرماتے ہیں: "رافضي، متهم، له أتباع وهم الجارودية، ت". رافضی ہے، متہم ہے، فرقہ جارودیہ اس کا پیروکار ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "تاريخ الإسلام"[2] میں اسے "أحد المتروكين" کہا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "فتح الباري"[3] میں ایک راویت کے تحت اسے "متروك" قرار دیا ہے۔

نیز حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "تقريب التهذيب"[4] میں فرماتے ہیں: "رافضي، كذبه يحيى بن معين، من السابعة، مات بعد الخمسين، ت". رافضی ہے، یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے اسے جھوٹا قرار دیا ہے، ساتویں طبقہ کا ہے، پچاس کے بعد انتقال ہوا۔

علامہ ابن عرق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعه"[5] میں زیاد بن منذر کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شمار کر کے حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کو نقل کیا ہے۔

---

[1] الكاشف: ٤١٣/١، رقم: ١٧٠٩، ت: محمد عوامه، دار القبلة للثقافة الإسلاميه ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٣هـ.
[2] تاريخ الإسلام: ٨٦٨/٣، رقم: ١٥٤، ت: بشار عواد معروف، دار الغرب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ.
[3] فتح الباري: ٧٨/٢، ت: محمد فؤاد عبد الباقي، المكتبة السلفية.
[4] تقريب التهذيب: ص: ٢٢١، رقم: ٢١٠١، ت: محمد عوامه، دار الرشيد ـ حلب، الطبعة الثالثة ١٤١١هـ.
[5] تنزيه الشريعه: ٦١/١، رقم: ١٥، ت: عبد الطيف، محمد بن صديق الغماري، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

روایت بطریق ابو الجارود زیاد بن منذر کوفی کا حکم

سند میں موجود راوی ابو الجارود زیاد منذر کوفی کے بارے میں ائمہ رجال نے جرح کے شدید صیغے استعمال کئے ہیں جیسے: جھوٹا ہے، خبیث ہے، اللہ کا دشمن ہے، ایک پیسہ کے برابر بھی نہیں ہے، ثقہ نہیں ہے (حافظ ابن معین رحمۃ اللہ علیہ، نیز امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو احمد حاکم رحمۃ اللہ علیہ، امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول پر اکتفاء کیا ہے)، جھوٹا ہے، خبیث ہے (حافظ ابو القاسم بلخی رحمۃ اللہ علیہ)، متروک الحدیث ہے (امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ)، منکر الحدیث جداً (حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ)، اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خامیاں نکالنے کے لئے حدیث گھڑتا تھا، اس کی حدیث کو لکھنا حلال نہیں ہے (حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، نیز علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے اس قول پر اعتماد کیا ہے)، متروک الحدیث، لیس بثقہ ہے (امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ)، محدثین نے اسے ترک کیا ہے (حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ)، بعض نے اسے جھوٹ بولنے کی طرف منسوب کیا ہے (حافظ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ)، متروک، متہم بالوضع ہے (حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ)، متہمین میں سے ہے (حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ، نیز حافظ عینی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے اس قول پر اکتفاء کیا ہے)، متہم ہے (حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ)۔

لہذا اس سند سے بھی اس روایت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

③ روایت بطریق حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "الكافي الشاف"[1] میں امام زین الدین

---

[1] الكافي الشاف:ص:١٩٤،دار إحياء التراث العربي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

ابن مُنَیِّر رحمۃ اللہ علیہ کی "شرح الجامع الصحیح" کے حوالہ سے لکھتے ہیں:

"وفي شرح البخاري لزين الدين ابن المُنَيِّر: عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال لعائشة: لو خشع قلب هذا لخشعت جوارحه".

زین الدین ابن مُنَیِّر رحمۃ اللہ علیہ کی شرح بخاری میں ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا تو ضرور اس کے اعضاء پُر سکون رہتے۔

اسی طرح علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے "الفتح السماوي"[1] میں اسے امام ابن منیر رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے ذکر کیا ہے۔

اہم نوٹ: واضح رہے کہ امام ابن مُنَیِّر رحمۃ اللہ علیہ کی "شرح الجامع الصحیح" ہمیں دستیاب نہ ہو سکی۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

سابقہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ زیر بحث روایت کے ضعف شدید کی طرف حافظ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے اشارہ کیا ہے، لہذا زیر بحث روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

اہم فائدہ:

واضح رہے کہ سابقہ ذکر کردہ حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ولی الدین

---

[1] الفتح السماوي: ٨٥٤/٢، رقم: ٧٣٢، ت: أحمد مجتبى السلفي، دار العاصمة ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٩هـ۔
علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "وفي شرح البخاري لابن المنير: صح عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال لعائشة: لو خشع قلب هذا لخشعت جوارحه".

عراقی رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح کے مطابق زیر بحث مضمون میں معروف یہ ہے کہ یہ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، چنانچہ اس مضمون کو حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کی جانب منسوب کرنا چاہئے۔

حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول کو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے ابو الفضل صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ نے "مسائل الإمام أحمد بن حنبل"[1] میں تخریج کیا ہے، ملاحظہ ہو:

"حدثنا صالح، قال حدثني أبي، قال حدثنا سعيد بن خثيم، قال حدثنا محمد بن خالد، عن سعيد بن جبير، قال: نظر سعيد إلى رجل، وهو قائم في الصلاة، قال: وهو يعبث بلحيته، فقال سعيد: لو خشع قلب هذا، لخشعت جوارحه".

سعید رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ نماز کی حالت میں اپنی داڑھی سے کھیل رہا تھا، تو سعید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا تو ضرور اس کے اعضاء پُر سکون رہتے۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت امام عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے "الزهد والرقائق"[2] میں، امام عبد الرزاق صنعانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المصنف"[3] میں، حافظ ابو بکر بن

[1] مسائل الإمام أحمد بن حنبل: ١٧٨/٢، رقم: ٧٤١، ت: فضل الرحمن دين محمد، الدار العلمية ـ الهند، الطبعة الأولى ١٤٠٨هـ.

[2] الزهد والرقائق: ص: ٤١٩، رقم: ١١٨٨، ت: حبيب الرحمن الأعظمي، مؤسسة الرسالة ـ بيروت.

[3] المصنف: ٢٦٦/٢، رقم: ٣٣٠٨، ت: حبيب الرحمن الأعظمي، المكتب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٩٠هـ.

ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے "المصنف في الأحاديث والآثار"[1] میں اور حافظ ابو عبد اللہ محمد بن نصر مروزی رحمۃ اللہ علیہ نے "تعظيم قدر الصلاة"[2] میں تخریج کی ہے۔

اہم فائدہ:

واضح رہے کہ "بعض دیگر مصادر" کے عنوان کے تحت منقول تمام مصادر کی سند میں "رجل" موجود ہے، اور "مصنف عبد الرزاق" کی ایک سند کے مطابق یہ رجل "ابان" ہے[3]، تاہم "مسائل امام احمد بن حنبل" کی سند "ابان" کے علاوہ ہے۔

[1] المصنف في الأحاديث والأثار: ٨٦/٢، رقم: ٦٧٨٧، ت: كمال يوسف الحوت، دار التاج ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٩هـ.

[2] تعظيم قدر الصلاة: ١٩٤/١، ت: عبد الرحمن بن عبد الجبار الفريوائي، مكتبة الدار ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[3] المصنف: ٢٦٦/٢، رقم: ٣٣٠٨، ت: حبيب الرحمن الأعظمي، المكتب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٩٠هـ.
"مصنف عبد الرزاق" کی عبارت ملاحظہ ہو: "عبد الرزاق، عن معمر، عن أبان، قال: رأى ابن المسيب رجلا يعبث بلحيته في الصلاة، فقال: إني لأرى هذا لو خشع قلبه، خشعت جوارحه".

روایت نمبر③

روایت: حالتِ مرض میں آیت کریمہ:

”لا إله إلا أنت سبحانك إني كنت من الظالمين“.

چالیس مرتبہ پڑھنے کے بعد اگر اسی مرض کی حالت میں مر گیا تو چالیس شہداء کا اجر ملے گا، اور اگر تندرست ہو گیا تو سارے گناہوں کی بخشش ہو جائے گی۔

حکم: شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے۔

روایت کا مصدر

امام ابو عبد اللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ”المستدرک“[1] میں یہ روایت ان الفاظ سے تخریج کی ہے۔

”حدثنا الزبير بن عبد الواحد الحافظ، حدثنا محمد بن الحسن بن قتيبة العسقلاني، حدثنا أحمد بن عمرو بن بكر السكسكي، حدثني أبي، عن محمد بن زيد، عن سعيد بن المسيب، عن سعد بن مالك رضي الله عنه، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: هل أدلكم على اسم الله الأعظم الذي إذا دعي به أجاب، وإذا سئل به أعطى، الدعوة التي دعا بها يونس حيث ناداه في الظلمات الثلاث، لا إله إلا أنت سبحانك إني كنت من الظالمين.

فقال رجل: يا رسول الله، هل كانت ليونس خاصة أم للمؤمنين

---

[1] المستدرك: ٦٨٥/١، رقم: ١٨٦٥، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٢هـ.

عامة؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ألا تسمع قول الله عز وجل: ونجيناه من الغم، وكذلك ننجي المؤمنين، وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أيما مسلم دعا بها في مرضه أربعين مرة فمات في مرضه ذلك أعطي أجر شهيد، وإن برأ برأ، وقد غفر له جميع ذنوبه".

سعد بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں تمہیں اللہ کا اسم اعظم بتادوں جس کے ساتھ جو دعا کی جاتی ہے قبول ہوتی ہے، جو مانگا جاتا ہے ملتا ہے، یہ وہ دعا ہے جو یونس علیہ السلام نے تین تاریکیوں میں اللہ کو پکارتے ہوئے مانگی تھی: "لا إله إلا أنت سبحانك إني كنت من الظالمين".

ایک شخص نے کہا: یارسول اللہ! یہ دعا یونس علیہ السلام کے ساتھ خاص ہے، یاعام مؤمنین کے لئے بھی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا آپ نے اللہ عزوجل کا یہ ارشاد نہیں سنا: "ونجيناه من الغم، وكذلك ننجي المؤمنين". رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا: جو مسلمان مرض کی حالت میں یہ دعا چالیس مرتبہ پڑھ لے، پھر اس کا اسی مرض میں انتقال ہوگیا تو اسے شہید کا اجر ملے گا، اور اگر تندرست ہو گیا تو وہ تمام گناہوں سے بخشش کی حالت میں صحت یاب ہو گا۔

روایت پر ائمہ کا کلام

امام ابوعبداللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا قول

امام ابوعبداللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کو "المستدرك"[1] میں نقل کرنے

---

[1] المستدرك: ٦٨٤/١، رقم: ١٨٦٢تا١٨٦٤، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٢هـ.

سے پہلے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے طریق سے اسی مضمون کی حدیث لائے ہیں، جس میں اس آیت کریمہ کو کرب وبلاء کی حالت میں پڑھنے پر کشادگی، نیز حضرت یونس علیہ السلام کا مچھلی کے پیٹ میں اسے پڑھنے کا ذکر ہے اور وہ روایات سنداً صحیح ہیں، لیکن ہمارا زیرِ بحث مضمون اس میں نہیں ہے، زیرِ بحث مضمون صرف اسی عمرو بن بکر سکسکی کے طریق میں ہے۔

واضح رہے کہ حافظ ابوعبد اللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ ہی نے ہماری زیرِ بحث سند میں موجود راوی عمرو بن بکر سکسکی کو ”المدخل“[1] میں ان افراد کی فہرست میں شمار

”مستدرک“کی مکمل عبارت ملاحظہ ہو: ”حدثنا أبو العباس محمد بن يعقوب إملاء، ثنا علي بن ميمون الرقي، ثنا محمد بن يوسف الفريابي، ثنا يونس بن أبي إسحاق، عن إبراهيم بن محمد بن سعد، عن أبيه، عن جده سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: دعوة ذي النون إذ دعا وهو في بطن الحوت لا إله إلا أنت سبحانك، إني كنت من الظالمين، إنه لم يدع بها مسلم في شيء قط إلا استجاب الله له بها، هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه،وقد روي عن الفريابي، عن سفيان الثوري، عن يونس بن أبي إسحاق كذلك، وهو وهم من الراوي.

حدثنا أبو عمرو محمد بن أحمد بن إسحاق العدل، ثنا أبو بكر محمد بن عبد الله بن جوربة الرازي، ثنا عمر بن الخطاب الأهوازي، ثنا محمد بن يوسف الفريابي، ثنا سفيان، عن يونس بن أبي إسحاق، عن أبيه، عن إبراهيم بن محمد بن سعد، عن أبيه، عن جده سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: دعوة ذي النون إذ دعا وهو في بطن الحوت: لا إله إلا أنت سبحانك إني كنت من الظالمين لا يدعو بها رجل مسلم في شيء قط إلا استجاب الله له.

فأخبرنا أبو عبد الله الصفار، ثنا ابن أبي الدنيا، حدثني عبيد بن محمد، ثنا محمد بن مهاجر القرشي، حدثني إبراهيم بن محمد بن سعد، عن أبيه، عن جده، قال: كنا جلوسا عند النبي صلى الله عليه وسلم، فقال: ألا أخبركم بشيء إذا نزل برجل منكم كرب، أو بلاء من بلايا الدنيا دعا به يفرج عنه، فقيل له: بلى، فقال: دعاء ذي النون، لا إله إلا أنت سبحانك إني كنت من الظالمين“.

[1] المدخل إلى الصحيح:ص:١١٤،ت:ربيع بن هادي عمير المدخلي، مؤسسة الرسالة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

”المدخل“کی عبارت ملاحظہ ہو: ”وأنا مبين بعون الله وتوفيقه أسامي قوم من المجروحين ممن ظهر لي جرحهم اجتهادا ومعرفة بجرحهم، لا تقليدا فيه لأحد من الأئمة، وأتوهم أن رواية أحاديث هؤلاء لاتحل

کیا ہے، جن کے بارے میں ان کا یہ کہنا ہے کہ ایسے مجروحین کی روایت ان کی حالت بتائے بغیر بیان کرنا حلال نہیں ہے، بوجہ مصطفی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے اس ارشاد کے جو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس حدیث میں ارشاد فرمایا ہے: جس نے کوئی حدیث بیان کی اور اس کا یہ گمان ہو کہ یہ جھوٹی حدیث ہے، تو وہ جھوٹوں میں سے ایک ہے۔

چنانچہ خاص اس زیرِ بحث مضمون وسند کے ثبوت میں "مستدرک" کا حوالہ پیش کرنا خود صاحب کتاب امام ابو عبد اللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مردود ہے۔

حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ "الترغیب والترھیب"[1] میں اس روایت کو صیغہ "عن" سے نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"رواه الحاكم وقال: رواه أحمد بن عمرو بن أبي بكر السكسكي، عن أبيه، عن محمد بن زيد، عن ابن المسيب عنه". اسے حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے تخریج کیا ہے، اور سند یہ نقل کی ہے: "رواہ احمد بن عمرو بن بکر سکسکی، عن ابیہ، عن محمد بن زید، عن ابن المسیب عنہ".

عمرو بن بکر بن تمیم سَکسَکی شامی کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الکامل"[2] میں فرماتے ہیں: "ولعمرو بن

إلا بعد بيان حالهم، لقول المصطفى صلى الله عليه وسلم في حديثه: من حدث بحديث وهو يرى أنه كذب فهو أحد الكاذبين". اس کے بعد امام حاکمؒ نے ص:۱۵۹، رقم:۱۰۵، پر عمرو بن بکر سکسکی کو ذکر کیا۔

[1] الترغيب والترهيب: ١٦٨/٤، رقم: ٤، ت: إبراهيم شمس الدين، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثالثة ١٤٢٤هـ.

[2] الكامل في الضعفاء: ٢٥٠/٦، الرقم: ١٣١٠، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

بكر هذا أحاديث مناكير عن الثقات وابن جريج وغيره". یہ عمرو بن بکر سَکسکی ثقات اور ابن جریج وغیرہ سے مناکیر نقل کرتا ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[1] میں فرماتے ہیں: "يروي عن إبراهيم بن أبي عَبْلَة وابن جريج وغيرهما من الثقات الأوابد والطامات التى لايشك من هذا الشأن صناعته أنها معمولة أو مقلوبة، لايحل الاحتجاج به". یہ ابراہیم بن ابی عَبْلَہ اور ابن جریج وغیرہ ثقات کے انتساب سے عجائب و مصائب نقل کرتا ہے، اس فن کے اہل صناعت میں سے کوئی شک نہیں کرے گا کہ اس کی یہ روایات بنائی گئی ہیں، یا مقلوب ہیں، اس سے احتجاج جائز نہیں ہے۔

حافظ ساجی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ضعيف"[2]. یہ ضعیف ہے۔

امام ابو عبد اللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ "المدخل إلى الصحيح"[3] میں عمرو بن بکر سکسکی کا نام ان لوگوں کی فہرست میں شمار کرتے ہیں، جن کی روایت نقل کرنا ان کی حالت بتائے بغیر حلال نہیں ہے، چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

"عمرو بن بكر السكسكي الرملي، روى عن ابن جريج، وإبراهيم بن أبي عبلة، وغيرهما أحاديث مناكير يروي عن الثقات، فليس الحمل فيه إلا عليه". عمرو بن بن بکر سکسکی رملی، ابن جریج، ابراہیم بن ابی عبلہ وغیرہ ثقہ

---

[1] المجروحين: ٧٨/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

[2] تهذيب التهذيب: ٢٥٨/٣، ت: إبراهيم الزيبق وعادل مرشد، مؤسسة الرسالة ـ بيروت.

[3] المدخل الي الصحيح: ص: ١٥٩، رقم: ١٠٥، ت: ربيع هادي عمير المدخلي، مؤسسة الرسالة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

افراد کے انتساب سے منکر احادیث نقل کرتا ہے، چنانچہ ان احادیث میں ذمہ داری عمرو بن بکر سکسکی ہی پر ہے۔

حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "روى عن إبراهيم بن أبي عَبْلَة وابن جريج مناكير، لاشيء"[1]. یہ ابراہیم بن ابی عَبْلَہ اور ابن جریج کے انتساب سے مناکیر نقل کرتا ہے، یہ لاشیء ہے۔

حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء الکبیر"[2] میں فرماتے ہیں: "حديثه غير محفوظ". اس کی حدیث محفوظ نہیں ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "میزان الاعتدال"[3] میں فرماتے ہیں: "عن ابن جريج، واه". ابن جریج سے روایات نقل کرتا ہے، یہ واہی ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "تقریب"[4] میں عمرو بن بکر سکسکی کو "متروك" کہا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "أحاديثه شبه موضوعة"[5]. اس عمرو بن بکر سکسکی کی احادیث من گھڑت احادیث کے مشابہ ہیں۔

حافظ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[6] میں عمرو بن بکر سکسکی کو

---

[1] تهذيب التهذيب:٢٥٦/٣،ت:إبراهيم الزيبق وعادل مرشد،مؤسسة الرسالة ـ بيروت.

[2] الضعفاء الكبير:٢٥٧/٣،رقم:١٢٦٤،ت:عبد المعطي أمين قلعجي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٨هـ.

[3] ميزان الاعتدال:٢٤٧/٣،رقم:٦٣٣٧،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[4] تقريب التهذيب:٤١٩،رقم:٣٩٩٣،ت:محمد عوامة،دار الرشد ـ سوريا،الطبعة الثالثة ١٤١١هـ.

[5] ميزان الاعتدال:٢٤٨/٣،رقم:٦٣٣٧،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[6] تنزيه الشريعة:٩٢/١،رقم:٣٩٨،ت:عبد الوهاب عبد اللطيف،عبد الله محمد صديق،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

وضاعین و متہمین کی فہرست میں شامل کر کے حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول کو نقل کیا ہے۔

روایت کا حکم

تفصیل گزر چکی ہے کہ حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو عبد اللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ ان سب محدثین نے عمرو بن بکر سکسکی کے بارے میں جرح کے شدید صیغے استعمال کئے ہیں، جیسے: "ثقہ لوگوں کے انتساب سے مناکیر نقل کرتا ہے، متروک ہے، عجائب و مصائب نقل کرتا ہے، ذمہ داری صرف عمرو سکسکی پر ہے، اس کی احادیث من گھڑت احادیث کے مشابہہ ہیں"۔

اور خاص اس تناظر میں کہ عمرو بن بکر سکسکی اس حدیث کو نقل کرنے میں متفرد بھی ہے، لہذا یہ روایت کسی بھی طرح ضعف شدید سے خالی نہیں ہو سکتی، اس لئے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر④

روایت: بارش کے پانی پر مختلف آیات وسورتیں پڑھ کر پینے سے شفاء کا حصول

حکم: من گھڑت۔

روایت کا مصدر

حافظ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن عبد الہادی مقدسی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”ومن الموضوع المصنوع ما رواه أبو الحسن علي بن أحمد القرشي بن محمد بن عبد الله البلخي، حدثنا أبو نصرعبد الله عباس ، عن نافع، عن عبد الله بن عمر رضي الله تعالى عنهما قال: كنا جلوسا إذ دخل علينا رسول الله ﷺ فقال: ألا أعلمكم دواء علمنيه جبريل حيث لايحتاج معه دواء الأطباء؟ فقال أبو بكر وعمر وعثمان وعلي وسلمان: فما ذلك الدواء يا رسول الله؟ فقال: تأخذون من مطر نَيْسَان، وتقرؤن عليه سورة فاتحة الكتاب، وآية الكرسي، والمعوذتين، و سبح، وسورة الإخلاص، كل واحدة سبعين مرة، وتشرب من ذلك الماء غدوة وعشية قدر سبعة أيام، والذي بعثني بالحق نبيا إن شاء الله تعالى يدفع عن الذي يشرب من هذا الماء كل داء في جسده، ويعافيه، ويخرجه من عروقه ولحمه وعظامه وجميع أعضائه، وإن لم يكن له ولد وأحب أن يكون له ولد فليشرب من ذلك الماء، ويصلح للعقيم

والمعقود والصداع ووجع العين والفم والفالج، ولا يحتاج معه إلى حجامة ولجميع الأوجاع.

اللهم عليك بمختلقه، فما أشد جهله وجرأته وغباوته[1]".

اور من گھڑت بنائی ہوئی روایات میں سے ہے۔۔۔ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایک ایسی دوا نہ بتاؤں جو مجھے جبرائیل علیہ السلام نے سکھائی ہے جس کے بعد کسی طبیب کی دوا کی ضرورت نہیں رہے گی؟ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! وہ کون سی دوا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ماہِ نیسان میں بارش کا پانی لو اور اس پر سورہ فاتحہ، اور آیۃ الکرسی، اور معوذتین، اور "سبح اسم ربک الاعلی"، اور سورہ اخلاص ہر ایک کو ستر ستر مرتبہ پڑھو، اور صبح شام وہ پانی سات دن تک پیو، اور قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے برحق نبی بنا کر بھیجا! اگر اللہ نے چاہا تو بارش کا یہ پانی اس کے پینے والے کے جسم سے ہر قسم کی بیماری دور کر دے گا، اور وہ صحت یاب ہو جائے گا، اور اس کی رگوں، گوشت، اور تمام اعضاء سے ہر بیماری کو نکال دے گا، اور اگر اس کی اولاد نہ ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کا بیٹا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ اس پانی کو پیئے، اور بانجھ والے، اور جس کی زبان اٹکتی ہو، اور جس کے سر میں درد ہو، اور جس کی آنکھ اور منہ میں درد ہو، اور جس کو فالج ہو، سب ٹھیک ہو جائیں گے، اور اس کے ساتھ

[1] انظر مجموعة رسائل الحافظ ابن عبد الهادي:ص:١١٢،ت:أبو عبد الله حسين بن عكاشة،الفاروق الحديثية ـ القاهرة،الطبعة الأولى ١٤٢٧هـ.

حجامہ کی بھی ضرورت نہیں ہوگی، نیز تمام قسم کے درد بھی ختم ہو جائیں گے۔

(حافظ ابن عبد الہادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) اللہ تعالی اس کے گھڑنے والے کو پکڑیں، کس قدر اس کی زیادہ جہالت ہے اور جرأت وغباوت ہے۔

روایت کے بعض دیگر غیر مسند مصادر

① یہی روایت علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الرحمة في الطب والحكمة"[1] میں کچھ مختلف الفاظ کے ساتھ بغیر سند کے ذکر کی ہے، واضح رہے کہ یہ کتاب ہمارے دیار میں "مجربات سیوطی رحمۃ اللہ علیہ" کے نام سے مشہور ہے، ملاحظہ ہو:

"علاج لجميع الأمراض : التي في ابن آدم، وهو دعاء علمه الروح الأمين جبريل عليه الصلاة والسلام للنبي صلى الله عليه وسلم.

قال صلى الله عليه وسلم: وهو دواء لايحتاج معه إلى أدوية الأطباء، خذ على بركة الله تعالى ماء المطر، وتقرأ عليه فاتحة الكتاب وآية الكرسي سبعين مرة، وسورة الإخلاص كذلك، والمعوذتين كذلك، و لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت، وهو حي لا يموت، بيده الخير وهو على كل شيء قدير كذلك، و تصلي على النبي صلى الله عليه وسلم كذلك، ثم تشرب من ذلك الماء في غداة كل يوم سبعة أيام متواليات، قال عليه الصلاة والسلام: والذي نفسي بيده! إنه جاءني جبريل عليه الصلاة والسلام و أخبرني أن من شرب من هذا الماء يخرج كل داء من عروقه ولحمه

[1] الرحمة في الطب والحكمة:ص:١١٣،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة ٢٠١٠ء.

وجميع أعضائه وجسده، ولا يحتاج معه إلى حجامة، ولا يصيبه وجع السرة، ولا وجع الصلب، ولا يصيبه ضيق النفس، ولا الثألول، ولا العمى، ولا الخرس، وبالجملة ففضائله لا تحصى ببركة هذا الدعاء".

(تمام بیماریوں کا علاج) جو کہ کسی بھی آدمی کے جسم میں پائی جائیں، یہ دعا نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو روح الامین جبریل علیہ السلام نے سکھائی ہے، نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: یہ دعا وہ دوا ہے جس کے ساتھ طبیبوں کی دواؤں کی ضرورت باقی نہیں رہتی، طریقہ یہ ہے کہ اللہ تعالی کے نام کی برکت کے ساتھ بارش کا پانی لو، اور اس پر سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی ستر مرتبہ پڑھو، اور سورۂ اخلاص بھی اسی طرح ستر مرتبہ پڑھو اور معوذتین (سورۃ الفلق اور الناس) بھی اسی طرح ستر مرتبہ پڑھو، پھر یہ دعا "لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو حي لا يموت بيده الخير وهو على كل شيء قدير" بھی اسی طرح ستر مرتبہ پڑھو، اور اسی طرح ستر مرتبہ درود شریف پڑھو، اس کے بعد سات دن تک مسلسل ہر دن کی صبح میں اس پانی میں سے پی لیا کرو۔

نبی پاک صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! بے شک میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے اور مجھے بتایا کہ جو بھی اس پانی میں سے پیئے گا، تو اس کی رگوں، گوشت، تمام اعضاء اور جسم میں سے ہر بیماری نکل جائے گی، اس دوا کے ساتھ اسے حجامہ کی ضرورت نہ رہے گی، اور نہ اسے ناف کا درد، کمر درد، سانس کی تنگی اور مسے ہونگے، وہ اندھے پن اور گونگے پن سے بھی محفوظ ہو جائے گا۔

خلاصہ یہ کہ اس دعا کی برکت کی وجہ سے اس بارش کے پانی کی فضیلتیں بے شمار ہیں۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ہی نے اسی کتاب میں ایک دوسرے مقام پر یہ روایت ان الفاظ سے نقل کی ہے:

"(للحفظ): روي عن رسول الله ﷺ أنه قال: أتاني جبريل عليه السلام فقال: يامحمد! من تعسر عليه الحفظ من أمتك فليأخذ ماء المطر ليلة الجمعة في إناء جديد، ويقرأ عليه فاتحة الكتاب سبعين مرة وآية الكرسي كذلك، وقل هو الله أحد،الخ كذلك، والمعوذتين كذلك، ثم يقول: لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو على كل شيء قدير سبعين مرة، و يصلي على سيدنا محمد ﷺ سبعين مرة، ويخوض بأصبعه في ذلك الماء حين يقرأ أو يصوم ثلاثة أيام [كذا في الأصل]، ويفطرعلى ذلك الماء، فإنه يحفظ القرآن وكل ماسمعه من العلم، وينفع لكل داء وبلاء في الأعضاء، ويداوم على شربه سبعة أيام متواليات، فإنه يبرأ بإذن الله تعالى اهـ ولله الحمد"[1].

(حافظہ کے لئے) نبی ﷺ سے روایت کیا گیا ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے اور عرض کیا اے محمد! آپ کی امت میں سے جس شخص کو بھی حفظ کرنے میں دشواری ہو تو اسے چاہئے کہ جمعہ کی رات

[1] الرحمة في الطب والحكمة:ص: ٢٩٠،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة ٢٠١٠ء .

میں ایک نئے برتن میں بارش کا پانی ڈالے، پھر اس پر ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے، اور آیت الکرسی اسی طرح ستر مرتبہ پڑھے، اور قل ھو اللہ احد آخر تک اسی طرح ستر مرتبہ پڑھے، اور ستر مرتبہ معوذتین پڑھے، پھر یہ دعا پڑھے: ”لا إله إلا الله وحده لا شريك له، له الملك وله الحمد، يحيي ويميت، وهو على كل شيء قدير“، اور ستر مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اور ان کو پڑھتے وقت اپنی انگلیاں بارش کے پانی میں ڈالے رکھے، یا تین روزے رکھے [اصل میں اسی طرح ہے، بظاہر یہ ہے: اور تین روزے رکھے] اور اس پانی سے افطار کرلے، تو بے شک اس کی برکت سے وہ شخص قرآن پاک بھی حفظ کرلے گا، اور اس کے علاوہ جو علوم سنے گا وہ بھی یاد کرلے گا، اس کے علاوہ یہ پانی اس کے اعضاء میں پائے جانے والی ہر بیماری میں فائدہ دے گا، اس کے پینے پر سات دن تک متواتر پابندی کرے، اللہ کے حکم سے وہ شخص صحت یاب ہو جائے گا، اھ، وللہ الحمد۔

اہم نوٹ:

علامہ عبد اللہ غماری رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح کے مطابق کتاب ”الرحمة في الطب والحكمة“ (جو ہمارے دیار میں ”مجربات سیوطی رحمۃ اللہ علیہ“ کے نام سے مشہور ہے) حافظ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف نہیں ہے، بلکہ حکیم مقری مہدی بن علی بن ابراہیم صَبْنُرِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ٨١٥ھ) کی تالیف ہے، ملاحظہ ہو:

”وقد رأيت رسالة مطبوعة في إثبات هذه الحكاية منسوبة للحافظ السيوطي، ولاتصح نسبتها إليه، وما أكثر مانسب للحافظ

السيوطي من الكتب التي لم يؤلفها ككتاب الكنز المدفون والفلك المشحون المنسوب إليه، وهو للشيخ يونس السيوطي المالكي تلميذ الحافظ الذهبي، وككتاب الرحمة في الطب والحكمة، نسب إليه في سائر النسخ المطبوعة، وهو للحكيم المقري مهدي الصبري[كذا في الأصل]، وغير ذلك كثير"[1].

میں نے اس حکایت کے اثبات میں ایک مطبوع رسالہ دیکھا ہے، جو حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی جانب منسوب ہے، حالانکہ اس رسالہ کی ان کی جانب نسبت کرنا صحیح نہیں ہے، اور کتنی ہی کتابیں ہیں جو حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی جانب منسوب کی جاتی ہیں، جن کو انہوں نے تالیف ہی نہیں کیا، جیسے کتاب "الكنز المدفون والفلك المشحون" کو ان کی طرف منسوب کیا گیا ہے، وہ دراصل حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے تلمیذ شیخ یونس سیوطی مالکی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ہے، اور جیسے کتاب "الرحمة في الطب والحكمة" تمام طبع شدہ نسخوں میں حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب کی گئی ہے، حالانکہ وہ کتاب حکیم مقری مہدی صَبُنْرِی کی ہے، اس کے علاوہ اور بھی بہت سی کتب ہیں (جن کی نسبت امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف غلط کی جاتی ہے)"[2]۔

---

[1] مصباح الزجاجة:ص:١٦،مكتبة القاهرة ـ مصر،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[2] اسی طرح علامہ شمس الدین ابوالخیر ابن الجزری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "كتاب الرحمة في الطب والحكمة" کو مہدی بن علی بن ابراہیم صَبُنْرِی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیفات میں ذکر کیا ہے، دیکھئے: "مهدي بن علي بن إبراهيم اَلصَّبُنْرِيْ بضم الصاد المهملة ونون ساكنة بعد موحدة مضمومة وراء، لقب له اَلْيَمَنِيْ اَلْمَهْجَمِيْ، مقرئ فاضل، وطبيب حاذق، وهو مؤلف "كتاب الرحمة في الطب والحكمة"، مختصر لطيف مفيد، قرأ على أصحاب ابن شداد، كان فيما بلغني من أصحابه رجلا صالحا ذا سيرة جميلة، وله نظم متوسط، وله خط حسن، رأيت بخطه كتاب

البتہ علامہ خیر الدین بن محمود زرکلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مہدی بن علی بن ابراہیم صَبُنْبرِی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ کتاب "الرحمۃ فی الطب والحکمۃ" امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کے علاوہ ہے[1]۔

② یہی روایت علامہ ابو القاسم محمد بن عبد الواحد غافقی ملاحی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۴۹ھ) نے "لمحات الأنوار ونفحات الأزهار"[2] میں دو مختلف مقامات

التفسير والشاطبية والرائية ومبهج ابن شداد، توفي كهلا سنة خمس عشرة وثمانمائة ببلدة المهجم من شرحبين باليمن" (غاية النهاية في طبقات القراء:۷۷۲/۳،رقم:۳٦٦٨،ت:أبي إبراهيم عمرو بن عبد الله،دار اللؤلؤة ـ القاهرة،الطبعة الأولى ١٤٣٨هـ).

[1] الأعلام للزركلي:۳۱۳/۷،دار العلم للملايين ـ بيروت .

علامہ زرکلیؒ کی عبارت ملاحظہ ہو:"مهدي بن علي بن إبراهيم اَلصَّبَّنْرِيْ اليمني المهجمي، طبيب من العلماء بالقراآت، له نظم، توفي كهلا ببلده المهجم من شرحبين باليمن، له "كتاب الرحمة في الطب والحكمة"، وهو غير كتاب السيوطي المسمى بهذا الاسم".

[2] لمحات الأنوار:ص:٥٨٤،رقم:٧١٤، ت:رفعت فوزي عبد المطلب،دار البشائر الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ .

"لمحات الانوار" میں مذکورہ روایت دو مختلف مقامات پر مذکور ہے، پہلے مقام کی عبارت ملاحظہ ہو:"روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: علمني جبريل عليه السلام دواء لا يحتاج معه إلى أدوية الأطباء، وذلك: أن يؤخذ من ماء المطر، ويقرأ عليه فاتحة الكتاب سبعين مرة، وآية الكرسي سبعين مرة، و "قل هو الله أحد" سبعين مرة، والمعوذتين سبعين مرة، ثم يشرب من ذلك الماء سبعة أيام متوالية بالغداة، والذي نفسي بيده إن جبريل عليه السلام جاءني فأخبرني أن الله تعالى يدفع عن الذي يشرب من هذا الماء كل داء في جسده، ويعافيه منه، ويخرجه من عروقه ولحمه وعظمه وجميع أعضائه، لأنه تسبيح من اللوح المحفوظ.

قال النبي صلى الله عليه وسلم: والذي بعثني بالحق، إنه من لم يولد له ولد، وشرب من ذلك الماء هو وامرأته إلا رزقهما الله ولدا، وإن كان حصورا، وإن شرب منه المربوط يطلق بإذن الله، وقال جبريل عليه السلام: من كان به صداع الرأس، وشرب من ذلك الماء نفعه بإذن الله، وإن كان به وجع العين ذهب عنه وجعه، وينتفع به من وجع الأذنين، ويشد أصول الأسنان، ويطيب الفم والنكهة، ولا يسيل من فمه اللعاب، وينقطع البلغم، ولا يتخم إذا أكل أو شرب ولا يتأذى بالرياح، ولا يصيبه الفالج، ولا تصيبه اللقوة، ولا يشتكي من وجع سرته ولا صلبه، ولا وجع صدره، ولا يصيبه البرد، ولا الحكة ولا الجدري، ولا يحتاج إلى الحجامة، ولا إلى قطع العروق، ولا يصيبه الطاعون ولا الرعاف، ولا الجذام، ولا نزف الدم ولا

پر، امام یافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ”الدر النظیم في خواص القرآن العظیم“[1] میں، اور علامہ محمد حقی نازلی استنبولی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۳۰۱ھ) نے ”خزینة الأسرار“[2]

ضيق النفس ولا الثواليل، ولا يصير أصم، ولا أخرس، ولا يصيبه الإعياء، ولا الجرب، ولا يصيبه الماء الأسود في عينيه، ولا تخرج عليه الخنازير، ولا يصيبه الفزع في منامه ولا الوسوسة ولا تصل إليه الجن ولا الشياطين، وإن سقيت منه البهيمة أو صب عليها انتفعت بذلك إن شاء الله تعالى“.

دوسرے مقام کی عبارت ملاحظہ ہو: ”روي: أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: علمني جبريل عليه السلام دواء لا أحتاج إلى دواء الأطباء معه، فقال أبو بكر وعمر وعثمان رضي الله عنهم: يا رسول الله! نحب أن تخبرنا بهذا الدعاء، قال: نعم، تأخذ من ماء المطر، وتقرأ عليه فاتحة الكتاب سبعين مرة، وآية الكرسي سبعين مرة، و ”قل هو الله أحد “سبعين مرة، و ”قل أعوذ برب الفلق “سبعين مرة و ”قل أعوذ برب الناس “سبعين مرة، وتقول: لا إله إلا الله وحده لا شريك له، له الملك وله الحمد يحيي ويميت، وهو حي لا يموت، بيده الخير، وهو على كل شيء قدير سبعين مرة، ثم تشرب من ذلك الماء سبعة أيام متوالية، كل يوم قدر قدح، والذي نفسي بيده إن جبريل عليه السلام أخبرني أن الله تعالى يدفع عن الذي يشرب هذا الماء كل داء في جسده، ويخرجه من عروقه ولحمه وجميع أعضائه“.(لمحات الأنوار:ص: ١٢٤٢،رقم:١٨٧٦،ت:رفعت فوزي عبد المطلب،دار البشائر الإسلامية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤١٨هـ).

[1] الدر النظيم:ص:١٣،المكتبة العلامية ـ مصر.

عبارت ملاحظہ ہو: ”وقال عليه الصلاة والسلام: من أخذ من ماء المطر، وقرأ عليه فاتحة الكتاب سبعين مرة، وآية الكرسي سبعين مرة، و ”قل هو الله أحد“سبعين مرة، والمعوذتين سبعين مرة،والذي نفسي بيده إن جبريل عليه السلام جاءني وأخبرني أنه من يشرب من الماء سبعة ايام متوالية، فإن الله سبحانه وتعالى يدفع عنه كل داء في جسده، ويعافيه منه، ويخرج من عروقه ولحمه وعظمه وجميع أعضائه“.

[2] خزينة الأسرار:ص:٦٨،المطبعة الخيرية،الطبعة ١٣٠٩هـ.

عبارت ملاحظہ ہو: ”روي عن عمر بن الخطاب أنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من أخذ من ماء المطر، وفي رواية: مطر نيسان، وقرأ عليه فاتحة الكتاب سبعين مرة، وآية الكرسي سبعين مرة، و ”قل هو الله أحد“سبعين مرة، والمعوذتين سبعين مرة،والذي نفسي بيده أن جبريل عليه السلام جاءني وأخبرني أنه من شرب من ذلك الماء سبعة أيام متواليات بالغداة، فإن الله سبحانه يدفع عن الذي يشرب من ذلك كل داء في جسده، ويعافيه منه، ويخرج من عروقه ولحمه وعظمه وجميع أعضائه، كذا في تفسير الفاتحة. (وفي) بعض الروايات: ”سبح اسم ربك الأعلى“ سبعين مرة، و”ألم نشرح لك“سبعين مرة، وسورة القدر سبعين مرة، و”قل ياأيها الكافرون“سبعين مرة، وسبحان الله والحمد لله إلى العلي العظيم سبعين مرة، وأستغفر الله العظيم سبعين مرة، وأللهم صل على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وعلى جميع الأنبياء والمرسلين والملائكة المقربين والكل وسائر التابعين سبعين مرة، كذا ذكره أبو السعود،

میں بغیر سند کے ذکر کی ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن الہادی مقدسی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن الہادی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ زیرِ بحث روایت کو "من گھڑت" کہہ کر فرماتے ہیں: "أللهم عليك بمختلقه، فما أشد جهله وجرأته وغباوته"[۱]. اللہ تعالیٰ اس کے گھڑنے والے کی پکڑ فرمائیں، کس قدر اس کی زیادہ جہالت ہے اور جرأت و غباوت ہے۔

روایت کا حکم

آپ سابقہ تفصیل میں جان چکے ہیں کہ حافظ ابن الہادی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو من گھڑت قرار دیا ہے، اس لئے اس روایت کو اس سند سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

اہم نوٹ: زیرِ بحث روایت سے ملتا جلتا مضمون آگے ایک روایت میں آرہا ہے۔

قال: هذه نافعة لمن شربها من جميع الأمراض والأوجاع والآلام، حتى يشربها من لم يكن له ولد فيحصل له. (وفي) بعض النسخ: سورة يس سبعين مرة، وسورة "إنا فتحنا لك"سبعين مرة، وسورة محمد سبعين مرة، وقوله تعالى: "فتعالى الله الملك الحق لا إله إلا هو" إلى آخر السورة سبعين مرة، فمن شرب من ذلك الماء على كل مقصود و مطلوب فيحصل له، كذا في خواص القرآن".

[۱] انظر مجموعة رسائل الحافظ ابن عبد الهادي:ص:۱۱۲،ت:أبو عبد الله حسين بن عكاشة،الفاروق الحديثية ـ القاهرة،الطبعة الأولى ۱٤۲۷هـ.

روایت نمبر⑤

روایت: حلال درہم سے شہد خرید کر بارش کے پانی کے ساتھ پینا ہر بیماری سے شفاء ہے۔

حکم: علامہ غماری رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صاف من گھڑت کہا ہے، البتہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کا یہ قول ثابت ہے: جب تم میں سے کسی ایک کو کوئی تکلیف ہو تو اسے چاہئے کہ اپنی بیوی سے تین درہم یا اس جیسے کچھ درہم مانگے، ان سے شہد خریدے، پھر بارش کا پانی لے اور شہد اور پانی کو ملالے، تو اس میں خوشگوار و نفع بخش اور بابرکت شفاء جمع ہو جائے گی۔

روایت کا مصدر

یہ روایت حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ”تلخيص المتشابه“[1] میں ان الفاظ سے تخریج کی ہے:

”كتب إلي أبو الفرج محمد بن إدريس بن محمد المَوْصِلِي، وحدثني أبو النجيب عبد الغفار بن عبد الواحد الأُرْمَوِيْ عنه، قال: نا أبو منصور المظفر بن محمد اَلطُّوْسِي، نا أبو زكريا يزيد بن محمد بن إياس بن القاسم الأزدي، قال: ذكر يوسف بن المبارك القَلَّاس، نا عمي أبو الزاهد محمد بن زُرَيْق، نا حميد الطويل، عن أنس بن مالك، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: درهم حلال يشترى به عسل ويشرب بماء المطر شفاء من كل داء“.

---

[1] تلخيص المتشابه في الرسم: ٢٨٧/١، رقم: ٤٥٠، ت: سكينة الشهابي ـ دمشق، الطبعة الأولى ١٩٨٥ء.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: حلال درہم سے شہد خرید کر بارش کے پانی کے ساتھ پینا ہر بیماری سے شفاء ہے۔

بعض دیگر مصادر

یہ روایت حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ نے "تاريخ أصبهان"[1] میں، اور ان کے طریق سے امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند الفردوس"[2] میں تخریج کی ہے، تمام سندیں یوسف بن مبارک پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

روایت پر ائمہ کا کلام

علامہ عبد الرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے "التيسير"[3] میں اس روایت کو "بإسناد ضعيف" کہا ہے۔

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ "التنوير"[4] میں فرماتے ہیں: "رمز عليه المصنف رمز التضعيف". مصنف [یعنی امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ] نے اس پر ضعف کی علامت لگائی ہے۔

---

[1] تاريخ أصبهان: ٤٤٦/١، رقم: ٨٨١، ت: سيد كسروي حسن، دار الكتب العلمية۔بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٠هـ.

[2] انظر المداوي: ٢١/٤، رقم: ١٧٥٧، دار الكتب ۔القاهرة، الطبعة الأولى ١٩٩٦ء.

"مسند الفردوس" دستیاب نہیں، ثانوی مصدر "المداوی" میں اس کی سند مذکور ہے، ملاحظہ ہو: "درهم حلال يشترى به عسلا ويشرب بماء المطر شفاء من كل داء.(فر) عن أنس، قلت: أخرجه الديلمي من طريق أبي نعيم، وهو عنده في تاريخ أصبهان، في ترجمة على بن محمد بن حسين أبي بكر الضراب عنه، قال: حدثنا أبو زرعة الموصلي تريك بن كناس بن يعقوب، ثنا يوسف بن زُرَيْق الموصلي، ثنا عمي، ثنا حميد، عن أنس به، وهذا الحديث في نقدي موضوع".

[3] التيسير: ٦/٢، مكتبة الإمام الشافعي ۔الرياض.

[4] التنوير: ٩٣/٦، رقم: ٤١٧٩، ت: محمد إسحاق محمد إبراهيم، مكتبة دار السلام ۔الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣٢هـ.

علامہ غماری رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ غماری رحمۃ اللہ علیہ نے "المداوي"[1] اور "المغير"[2] میں اس روایت کو من گھڑت قرار دیا ہے۔

سند میں موجود حمید الطویل کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال

محمد بن زُرَیق کے شیخ حمید الطویل کو حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "میزان الاعتدال"[3] میں اور ان کی اتباع میں حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "لسان المیزان"[4] میں مجہول قرار دیا ہے۔

نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[5] میں فرماتے ہیں: "شيخ، لا يدرى من هو، روى عنه محمد بن زُرَيْق المَوْصِلِي". یہ شیخ ہے، اس کے بارے میں معلوم نہیں کہ یہ کون ہے، اس سے محمد بن زُرَیق مَوْصِلی نے روایت کی ہے۔

حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے "تلخيص المتشابه"[6] میں اور حافظ ابن ماکولا رحمۃ اللہ علیہ نے "الإكمال"[7] میں حمید الطویل کو مجہول قرار دیا ہے، "تلخيص المتشابه" کی عبارت ملاحظہ ہو:

" محمد بن زُرَيْق أبو الزاهد الموصلي، حدث عن حميد

---

[1] المداوي: ٢١/٤، رقم: ١٧٥٧، دار الكتب ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٩٩٦ء.
[2] المغير: ص: ٦١، دار الرائد العربي ـ بيروت.
[3] ميزان الاعتدال: ٦١٧/١، رقم: ٢٣٥٠، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.
[4] لسان الميزان: ٣٠٣/٣، رقم: ٢٨١٨، ت: عبد الفتاح أبوغدة، دار البشائر الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.
[5] المغني في الضعفاء: ٢٨٩/١، رقم: ١٧٩٢، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.
[6] تلخيص المتشابه في الرسم: ٢٨٧/١، رقم: ٤٥٠، ت: سكينة الشهابي ـ دمشق، الطبعة الأولى ١٩٨٥ء.
[7] الإكمال في رفع الإرتياب: ٥٨/٤، الفاروق الحديثية ـ القاهرة.

الطويل المعروف بالمُجَذَّع وليس بحميد بن تِيْرَوَيْه البصري، هذا آخر في عداد المجهولين، روى عن أبي الزاهد ابن أخيه يوسف بن المبارك القَلَّاس".

محمد بن زُرَيْق ابو زاہد مَوْصِلِی نے حمید الطویل جو اَلْمُجَذَّع سے مشہور ہے، سے روایت کی ہے، یہ (مروی عنہ) حمید بن تِیْرَوَیْہ بصری نہیں ہے، یہ حمید الطویل مجہول راویوں میں شمار ہوتے ہیں، یہ ابو زاہد اپنے بھائی کے بیٹے یوسف بن مبارک قلاس سے احادیث نقل کرتا ہے۔

اہم نوٹ

سند میں موجود راوی یوسف بن مبارک قَلَّاس کا ترجمہ نہیں مل سکا، البتہ ابو زاہد محمد بن زُرَیْق کا ترجمہ "تلخيص المتشابه"[1] میں، اور "الإكمال"[2] میں ہے، لیکن ان کے بارے میں کوئی جرح یا تعدیل نقل نہیں کی۔

روایت کا حکم

علامہ غماری رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صاف من گھڑت کہا ہے، نیز سند میں

---

[1] تلخيص المتشابه في الرسم: ۲۸۷/۱، رقم: ٤٥٠، ت: سكينة الشهابي ـ دمشق، الطبعة الأولى ۱۹۸۵ء.
"تلخیص المتشابہ" کی عبارت ملاحظہ ہو: "محمد بن زُرَيْق أبو الزاهد المَوْصِلِي، حدث عن حميد الطويل المعروف بالمُجَذَّع وليس بحميد بن تِيْرَوَيْه البصري، هذا آخر في عداد المجهولين، روى عن أبي الزاهد ابن أخيه يوسف بن المبارك اَلْقَلَّاس".

[2] الإكمال في رفع الإرتياب: ٥٨/٤، الفاروق الحديثية. القاهرة.
"الاکمال" کی عبارت ملاحظہ ہو: "ومحمد بن زُرَيْق المَوْصِلِي أبو الزاهد، حدث عن حميد الطويل المعروف بالمُجَذَّع عن أنس بن مالك، وليس حميد الطويل هذا بحميد بن تِيْرَوَيْه، هذا آخر عداده في المجهولين، روى عنه ابن أخيه يوسف بن المبارك بن زريق القلاس".

موجود راوی یوسف بن مبارک کا ترجمہ نہیں ملتا، اور محمد بن زُرَیق کے بارے میں ائمہ کا کلام نہیں ملتا، اور حمید الطویل المجذع حفاظ حدیث کے نزدیک مجہول ہے، اس تفصیل کے مطابق اس روایت کو آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

اہم فائدہ

واضح رہے کہ بارش کے پانی سے حصول شفاء سے متعلق ایک مضمون حضرت علی رضی اللہ عنہ سے موقوفاً بسند حسن "تفسير ابن أبي حاتم"[1] میں ان الفاظ سے منقول ہے، اور اس پر عمل ان کے انتساب سے درست ہے:

"حدثنا أحمد بن سنان، ثنا عبد الرحمن بن مهدي، عن سفيان، عن السدي[2]، عن يعفور بن المغيرة بن شعبة، عن علي، قال: إذا اشتكى أحدكم شيئا، فليسأل امرأته ثلاثة دراهم أو نحو ذلك، فليبتع عسلا، ثم يأخذ ماء السماء، فيجتمع هنيئا مريئا شفاء مباركا".

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب تم میں سے کسی کو کوئی تکلیف ہو تو اسے چاہئے کہ اپنی بیوی سے تین درہم یا اس جیسے کچھ درہم مانگے، ان سے شہد

---

[1] تفسير ابن أبي حاتم:ص:٨٦٢،رقم:٤٧٧٩،ت:أسعد محمد الطيب،مكتبة نزار مصطفى الباز ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[2] توضيح المشتبه:ص:٢٣٨/٩،ت:محمد نعيم العرقسوسي،مؤسسة الرسالة ـ بيروت .

"السدي هذا هو الكبير إسماعيل بن عبد الرحمن بن أبي كريمة الكوفي، أما السدي الصغير فهو محمد بن مروان، كوفي متهم".

واضح رہے کہ یہ سدی، سدی کبیر ہے، جن کا نام اسماعیل بن عبد الرحمن بن ابی کریم کوفی ہے، یہ راوی محمد بن مروان سدی صغیر کوفی کے علاوہ ہے، سدی صغیر متہم ہے۔

خرید ے، پھر بارش کا پانی لے اور شہد اور پانی کو ملا لے، تو اس میں خوشگوار و نفع بخش اور بابرکت شفاء جمع ہو جائی گی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ موقوف طریق سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے ان کتب میں بھی موجود ہے: "تفسير سفيان ثوري"[1]، "تفسير ابن منذر"[2] "مصنف لابن أبي شيبه"[3]۔

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے قول پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "فتح الباري"[4] میں حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کو "بسند حسن" کہہ کر ذکر کیا ہے۔

---

[1] تفسير سفيان ثوري:ص:٨٧،رقم:١٨٦،دار الكتب العلمية۔بيروت.

[2] تفسير ابن منذر:ص:٥٦٠،رقم:١٣٤٧،ت:سعد بن محمد السعد،دار المآثر ۔ مدينة المنوره، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ۔

[3] مصنف لابن أبي شيبه:٥٩/٥،رقم:٢٣٦٨٧،دار التاج ۔بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٩هـ.

[4] فتح الباري:١٧٠/١٠،رقم:٥٧١٦،دار المعرفة ۔بيروت،الطبعة ١٣٧٩ء .

روایت نمبر(۶)

روایت: ”من صلى الفجر في جماعة، وخرج من المسجد فمر بعشرين نفسا فسلم عليهم، ثم مات في ذلك اليوم غفر له“.

جو شخص نمازِ فجر جماعت کے ساتھ پڑھ لے، اور مسجد سے باہر جائے اور بیس افراد پر گزرتے ہوئے انھیں سلام کرے، پھر اگر یہ شخص اسی دن مر گیا تو اس کی بخشش ہو جائے گی۔

حکم: من گھڑت۔

روایت کا مصدر

حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ”الزیادات علی الموضوعات“[1] میں لکھتے ہیں:

”الديلمي: أخبرنا والدي، أخبرنا الحسن بن أحمد المرجاني، أخبرنا عبد الله بن علي بن حمويه بن أبرك، حدثنا علي بن الحسن بن الربيع القرشي، حدثنا أبو جعفر محمد بن يحيى بن محمد بن مرداس السلمي ببغداد، حدثنا أبو بكر محمد بن عبد الله بن ثابت الأشناني، حدثنا أحمد بن أبي موسى الرَمْلِي بالرملة، حدثنا أبو عامر العقدي، عن مالك، عن نافع، عن ابن عمر، رفعه: من صلى الفجر في جماعة، وخرج من المسجد فمر بعشرين نفسا فسلم عليهم، ثم مات في ذلك اليوم غفر له. الأشناني دجال“.

---

[1] الزيادات على الموضوعات: ٤١١/١، رقم: ٤٨٧، ت: رامز خالد حاج حسن، مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص نمازِ فجر جماعت کے ساتھ پڑھ لے، اور مسجد سے باہر جائے اور بیس افراد پر گزرتے ہوئے انھیں سلام کرے، پھر اگر یہ شخص اسی دن مر گیا تو اس کی بخشش ہو جائے گی۔ (امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سند میں موجود راوی) اشنانی دجال ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الزيادات على الموضوعات"[1] میں اسے من گھڑت قرار دیا ہے، اور علت سند کے راوی ابو بکر محمد بن عبد اللہ بن ثابت اشنانی کو قرار دیا ہے۔

علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے "تذكرة الموضوعات"[2] میں، علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الفوائد المجموعة"[3] میں اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[4] میں حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

سند میں موجود راوی ابو بکر محمد بن عبد اللہ بن ابراہیم بن ثابت اشنانی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ خطیب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "وكان كذابا،يضع الحديث"[5]. یہ

---

[1] الزيادات على الموضوعات: ٤١١/١،رقم:٤٨٧،ت:رامز خالد حاج حسن،مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

[2] تذكرة الموضوعات:ص:١٦٤،دار أحياء التراث العربي ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٣٩٩هـ.

[3] الفوائد المجموعة:٢٣٥/١،رقم:٥٤،ت:عبد الرحمن بن يحيي المعلمي اليماني،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة ١٤١٦هـ.

[4] تنزيه الشريعة:١١٩/٢،رقم:١٢٠،ت:عبد الوهاب عبد اللطيف وعبد الله محمد الصديق،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

[5] تاريخ بغداد:٤٥٦/٣، رقم: ٩٨٣، ت:بشار عواد،دار الغرب الإسلامي ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

کذاب تھا، حدیث گھڑتا تھا۔

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروکین"[1] میں لکھتے ہیں: "قال الدارقطني: كذاب، دجال ...". دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ وہ جھوٹا، دجال ہے۔۔۔"۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[2] میں لکھتے ہیں: "دجال، وضاع". یہ دجال ہے، حدیث گھڑنے والا ہے۔

روایت کا حکم

اس روایت کو امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے من گھڑت قرار دیا ہے، اُن کے کلام پر علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے، اس لئے اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

---

[1] الضعفاء والمتروكين: ۷۹/۳، رقم: ۳۰۸۸، ت: عبدالله القاضي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[2] المغني في الضعفاء: ۲۲۳/۲، رقم: ۵۷۰۲، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر .

روایت نمبر⑦

روایت: ایک مرتبہ آل محمد ﷺ پر چار دن بھوک کی حالت میں گزرے، آپ ﷺ اللہ تعالی کی بارگاہ میں خوب گڑ گڑائے، اللہ تعالی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ذریعے وافر مقدار میں کھانا اور دیگر اشیاء بھجوائیں، پھر آپ ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے دعا کی: یا اللہ میں عثمان سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہو جا۔

حکم: شدید ضعیف ہے، حتی کہ حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے اسے من گھڑت تک کہا ہے، بہر صورت اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت کا مصدر

حافظ ابو حفص ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ ”شرح مذاهب أهل السنة“[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

”حدثنا أحمد بن محمد بن محمد بن سليمان الباغندي، ثنا علي بن حرب، ثنا محمد بن يعلى الثقفي، عن أبي نعيم عمر، هو ابن صبح، عن خالد بن ميمون، عن عبد الكريم بن أبي أمية، عن طاوس، عن عائشة، قالت: مكث آل محمد صلى الله عليه وسلم أربعة أيام ما طعموا شيئا، حتى تضاغوا صبيانهم، فدخل علي النبي صلى الله عليه

---

[1] شرح مذاهب أهل السنة:ص:١٣٥،رقم:٩٨،ت:عادل بن محمد،مؤسسة قرطبة،الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

وسلم، فقال: يا عائشة! هل أصبتم بعدي شيئا؟ فقلت: من أين إن لم يأتنا الله به على يدك، فتوضأ وخرج مستحثا، يصلي هاهنا مرة وهاهنا مرة يدعو.

قالت: فأتانا عثمان من آخر النهار، فاستأذن، فهممت أن أحجبه، ثم قلت: هو رجل من مكاثير المسلمين، لعل الله إنما ساقه إلينا، ليجري لنا على يديه خيرا، فأذنت له، فقال: يا أمتاه! أين رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ فقلت: يا بني! ما أطعم آل محمد من أربعة أيام شيئا، فدخل رسول الله صلى الله عليه وسلم متغيرا ضامر البطن، فأخبرته بما قال لها، وبما ردت عليه، فبكى عثمان، ثم قال: مقتا للدنيا، ثم قال: يا أم المؤمنين! ما كنت بحقيقة أن ينزل بك مثل هذا، ثم لا تذكرينه لي، ولعبد الرحمن بن عوف، ولثابت بن قيس، ونظائرنا من مكاثير المسلمين.

ثم خرج، فبعث إلينا بأحمال من الدقيق، وأحمال من الحنطة، وأحمال من التمر، وبمسلوخ، وبثلاثمائة درهم في صرة، ثم قال: هذا يبطئ عليكم، فأتى بخبز وشواء كثير، فقال: كلوا أنتم هذا، واصنعوا لرسول الله صلى الله عليه وسلم حتى يجيء، ثم أقسم علي أن لا يكون مثل هذا إلا أعلمته إياه.

قالت: ودخل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: يا عائشة! هل أصبتم شيئا بعدي؟ قالت: نعم يا رسول الله! قد علمت

أنك إنما خرجت تدعو الله، وقد علمت أن الله لم يردك عن سؤالك، قال: فما أصبتم؟ قلت: كذا وكذا حمل بعير دقيق، وكذا وكذا حمل بعير حنطة، وكذا وكذا حمل بعير تمرا، وثلاثمائة درهم في صرة، وخبز، وشواء كثير، فقال: ممن؟ فقلت: من عثمان بن عفان، دخل علي، فأخبرته، فبكى، وذكر الدنيا بمقت، وأقسم علي أن لا يكون فينا مثل هذا إلا أعلمته، قالت: فما جلس النبي صلى الله عليه وسلم حتى خرج إلى المسجد، ورفع يديه، وقال: اللهم إني قد رضيت عن عثمان، فارض عنه، ثلاثا.

تفرد عثمان بهذه الفضيلة، لم يشركه في هذه المكرمة أحد".

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر چار دن ایسے بھی گزرے ہیں کہ انہوں نے کچھ بھی نہیں کھایا تھا یہاں تک کہ بچے بھوک سے بلبلانے لگے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا: کیا تمہارے پاس میرے جانے کے بعد کھانے کی کوئی چیز آئی ہے؟ میں نے کہا: اگر اللہ تعالی ہمیں آپ کے ہاتھوں نہ دیں تو کہاں سے آئے؟ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا اور چادر میں لپٹے ہوئے باہر آئے، کبھی یہاں نماز پڑھتے کبھی وہاں نماز پڑھتے، دعا مانگتے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ دن کے آخری حصے میں عثمان ہمارے پاس تشریف لائے اور اجازت چاہی، میں پردہ کے اوٹ میں ہوگئی اور سوچنے لگی

کہ وہ مال دار مسلمانوں میں سے ہیں، شاید کہ اللہ رب العزت نے ان کو ہمارے پاس اس وجہ سے بھیجا ہے تاکہ ان کے ہاتھ سے ہمارے لئے کوئی خیر جاری ہو، میں نے ان کو اجازت دی، انہوں نے فرمایا: اے میری ماں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہاں ہیں؟ میں نے کہا: اے میرے بیٹے! آلِ محمد نے چار دن سے کچھ نہیں کھایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس بدلی ہوئی حالت، پیٹ کمر سے لگے ہوئے ہونے کی حالت میں تشریف لائے تھے، چنانچہ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جو جواب دیا تھا اس کی ان کو خبر دی، تو حضرت عثمان رونے لگے، اور انہوں نے فرمایا: دنیا کا ناس ہو، پھر ام المؤمنین کو مخاطب کرتے ہوئے عرض کیا: اے ام المؤمنین! آپ حقیقت پر نہیں ہوں گی اگر آپ پر اس طرح کی کوئی مصیبت نازل ہو پھر آپ اس کا تذکرہ نہ مجھ سے کریں، نہ عبد الرحمن بن عوف سے، نہ ہی ثابت بن قیس سے، اور نہ ہی ہم جیسوں سے جو مال دار مسلمانوں میں سے ہیں۔

یہ کہہ کر وہ چلے گئے، اور انہوں نے ہمیں بہت زیادہ مقدار میں آٹا، گندم، کھجور، اتری ہوئی کھال اور تین سو دراہم کا ایک تھیلا بھجوایا، پھر فرمایا: اس کے بنانے میں دیر لگے گی، پھر روٹی اور بہت سارا بھنا ہوا گوشت لے کر آئے، اور فرمایا: آپ بھی کھائیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ان کے آنے تک رکھیں، پھر مجھے قسم دی کہ جب بھی ایسے حالات ہوں آپ مجھے ہی بتائیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور فرمایا: ائے عائشہ! کیا تمہارے پاس میرے جانے کے بعد کھانے کی کوئی چیز آئی ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جی یا رسول اللہ! جب آپ تشریف لے گئے تو میں

سمجھ گئی تھی کہ آپ اللہ تعالی سے دعا کے لئے تشریف لے گئے ہیں، اور میں یہ بھی سمجھ گئی تھی کہ اللہ تعالی آپ کی دعا کو رد نہیں کریں گے، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: کیا چیز آئی ہے؟ میں نے کہا: اتنا اتنا اونٹ بھر کر آٹا، اتنا اونٹ بھر کر گندم، اتنا اونٹ بھر کر کھجور، تین سو دراہم سے بھرا ہوا ایک تھیلا، روٹی اور بہت سارا بھنا ہوا گوشت، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: کس کی طرف سے؟ میں نے کہا: عثمان بن عفان کی طرف سے، وہ آئے تھے میں نے ان کو حالات بتائے تو وہ رونے لگے، اور انہوں نے دنیا کا انتہائی بغض کے ساتھ ذکر کیا، اور مجھے قسم دی کہ جب بھی ایسے حالات ہوں آپ مجھے بتائیں، حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا فرماتی ہیں نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم بیٹھے بھی نہیں کہ مسجد تشریف لے گئے، اور دونوں ہاتھ اٹھائے اور فرمایا: یا اللہ میں عثمان سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہو جا، تین مرتبہ یہ دعا فرمائی۔

عثمان رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اس فضیلت کے حصول میں متفرد ہیں، کوئی بھی اس فضیلت میں ان کا شریک نہیں ہے۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت علامہ ابو طاہر مُخَلِّص محمد بن عبد الرحمن بغدادی ذہبی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ (المتوفی ۳۹۳ھ) نے "اَلْمُخَلِّصِيَّات"[1] میں، حافظ ابو نعیم اصبہانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ نے "فضائل الخلفاء الأربعة"[2] میں، حافظ ابن عساکر رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ نے "تاریخ دمشق"[3] میں اور علامہ ابن قدامہ مقدسی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ نے "الرقة والبكاء"[4] میں تخریج کی ہے، تمام

---

[1] المخلصيات: ٣٦٦/٣، رقم: ٢٧٣٠، ت: نبيل سعد الدين جرار، دار النوار ـ الكويت، الطبعة الثانية ١٤٣٢هـ.
[2] فضائل الخلفاء الأربعة: ص: ٥١، رقم: ٣٢، ت: صالح بن محمد العقيل، دار البخاري ـ المدينة المنورة.
[3] تاريخ دمش: ٥٢/٣٩، ت: محب الدين أبي سعيد عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٦هـ.
[4] الرقة والبكاء: ص: ١٨٧، ت: محمد خير رمضان يوسف، دار القلم ـ دمشق، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

سندیں سند میں موجود راوی احمد بن محمد بن محمد بن سلیمان باغندی پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ "فضائل الخلفاء الأربعة"[1] میں فرماتے ہیں:

"وهذا حديث غريب من حديث محمد بن يعلى عن عمر بن صبح، لا أعلم رواه غيره، وفيه لين". محمد بن یعلی کی عمر بن صبح سے منقول یہ حدیث غریب ہے، مجھے معلوم نہیں کہ اس کے علاوہ بھی کسی نے اسے روایت کیا ہو، اور اس میں "لین" ہے۔

اہم فائدہ: حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے عمر بن صبح کو حدیث گھڑنے والا قرار دیا ہے، تفصیل آگے آرہی ہے۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ "الزيادات على الموضوعات"[2] میں اس روایت کو من گھڑت روایات میں شمار کرکے حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "وعبد الكريم أبو أمية، قال في المغني: كذبه أيوب السختياني، وضرب أحمد على حديثه، وقال ابن معين: ليس بشيء".

---

[1] فضائل الخلفاء الأربعة:ص:۵۲،رقم:۳۲،ت:صالح بن محمد العقيل،دار البخاري ـ المدينة المنورة.

[2] الزيادات على الموضوعات:۲۳۸/۱،ت:رامز خالد حاج حسن،مكتبة المعارف ـ الرياض،الطبعة الأولى ۱۴۳۱هـ.

اور عبد الکریم بن امیہ کے بارے میں "مغنی" میں ہے: ایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو جھوٹا کہا ہے، اور احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی حدیث کو دے مارا ہے، اور ابن معین رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ "لیس بشیء" ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[1] میں مذکورہ روایت فصل ثالث میں ذکر کر کے امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

واضح رہے کہ علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ "تنزيه الشريعة"[2] کے مقدمہ میں عمر بن صبح بلخی کے بارے میں فرماتے ہیں: "عمر بن صبح البلخي عن قتادة وغيره كذاب، اعترف بالوضع". قتادہ وغیرہ سے نقل کرنے والا عمر بن صبح بلخی جھوٹا ہے، اس نے حدیث گھڑنے کا خود اعتراف کیا ہے۔

اہم نوٹ: ذیل میں سند میں موجود تین راویوں عمر بن صبح، محمد بن یعلی ثقفی اور عبد الکریم ابو امیہ کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال تفصیل سے لکھے جائیں گے۔

① سند میں موجود راوی ابو نعیم عمر بن صبح بن عمران تیمی خراسانی سمرقندی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

امام ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ "الجرح والتعديل"[3] میں فرماتے ہیں: "منكر الحديث".

---

[1] تنزيه الشريعة: ۳۹۲/۱، رقم: ۱۳٤، ت: عبدالوهاب عبداللطيف، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الثانية ۱٤۰۱هـ.
[2] تنزيه الشريعة: ۹۱/۱، رقم: ۳۷۵، ت: عبدالوهاب عبداللطيف، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الثانية ۱٤۰۱هـ.
[3] الجرح التعديل: ۱۱٦/٦، رقم: ٦۲۹، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الأولى ۱۳۷۲هـ.

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”كان ممن يضع الحديث على الثقات، لا يحل كتابة حديثه إلا على جهة التعجب لأهل الصناعة فقط“[1]. یہ ان لوگوں میں سے ہے جو ثقہ لوگوں پر حدیثیں گھڑتے تھے، اس کی حدیث کو لکھنا حلال نہیں ہے، سوائے تعجب کے صرف اہل صناعت کے لئے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ ”الكامل“[2] میں فرماتے ہیں: ”منكر الحديث، عن مقاتل بن حيان وغيره“. یہ منکر الحدیث ہے، مقاتل بن حیان اور ان کے علاوہ سے حدیثیں نقل کرتا ہے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ مزید فرماتے ہیں: ”ولعمر بن صبح غير ما ذكرت من الحديث، وعامة ما يرويه غير محفوظ لا متنا ولا إسنادا“[3]. عمر بن صبح کی میری ذکر کردہ احادیث کے علاوہ بھی احادیث موجود ہیں، ان کی اکثر روایات محفوظ نہیں ہیں نہ متن کے لحاظ سے اور نہ ہی سند کے لحاظ سے۔

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”عمر بن صبح عن قتادة ومقاتل الموضوعات“[4]. عمر بن صبح، قتادہ اور مقاتل کے انتساب سے من گھڑت احادیث نقل کرتا ہے۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ عمر بن صبح کے بارے میں فرماتے ہیں: ”روى عن قتادة و مقاتل بن حيان أحاديث موضوعة“[5]. قتادہ اور

---

[1] المجروحين: ٨٨/٢،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت.

[2] الكامل:٤٧/٦،رقم:١١٩٧،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[3] الكامل:٥١/٦،رقم:١١٩٧،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[4] الضعفاء لأبي نعيم:ص:١١٣،رقم:١٥١،ت:فاروق حمادة،مطبعة النجاح الجديدة.

[5] المدخل إلى الصحيح: ص: ١٦٣، رقم: ١١٣،ت:ربيع هادي عمير المدخلي،مؤسسة الرسالة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

مقاتل بن حیان کے انتساب سے من گھڑت احادیث نقل کرتا ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ یحیی یشکری سے علی بن جریر کا یہ قول نقل کرتے ہیں:

"سمعت عمر بن صبح يقول: أنا وضعت خطبة النبي صلى الله عليه وسلم"[1]. میں نے عمر بن صبح کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ میں نے گھڑا ہے۔

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "متروك"[2].

حافظ ازدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كذاب"[3].

حافظ احمد بن علی سلیمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "عمر بن الصبح الذي وضع آخر خطبة النبي صلى الله عليه وسلم"[4]. عمر بن صبح وہ شخص ہے جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری خطبہ گھڑا تھا۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "ميزان الاعتدال"[5] میں فرماتے ہیں: "ليس بثقة ولا مأمون".

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ ہی ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "هالك، اعترف بوضع الحديث"[6]. ہالک ہے، اس نے حدیث گھڑنے کا اعتراف کیا ہے۔

---

[1] الكامل:٤٧/٦،رقم:١١٩٧،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[2] ميزان الاعتدال:٢٠٧/٣،رقم:٦١٤٧،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[3] ميزان الاعتدال:٢٠٧/٣،رقم:٦١٤٧،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[4] ميزان الاعتدال:٢٠٧/٣،رقم:٦١٤٧،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[5] ميزان الاعتدال:٢٠٦/٣،رقم:٦١٤٧،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[6] المغني في الضعفاء:٤٥/٢،رقم:٤٤٩٤،ت:نورالدين عتر،إحياءالتراث الإسلامي ـ قطر.

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "تقریب التهذیب"[1] میں فرماتے ہیں:
"متروك، كذبه ابن راهويه". یہ متروک ہے، ابن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو جھوٹا کہا ہے۔

② سند میں موجود راوی محمد بن یعلی ثقفی سلمی کوفی زنبور (المتوفی ۲۰۵ھ) کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ محمد بن یعلی کے بارے میں لکھتے ہیں: "يتكلم فيه"[2].

امام ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن یعلی کو "متروك الحديث" کہا ہے[3]۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن یعلی کو "ليس بثقة" کہا ہے[4]۔

حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "ضعيف" کہا ہے[5]۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان ممن يخطئ، حتى يجيء بما يحدث به مقلوبا، فإذا سمعه من الحديث صناعته علم أنه معمول أو مقلوب، فلا يجوز الاحتجاج به فيما خالف الثقات من الروايات، ولا فيما انفرد وإن لم يخالف الأثبات"[6].

یہ ان لوگوں میں سے تھا جو غلطی کرتے تھے، یہاں تک کہ وہ مقلوب

---

[1] تقريب التهذيب:ص: ٤١٤،رقم: ٤٩٢٢،ت:محمد عوامة،دار الرشيد ـ سوريا،الطبعة الثالثة ١٤١١هـ.

[2] التاريخ الكبير: ٢٦٥/١،رقم: ٨٦١،ت:مصطفى عبد القادر عطا،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[3] الجرح التعديل: ١٣١/٤،رقم: ٥٨٧،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[4] ميزان الاعتدال: ٧١/٤،رقم: ٨٣٣٩،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[5] ميزان الاعتدال: ٧١/٤،رقم: ٨٣٣٩،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[6] المجروحين: ٢٦٧/٢،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت.

روایات بیان کرنے لگا، چنانچہ جب اہل صناعت میں سے کوئی اس کی روایت سنتا تو جان لیتا تھا کہ یہ بنائی ہوئی ہے یا مقلوب روایت ہے، چنانچہ اس کی اس روایت سے احتجاج درست نہیں جس میں اس نے ثقہ راویوں کی مخالفت کی ہے، اور نہ ہی اس روایت سے کہ جس میں یہ متفرد ہو اگرچہ وہ روایت ثبت لوگوں کے مخالف نہ ہو۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "میزان الاعتدال"[1] میں فرماتے ہیں: "وشذ أبو كريب فروى عنه، وقال: كان ثقة". ابو کریب رحمۃ اللہ علیہ نے شذوذ اختیار کرتے ہوئے محمد بن یعلی سے روایت کی ہے، اور محمد بن یعلی کو ثقہ کہا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "میزان الاعتدال"[2] میں محمد بن یعلی کو "واه"، اور "الكاشف"[3] میں "متروك" کہا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "تقریب"[4] میں اسے "ضعیف" کہا ہے۔

③ سند میں موجود راوی عبد الکریم بن ابی المخارق ابو امیہ معلم (المتوفی ۱۲۷ھ) کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

امام ایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لاتحمل عن عبد الكريم بن أبي أمية، فإنه ليس بشيء"[5]. عبد الکریم بن امیہ سے تحمل حدیث مت کرو، کیونکہ وہ لیس بشیء ہے۔

---

[1] ميزان الاعتدال: ٧١/٤، رقم: ٨٣٣٩، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[2] ميزان الاعتدال: ٢٠٧/٣، رقم: ٦١٤٧، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[3] الكاشف: ٢٣٢/٢، رقم: ٥٢٣١، ت: محمد عوامة، دار القبلة للثقافة الإسلامية ـ جدة، الطبعة الأولى ١٤١٣هـ.

[4] تقريب التهذيب: ص: ٥١٤، رقم: ٦٤١٢، ت: محمد عوامة، دار الرشيد ـ حلب، الطبعة الثالثة ١٤١١هـ.

[5] ميزان الاعتدال: ٦٤٦/٢، رقم: ١٥٧٢، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

امام فلاس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان يحيى وابن مهدي لا يحدثان عن عبد الكريم المعلم"[1]. یحیی رحمۃ اللہ علیہ اور ابن مہدی رحمۃ اللہ علیہ، عبد الکریم معلم سے حدیث بیان نہیں کرتے تھے۔

امام یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے عبد الکریم کو "ليس بشيء" کہا ہے[2]۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "قد ضربت على حديثه، هو شبه المتروك"[3].

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ اور امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "متروك" کہا ہے[4]۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "ميزان الاعتدال"[5] میں فرماتے ہیں: "وقد أخرج له البخاري تعليقا، ومسلم متابعة، وهذا يدل على أنه ليس بمطرح". بخاری رحمۃ اللہ علیہ تعلیقاً ان کی حدیث لائے ہیں، اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے متابعت میں ان کی روایت کی تخریج کی ہے، چنانچہ اس سے معلوم ہوا کہ یہ مطرح نہیں ہے۔

حافظ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بصري، لا يختلفون في ضعفه، إلا أن منهم من يقبله في غير الاحكام خاصة، ولا يحتج به، وكان مؤدب كتاب، حسن السمت، غر مالكا منه سمته، ولم يكن من أهل بلده فيعرفه، كما غر الشافعي من إبراهيم ابن أبي يحيى حذقه ونباهته،

[1] ميزان الاعتدال: ٦٤٦/٢، رقم: ١٥٧٢، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.
[2] ميزان الاعتدال: ٦٤٦/٢، رقم: ١٥٧٢، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.
[3] ميزان الاعتدال: ٦٤٦/٢، رقم: ١٥٧٢، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.
[4] ميزان الاعتدال: ٦٤٦/٢، رقم: ١٥٧٢، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.
[5] ميزان الاعتدال: ٦٤٦/٢، رقم: ١٥٧٢، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

وهو أيضا مجمع على ضعفه، ولم يخرج مالك عنه حكما، بل ترغيبا وفضلا"[1].

یہ بصری ہے، ان کے ضعف میں اختلاف نہیں ہے، لیکن بعض ائمہ ان کو صرف احکام کے باب کے علاوہ ہی میں قبول کرتے ہیں، اس سے احتجاج درست نہیں ہے، وہ کاتبین کا مؤدب تھا، بظاہر اچھی حالت میں تھا، اس کی حالت سے مالک رحمۃ اللہ علیہ کو دھوکہ ہو گیا تھا، کیونکہ وہ ان کے شہر کا نہیں تھا ورنہ وہ اسے جان لیتے، جیسے شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو ابراہیم بن ابی یحیی کی مہارت اور ان کی سمجھ سے دھوکہ ہوا، وہ بھی متفق علیہ ضعیف تھا، اور مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے حکم میں کوئی روایت تخریج نہیں کی ہے، صرف ترغیب اور فضیلت کے باب میں حدیث تخریج کی ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس زیر بحث حدیث کے ضعفِ شدید کی جانب اشارہ کیا ہے، کیونکہ انہوں نے تخریج روایت کے بعد سند میں موجود راوی عمر بن صبح کے ضعف کی طرف اشارہ فرمایا ہے، اور اسی عمر بن صبح کو حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث گھڑنے والا قرار دیا ہے۔

نیز قطع نظر خاص اس روایت کے اس عمر بن صبح کو حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ازدی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ اسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث گھڑنے والا قرار دیا ہے، بلکہ متعدد ائمہ کی تصریحات کے مطابق یہ عمر بن صبح بذاتِ خود اقرار کرتا ہے کہ اس نے حدیث گھڑی ہے۔

---

[1] ميزان الاعتدال: ٦٤٦/٢، رقم: ١٥٧٢، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس زیر بحث روایت کو من گھڑت قرار دیا ہے، اور اس پر علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے۔

الحاصل یہ روایت اس سند سے شدید ضعیف ہے حتی کہ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے اسے من گھڑت تک کہا ہے، بہر صورت اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر⑧

روایت: ”هلك المسوفون“. ٹالنے والے ہلاک ہو گئے۔

حکم: شدید ضعیف، بیان نہیں کر سکتے۔

روایت کا مصدر

علامہ فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۳۷۳ھ) ”تنبيه الغافلين“[1] میں لکھتے ہیں:

”و روي عن جويبر، عن الضحاك، عن ابن عباس، عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: هلك المسوفون. والمسوف من يقول: سوف أتوب“.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسوفون ہلاک ہو گئے، اور مسوف اُس شخص کو کہتے ہیں جو کہے کہ میں عنقریب توبہ کروں گا۔

سند میں موجود راوی ابو القاسم جویبر بن سعید بلخی ازدی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ یحیی بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”كنت أعرف جويبرا بحديثين يعني ثم أخرج هذه الأحاديث بعد، فضعفه“[2]. میں جویبر کو دو حدیثوں سے پہچانتا ہوں،

---

[1] تنبيه الغافلين: ص: ۵۹، ت: عبد اللطيف حسن عبد الرحمن، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[2] التاريخ الكبير: ۲۳۶/۲، رقم: ۲۳۸۳، ت: مصطفى عبد القادر، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ۱۴۲۹ھ.

یعنی پھر اس کے بعد یحیی رحمۃ اللہ علیہ نے اِن احادیث کی تخریج کی، (اور پھر انھوں نے) جویبر کی تضعیف کی۔

علامہ عبد اللہ بن علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”وسألته يعني أباه عن جويبر بن سعيد، فضعفه جدا، قال: وسمعت أبي، يقول: جويبر أكثر على الضحاك، روى عنه أشياء مناكير“[1]. میں نے اپنے والد علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ سے جویبر کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے جویبر کو شدید ضعیف قرار دیا، نیز میں نے اپنے والد کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ جویبر ضحاک سے کثرت سے نقل کرتا ہے، یہ ضحاک سے منکر خبریں نقل کرتا ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”جويبر ما كان عن الضحاك فهو على ذاك أيسر، وما كان يسند عن النبي صلى الله عليه وسلم فهي منكرة“[2]. جویبر جو روایت ضحاک سے نقل کرے تو ان کا معاملہ آسان ہے، البتہ جو احادیث آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے نقل کرے وہ منکر ہیں۔

اور ایک دوسرے مقام پر امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”لا تشتغل بحديثه“[3]. اس کی حدیث میں مشغول نہ ہوں۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”جويبر ليس بشيء، ضعيف، ما أقربه من عبيدة الضبي ومحمد بن سالم وجابر الجعفي“[4]. جویبر

---

[1] تاريخ بغداد: ۱۸۱/۸، رقم: ۳۶۹۵، ت: بشار عواد معروف، دار الغرب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۲۲ھـ.
[2] الجرح والتعديل: ٥٤١/۲، رقم: ۲۲٤٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱۳۷۱ھـ.
[3] الكامل في ضعفاء الرجال: ۳٤٠/۲، رقم: ۳۲۹، ت: عادل أحمد، وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.
[4] الجرح والتعديل: ٥٤١/۲، رقم: ۲۲٤٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱۳۷۱ھـ.

لیس بشيء، ضعیف ہے، یہ عبید، محمد بن سالم اور جابر جعفی کے کتنا ہی قریب ہے۔

حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے جویبر بلخی کو "لیس بالقوي"[۱] کہا ہے۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لا يشتغل به"[۲]. اس میں مشغول مت ہو۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ جویبر کے بارے میں لکھتے ہیں: "أنا أبرأ إلى الله من عهدة جويبر"[۳]. میں جویبر کے ذمہ سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "يروي عن الضحاك أشياء مقلوبة"[۴]. یہ ضحاک سے مقلوب احادیث نقل کرتا ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "متروك الحديث"[۵].

اور ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "ليس بثقة"[۶].

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے جویبر بلخی کو "متروك الحديث"[۷] کہا ہے۔

---

[۱] الجرح والتعديل:٥٤١/٢،رقم:٢٢٤٦،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧١هـ.

[۲] ميزان الاعتدال:٤٢٧/١،رقم:١٥٩٣،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[۳] انظر كتاب الموضوعات:٢٠٤/٢،ت:عبد الرحمن محمد عثمان، المكتبة السلفية ـ المدينة المنورة،الطبعة الأولى١٣٨٦هـ.

[۴] المجروحين:٢١٧/١،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت .

[۵] الضعفاء والمتروكين:ص:٧٣، رقم:١٠٦،ت:بوران الضناوي وكمال يوسف الحوت،مؤسسة الكتب الثقافية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

[۶] تهذيب الكمال:١٧٠/٥،رقم:٩٨٥،ت:بشارعواد معروف،مؤسسة الرسالة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

[۷] ميزان الاعتدال:٤٢٧/١،رقم:١٥٩٣،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

علامہ ابو عبید آجری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "سألت أبا داود، عن جويبر، والكلبي؟ فقدم جويبرا، وقال: جويبر على ضعفه، والكلبي متهم"[1]. **میں نے ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ سے جویبر اور کلبی کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے جویبر کو مقدم رکھتے ہوئے فرمایا: جویبر ضعف پر ہے، اور کلبی متہم ہے۔**

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "والضعف على حديثه ورواياته بين"[2]. **اس کی حدیث اور اس کی روایات میں ضعف ایک واضح چیز ہے۔**

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "الكاشف"[3] **میں جویبر کے متعلق لکھتے ہیں:** "تركوه". **محدثین نے اسے متروک قرار دیا ہے، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ ہی** "ديوان الضعفاء"[4] **میں فرماتے ہیں:** "متروك الحديث".

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "تقريب التهذيب"[5] **میں فرماتے ہیں:** "ضعيف جدا".

اہم فائدہ:

واضح رہے کہ شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الغنية لطالبي طريق الحق عزوجل"[6] **میں یہ روایت ان لفظوں سے نقل کی ہے:**

---

[1] سؤالات أبي عبيد الآجري: ۳۳٦/۱، رقم: ۵۷۸، ت: عبد العليم عبد العظيم البستوي، مؤسسة الريان ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱۸ھـ.

[2] الكامل: ۳٤۱/۲، رقم: ۳۲۹، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[3] الكاشف: ۲۹۸/۱، رقم: ۸۲٦، ت: محمد عوامة و أحمد محمد نمر الخطيب، مؤسسة علوم القرآن ـ جدة.

[4] المغني في الضعفاء: ۵۲/۱، رقم: ۱۰٦، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[5] تقريب التهذيب: ص: ۱٤۳، رقم: ۹۸۷، ت: محمد عوامه، دار الرشيد ـ حلب، الطبعة الثالثة ۱٤۱۱ھـ.

[6] الغنية لطالبي طريق الحق: ۲٤۵/۱، رقم: ۹۸۷، ت: أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱۷ ھـ.

”وروي عن ابن عباس رضي الله عنهما، عن النبي، أنه قال: هلك المسوفون، يقول سوف نتوب“. حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسوفون ہلاک ہوگئے، جو کہتے ہیں کہ ہم عنقریب توبہ کرلیں گے۔

روایت کا حکم

اس روایت کی سند میں موجود راوی جویبر بن سعید کے بارے میں حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ، امام علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ، امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے جرح کے شدید صیغے استعمال کئے ہیں (جیسے: لیس بشیء، لیس بثقہ، متروک الحدیث، ترکوہ، میں جویبر کے ذمہ سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں، ضعیف جداً)، چنانچہ یہ روایت اس خاص تناظر میں کہ جویبر بن سعید اسے نقل کرنے میں متفرد بھی ہے، کسی بھی طرح ضعف شدید سے خالی نہیں ہوسکتی، اس لئے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرکے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر ⑨

روایت: جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی۔

حکم: من گھڑت

اس روایت کے تین طریق ہیں:

① روایت بطریق جویبر بن سعید ازدی ② روایت بطریق اسماعیل بن معمر بن قیس ③ روایت بطریق ابو طالب عُشَارِی۔

روایت بطریق جویبر بن سعید ازدی بلخی

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ "شعب الإيمان"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"أخبرناه أبو عبد الله الحافظ، قال: أخبرني عبد العزيز بن محمد بن إسحاق، نا علي بن محمد الوراق، نا الحسين بن بشر، نا محمد بن الصلت، نا جويبر، عن الضحاك، عن ابن عباس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه و سلم: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد أبدا".

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی۔

---

[1] شعب الإيمان: ٣٦٧/٣، رقم: ٣٧٩٧، ت: محمد السعيد بن بسيوني زغلول، دار الكتب العلمية۔ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "فضائل الأوقات"[۱] میں بھی ذکر کی ہے، اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "کتاب الموضوعات"[۲] میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے اس کی تخریج کی ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "شعب الإیمان"[۳] میں روایت کو تخریج کرنے سے پہلے اسے "اسنادہ ضعیف بمرۃ" کہا ہے، پھر تخریجِ روایت کے بعد فرماتے ہیں:

"و كذلك رواه بشر بن حمدان بن بشر النيسابوري، عن عمه الحسين بن بشر، و لم أر ذلك في رواية غيره عن جويبر، وجويبر ضعيف، و الضحاك لم يلق ابن عباس". اور اسی طرح اسے بشر بن حمدان بن بشر نیشاپوری نے اپنے چچا حسین بن بشر سے روایت کیا ہے، اور میں نے اس روایت کو کسی دوسرے کی روایت میں جویبر سے نقل کرتے ہوئے نہیں دیکھا، اور جویبر ضعیف ہے، اور ضحاک کی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ملاقات نہیں ہوئی۔

---

[۱] فضائل الأوقات:ص:٤٥٥،رقم:٢٤٦،ت:عدنان عبد الرحمن مجيد القيسي، مكتبة المنارة ـمكة المكرمة،الطبعة الأولى ١٤١٠هـ.

[۲] كتاب الموضوعات:٢٠٣/٢،ت:عبد الرحمن محمد عثمان،المكتبة السلفية ـالمدينة المنورة،الطبعة الأولى ١٣٨٦هـ.

[۳] شعب الإيمان:٣٦٧/٣،رقم:٣٧٩٧،ت:محمد السعيد بن بسيوني زغلول،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللآلئ المصنوعة"[1] میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے، اس کے بعد علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے طریق ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو ذکر کیا ہے، جو آگے آرہا ہے۔

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ "كتاب الموضوعات"[2] میں تخریج روایت کے بعد امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"قال الحاكم: أنا أبرأ إلى الله من عهدة جويبر، قال: والاكتحال يوم عاشوراء لم يرو عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فيه أثر، وهو بدعة ابتدعها قتلة الحسين عليه السلام، وقال أحمد: لا يشتغل بحديث جويبر، وقال يحيى: ليس بشيء، وقال النسائي والدارقطني: متروك".

حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں جویبر کے ذمہ سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں، اور فرماتے ہیں: دس محرم کے دن سرمہ لگانے کے متعلق کوئی اثر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں ہے، اور یہ بدعت ہے، اسے حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلوں نے ایجاد کیا ہے، اور احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جویبر کی حدیث میں مشغول نہ ہوں، اور یحیی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ لیس بشيء ہے، نسائی رحمۃ اللہ علیہ اور دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

---

[1] اللآلئ المصنوعة:۹٤/۲،ت:أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[2] كتاب الموضوعات:۲۰٤/۲،ت:عبد الرحمن محمد عثمان،المكتبة السلفية ـ المدينة المنورة،الطبعة الأولى ١٣٨٦هـ.

متروک ہے۔

علامہ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ نے "نصب الرایة"[1] میں حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ "تنزیه الشریعة"[2] میں حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"وجاء من حديث سلمان، رأيته بخط العلامة أبي الفتح المراغي منسوبا إلى تخريج الحافظ السلفي، وفي سنده محمد بن عبد الرحمن بن بحير، وفي الجزء ـ المسمى بالمغني عن الحفظ والكتاب بقولهم لم يصح شيء في هذا الباب ـ للحافظ أبي حفص بن بدر الموصلي ما نصه: الإكتحال يوم عاشوراء، قال الحاكم: لم يرد فيه شيء عن النبي صلى الله تعالى عليه وسلم، وهو بدعة ابتدعها قتلة الحسين انتهى.

وفي بعض كتب الحنفية ما نصه: يكره الكحل يوم عاشوراء، لأن يزيد أو ابن زياد اكتحل بدم الحسين وقيل بالإثمد، لتقر عينه بقتله، انتهى والله أعلم".

اور حدیثِ سلمان میں آیا ہے، جسے میں نے علامہ ابو الفتح مراغی کے خط میں دیکھا جو منسوب ہے حافظ سلفی رحمۃ اللہ علیہ کی تخریج کی طرف، اور اس کی سند میں

---

[1] نصب الراية: ٤٥٥/٢، ت: محمد عوامه، دار القبلة للثقافة الإسلامية ـ جده.

[2] تنزيه الشريعة: ١٥٧/٢، رقم: ٣٢، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

محمد بن عبد الرحمن بن بجیر ہے، اور حافظ ابو حفص بن بدر الدین موصلی کا جزء جس کا نام ''المغنی عن الحفظ والکتاب بقولہم لم یصح شیء فی ہذا الباب'' ہے، اس میں ان کی یہ عبارت ہے: دس محرم کے دن سرمہ لگانا، حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز وارد نہیں ہے، اور یہ بدعت ہے، اسے حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلوں نے ایجاد کیا ہے، انتہی، واللہ اعلم۔

اور حنفیہ کی بعض کتب میں یہ نص ہے کہ دس محرم کے دن سرمہ لگانا مکروہ ہے، اس لئے کہ یزید یا ابن زیاد نے اس دن سرمہ لگایا اور یہ بھی کہا گیا کہ اثمد سرمہ لگایا، تاکہ وہ حسین رضی اللہ عنہ کے قتل کی وجہ سے آنکھوں میں ٹھنڈک حاصل کرے، انتہی، واللہ اعلم۔

حافظ ابو حفص عمر بن بدر الدین موصلی حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۲۳ھ) کا قول

حافظ ابو حفص عمر بن بدر الدین موصلی حنفی رحمۃ اللہ علیہ ''المغني''[۱] میں فرماتے ہیں:

''قد صنف ابن شاهين جزءا كبيرا، وفيه من الصلوات، والإنفاق، والخضاب، والادهان، والاكتحال، والحبوب، وغير ذلك، قال المصنف: لم يصح في هذا الباب شيء عن النبي صلى الله عليه وسلم، غير أنه صامه، وأمر بصيامه، وصومه يكفر سنة''.

ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بہت بڑا اجزء تصنیف کیا ہے، جس میں نماز، خرچ کرنا، خضاب اور تیل لگانا، اور سرمہ لگانا، اور دانے وغیرہ کی احادیث ہیں،

---

[۱] المغني عن الحفظ والكتاب: ص:٣٦، جمعية نشر الكتب العربية ـ القاهرة، الطبعة ١٣٤٢هـ.

مصنف (یعنی حافظ ابو حفص عمر بن بدر الدین رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں کہ اس باب میں ان چیزوں میں سے کچھ بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے، سوائے اس کے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھا ہے، اور دوسروں کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا ہے، اور اس (عاشورہ کے) دن کے روزہ سے ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے۔

علامہ صغانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۵۰ھ) کا کلام

علامہ صغانی رحمۃ اللہ علیہ نے "موضوعات"[1] میں اسے من گھڑت قرار دیا ہے۔

حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۲۸ھ) کا کلام

حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ "مجموع الفتاوی"[2] میں فرماتے ہیں:

"وقوم من المتسننة رووا ورويت لهم أحاديث موضوعة، بنوا عليها ما جعلوه شعارا في هذا اليوم، يعارضون به شعار ذلك القوم، فقابلوا باطلا بباطل، وردوا بدعة ببدعة، وإن كانت إحداهما أعظم في الفساد، وأعون لأهل الإلحاد.

مثل الحديث الطويل الذي روي فيه: من اغتسل يوم عاشوراء لم يمرض ذلك العام، ومن اكتحل يوم عاشوراء لم يرمد ذلك العام، وأمثال ذلك من الخضاب يوم عاشوراء والمصافحة فيه، ونحو ذلك فإن هذا الحديث ونحوه كذب مختلق باتفاق من يعرف علم الحديث،

---

[1] موضوعات الصغاني: ص: ٦٥، رقم: ١٤٠، ت: نجم عبد الرحمن خلف، دار نافع، الطبعة الأولى ١٤٠١هـ.
[2] مجموع فتاوى: ٥١٣/٤، ت: عبد الرحمن بن محمد بن قاسم، مجمع الملك فهد ـ المدينة، الطبعة ١٤٢٥هـ.

وإن كان قد ذكره بعض أهل الحديث وقال: إنه صحيح، وإسناده على شرط الصحيح، فهذا من الغلط الذي لا ريب فيه، كما هو مبين في غير هذا الموضع.

ولم يستحب أحد من أئمة المسلمين الاغتسال يوم عاشوراء، ولا الكحل فيه، والخضاب، وأمثال ذلك، ولا ذكره أحد من علماء المسلمين الذين يقتدى بهم، ويرجع إليهم في معرفة ما أمر الله به ونهى عنه، ولا فعل ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم، ولا أبو بكر، ولا عمر، ولا عثمان، ولا علي.

ولا ذكر مثل هذا الحديث في شيء من الدواوين التي صنفها علماء الحديث، لا في المسندات: كمسند أحمد، وإسحاق، وأحمد بن منيع، والحميدي، والدالاني، وأبو يعلى الموصلي، وأمثالها، ولا في المصنفات على الأبواب: كالصحاح، والسنن، ولا في الكتب المصنفة الجامعة للمسند والآثار: مثل موطأ مالك، ووكيع، وعبد الرزاق، وسعيد بن منصور، وابن أبي شيبة، وأمثالها".

کچھ پیروکار لوگ خود بھی من گھڑت احادیث روایت کرتے ہیں اور ان کے لئے اسے گھڑا بھی جاتا ہے، جن پر وہ اپنے آج کل کے شعار کی بنیاد رکھے ہوتے ہیں، اوراس کے ذریعہ وہ دوسری قوم کے شعار کا مقابلہ کرتے ہیں، سو وہ مقابلہ کرتے ہیں باطل کا باطل کے ساتھ، اور بدعت کا رد کرتے ہیں بدعت کے ساتھ، اگرچہ ان میں ایک فساد میں دوسرے سے بڑھ کر ہے، اور ملحدین کا زیادہ معاون ہے۔

جیسے ایک لمبی حدیث ہے، جس میں منقول ہے: جس نے دس محرم کے دن غسل کیا وہ اس سال کسی مرض میں مبتلاء نہیں ہو گا، اور جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ اس سال نہیں دکھے گی، اور اس جیسی دوسری روایات، مثلاً دس محرم کے دن خضاب لگانا اور مصافحہ کرنا وغیرہ، یہ حدیث اور اس جیسی دیگر روایات علم حدیث کی معرفت رکھنے والوں کے نزدیک اتفاقی طور پر جھوٹی اور گھڑی ہوئی ہیں، اگرچہ بعض اہل حدیث نے ان کو ذکر کیا ہے اور صحیح کہا ہے، اور اسنادہ علی شرط الصحیح کہا ہے، یہ سب غلط ہے، جس میں کوئی شک نہیں ہے، جیسا کہ اس کے علاوہ دوسرے مقام پر یہ وضاحت سے بتادیا گیا ہے۔

اور مسلمانوں کے ائمہ میں سے کسی نے دس محرم کے دن غسل کرنے، سرمہ لگانے، خضاب لگانے اور اس جیسی اشیاء کو مستحب نہیں کہا ہے، اور مسلمانوں کے اُن علماء نے اسے ذکر بھی نہیں کیا، جن کی اقتداء کی جاتی ہے، اور جن کی طرف رجوع کیا جاتا ہے ان اشیاء کی معرفت میں جن کا اللہ نے حکم دیا ہے اور جن سے اللہ نے منع کیا ہے، اور یہ سب نہ رسول اللہ ﷺ نے کیا، نہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے، نہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے، نہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے، اور نہ ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیا۔

اور اس جیسی حدیث کا ذکر علمائے حدیث کی مدون تصنیفات میں کہیں نہیں ہے، نہ مسند کتب میں، جیسے: مسند احمد، مسند اسحاق، مسند احمد بن منیع، مسند حمیدی، مسند دالانی، اور مسند ابی یعلی موصلی، اور اس جیسی کتب، اور اُن کتب میں بھی مذکور نہیں جو ابواب کی ترتیب پر تصنیف کی گئی ہیں، جیسے: صحاح اور سنن، اور نہ ہی اُن کتب میں مذکور ہے جو مسند اور آثار کی ترتیب پر تصنیف کی گئی ہیں، جیسے:

موطأ مالک، موطأ وکیع، مصنف عبد الرزاق، سنن سعید بن منصور اور مصنف ابن ابی شیبہ، اور اس جیسی کتب۔

حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۵۱ھ) کا قول

حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ "المنار المنیف"[1] میں فرماتے ہیں:

"ومنها: أحاديث الاكتحال يوم عاشوراء، والتزين، والتوسعة، والصلاة فيه، وغير ذلك من فضائل، لا يصح منها شيء، ولا حديث واحد، ولا يثبت عن النبي صلى الله عليه وسلم فيه شيء غير أحاديث صيامه، وما عداها فباطل".

اور من گھڑت احادیث میں دس محرم کے دن سرمہ لگانے، آراستہ ہونے اور اس میں وسعت کرنے، اور اس میں نماز پڑھنے وغیرہ فضائل کی احادیث داخل ہیں، ان میں سے کوئی چیز بھی صحیح نہیں ہے، اور ایک حدیث بھی صحیح نہیں ہے، اور اس بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ بھی ثابت نہیں ہے سوائے روزے کی احادیث کے، اور اس کے علاوہ جو کچھ ہے وہ باطل ہے۔

نیز حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ "المنار المنیف"[2] میں ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "وأما حديث الاكتحال والادهان والتطيب فمن وضع الكذابين، وقابلهم آخرون، فاتخذوه يوم تألم وحزن، والطائفتان

---

[1] المنار المنيف:ص:١١١،رقم:٢٢٢،ت:عبد الفتاح أبو غدة،مكتب المطبوعات الإسلامية ـ حلب،الطبعة الأولى ١٣٩٠هـ.

[2] المنار المنيف:ص:١١٢،رقم:٢٢٤،ت:عبد الفتاح أبو غدة،مكتب المطبوعات الإسلامية ـ حلب،الطبعة الأولى ١٣٩٠هـ.

مبتدعتان خارجتان عن السنة، وأهل السنة يفعلون فيه ما أمر به النبي صلى الله عليه وسلم من الصوم، ويجتنبون ما أمر به الشيطان من البدع".

اور سرمہ، تیل اور خوشبو لگانے کے متعلق احادیث، یہ جھوٹے لوگوں کی گھڑی ہوئی ہیں، اور ان کے مقابلے میں دوسرے لوگ ہیں، جنہوں نے اس دن کو افسوس اور غم کا دن بنادیا ہے، اور یہ دونوں گروہ بدعتی ہیں سنت سے خارج ہیں، اور اہل سنت وہ روزہ رکھتے ہیں جس کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے، اور بدعت کے ان کاموں سے بچتے ہیں جن کا شیطان حکم دیتا ہے۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ "الأسرار المرفوعة"[1] میں حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "فينبغي لمن يكتحل يوم عاشوراء أن يكون تبعا للحديث، لا لإظهار الفرح والحزن، كما هو طريق الخوارج المضادة للروافض، وقد اشتهر عن الرافضة في بلاد العجم من خراسان والعراق، بل في بلاد ما وراء النهر منكرات عظيمة، من لبس السواد، والدوران في البلاد، وجرح رؤوسهم وأبدانهم بأنواع من الجراحة، ويدعون أنهم محبو أهل البيت، وهم بريئون منهم".

چنانچہ جو شخص دس محرم کے دن سرمہ لگانا چاہے تو وہ حدیث کی اتباع کرتے ہوئے لگائے، خوشی اور غمی کا اظہار کرنے کے لئے نہیں، جیسے کہ خوارج کا طریقہ ہے جو کہ روافض کی ضد ہیں، اور عجم کے شہر خراسان اور عراق بلکہ ماوراء

---

[1] الأسرار المرفوعة: ص: ٤٧٥، ت: محمد الصباغ، المكتب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة ١٤٠٦هـ.

النہر کے شہروں میں رافضیوں کی بڑی بڑی منکرات مشہور ہیں، جیسے کالے کپڑے پہننا، شہروں میں چکر لگانا، اپنے سر اور بدن کو زخمی کرنے والی اشیاء سے زخمی کرنا، اور وہ دعوی کرتے ہیں کہ وہ اہلِ بیت سے محبت کرنے والے ہیں، حالانکہ اہلِ بیت ان سے بری ہیں۔

نیز ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ "الأسرار المرفوعة"[1] میں ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "وقد ذكر الحافظ جلال الدين السيوطي في جامعه الصغير بلفظ: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد أبدا، رواه البيهقي عن ابن عباس، وقد التزم أن لا يذكر في كتابه هذا حديثا موضوعا، فالحديث غير موضوع عنده، وغاية الأمر أنه ضعيف".

اور حافظ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "جامع صغیر" میں یہ روایت ان لفظوں سے ذکر کی ہے: جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی، اسے بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے، اور سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس بات کا التزام کیا ہے کہ وہ اپنی کتاب میں من گھڑت روایت کو ذکر نہیں کریں گے، لہذا سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ حدیث من گھڑت نہیں ہے، اور زیادہ سے زیادہ یہ بات ہے کہ یہ ضعیف ہے۔

نیز ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے "المصنوع"[2] میں اس کے برعکس کلام کرتے ہوئے زیر بحث روایت کو من گھڑت قرار دیا ہے، ملاحظہ ہو: "من اكتحل يوم عاشوراء بالإثمد لم ترمد عينه أبدا، موضوع، ابتدعه قتلة الحسين

---

[1] الأسرار المرفوعة: ص: ۳۳۲، رقم: ٤٦٨، ت: محمد الصباغ، المكتب الإسلامي - بيروت، الطبعة ١٤٠٦هـ.
[2] المصنوع: ص: ۱۷۵، رقم: ۳۱۳، ت: عبد الفتاح أبو غدة، مكتب المطبوعات الإسلامية - حلب، الطبعة الثانية ١٣٩٨هـ.

رضي الله عنه"۔ جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی، یہ من گھڑت ہے، اسے حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلوں نے گھڑا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "تلخیص الموضوعات"[1] میں زیر بحث روایت ذکر کر کے فرماتے ہیں:

"یروی عن جویبر، متروك، عن الضحاك، عن ابن عباس، قال الحاكم: أنا أبرأ إلى الله من عهدة جويبر"۔ یہ جویبر متروک، عن الضحاک عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سند سے مروی ہے، حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں جویبر کے ذمہ سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔

علامہ ابن رجب حنبلی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۹۵ھ) کا کلام

علامہ ابن رجب حنبلی رحمۃ اللہ علیہ "لطائف المعارف"[2] میں فرماتے ہیں:

"وكل ما روي في فضل الاكتحال في يوم عاشوراء والاختضاب والاغتسال فيه، فموضوع، لا يصح"۔ اور دس محرم کے دن سرمہ لگانے، خضاب لگانے اور غسل کرنے کے بارے میں جو فضائل بھی منقول ہیں وہ سب من گھڑت ہیں، صحیح نہیں ہیں۔

---

[1] تلخيص الموضوعات: ص:۲۰۸،رقم:۵۰۵،ت:أبو تميم ياسر بن إبراهيم بن محمد،مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۱۹هـ.

[2] لطائف المعارف:ص:۱۱۲،ت:ياسين محمد السواس،دار ابن كثير ـ دمشق،الطبعة الخامسة ۱٤۲۰هـ.

حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۰۴ھ) کا قول

حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ "التوضیح"[1] میں لکھتے ہیں:

"تاسعها: ما ورد في صلاة ليلة عاشوراء ويوم عاشوراء، وفي فضل الكحل يوم عاشوراء، لا يصح، ومن ذلك حديث جويبر، عن الضحاك، عن ابن عباس رفعه: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد أبدا، وهو حديث وضعه قتلة الحسين".

نویں تنبیہ: جو کچھ دس محرم کے دن اور رات کی نماز کے بارے میں وارد ہے، اور دس محرم کے دن سرمہ کی فضیلت وارد ہے، صحیح نہیں ہے، اور اسی میں سے حدیث جویبر، عن الضحاک، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما مرفوعاً ہے: جس نے عاشوراء کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھیں کبھی نہیں دکھیں گی، اور اس حدیث کو حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلوں نے گھڑا ہے۔

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ "المقاصد الحسنة"[2] میں فرماتے ہیں:

"حديث: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم ترمد عينه أبدا، الحاكم والبيهقي في الثالث والعشرين من الشعب، والديلمي، من حديث جويبر، عن الضحاك، عن ابن عباس به مرفوعا، وقال الحاكم: إنه منكر، قلت: بل موضوع، أورده ابن الجوزي في الموضوعات من هذا الوجه... ".

---

[1] التوضيح بشرح الجامع الصحيح:٥٤٤/١٣،ت:خالد محمود الرباط،دار النوادر ـ دمشق،الطبعة الأولى ١٤٢٩هـ.

[2] المقاصد الحسنة:ص:٤٦٢، رقم:١٠٨٣،ت:عبد الله محمد الصديق وعبد اللطيف حسن،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٧هـ.

''جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی، اسے حاکم رحمۃ اللہ علیہ، اور بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب میں تئیسویں باب میں، اور دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے جویبر، عن الضحاک، عن ابن عباس کی سند سے مرفوعاً تخریج کیا ہے، اور حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ منکر ہے، میں (حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں بلکہ یہ من گھڑت ہے، اسی سند سے ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اسے موضوعات میں لائے ہیں۔۔۔''۔

اسی سے ملتا جلتا کلام حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الأجوبة المرضية''[1] میں بھی ذکر کیا ہے۔

حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ ''اللفظ المكرم بفضل عاشوراء المحرم''[2] میں فرماتے ہیں:

''وكان الغلاة من الناصبة قبحهم الله يكيدون الرافضة في مثل هذا اليوم بإظهار الفرح والسرور، ويحصل بينهم ما لا يعبر عنه من القتال والشرور، وكان يضع كل من الفريقين من الحديث ما ينصر به

---

[1] الأجوبة المرضية: ١٥٧/١، رقم: ٤١، ت: محمد إسحاق محمد إبراهيم، دار الراية۔ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ۔

''الاجوبة المرضية'' کی عبارت ملاحظہ ہو: ''رواه البيهقي في فضائل الأوقات له، عن الحاكم، بسنده إلى ابن عباس رضي الله عنهما، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد ابدا. لكنه لا يصح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، لأن في إسناده جويبر بن سعيد، وقد قال الحاكم: أنا أبرأ إلى الله من عهدة جويبر، قال: والاكتحال يوم عاشوراء لم يرو عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فيه أثر، وهو بدعة ابتدعها قتلة الحسين عليه السلام، انتهى. وقد ذكر ابن الجوزي هذا في موضوعاته، والله الموفق''.

[2] انظر مجموع فيه رسائل للحافظ ابن ناصر الدين: ص: ٩٨، ت: أبي عبد الله مشعل بن باني الجبرين، دار ابن حزم ۔ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ۔

مذهبه الخبيث، كحديث: من اغتسل يوم عاشوراء، ومن اكتحل، وأشباه ذلك".

اور ناصبیوں میں سے غالی، اللہ تعالی ان کا بُرا کرے، رافضیوں کو دھوکا دے کر اس جیسے دن میں خوشی کا اظہار کرتے ہیں، اور ان کے درمیان وہ قتال اور شر حاصل ہوتا ہے جو بیان نہیں کیا جاسکتا، اور فریقین میں سے ہر ایک حدیث گھڑ کر اپنے خبیث مذہب کی مدد کرتا ہے، جیسے حدیث ہے: جس نے دس محرم کے دن غسل کیا، اور جس نے سرمہ لگایا، اور اس جیسی احادیث۔

حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۵۵ھ) کا قول

حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ "عمدة القاري"[1] میں فرماتے ہیں:

"النوع السادس: ما ورد في صلاة ليلة عاشوراء ويوم عاشوراء، وفي فضل الكحل يوم عاشوراء، لا يصح، ومن ذلك حديث جويبر عن الضحاك، عن ابن عباس، رفعه: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد أبدا، وهو حديث موضوع، وضعه قتلة الحسين رضي الله تعالى عنه".

چھٹی قسم: جو کہ دس محرم کی رات اور دن کی نماز کے بارے میں وارد ہے، اور دس محرم کے دن سرمہ لگانے کی فضیلت کے متعلق ہے، یہ صحیح نہیں ہے، اور اسی بارے میں حدیث جویبر، عن الضحاک، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما مرفوعاً ہے: جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی، یہ حدیث

---

[1] عمدة القاري: ١٦٧/١١، ت: عبد الله محمود محمد عمر، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

من گھڑت ہے، اس کو حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلوں نے گھڑا ہے۔

نیز حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ "عمدة القاري"[1] میں ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں: "وروى البيهقي في شعب الإيمان من حديث ابن

---

[1] عمدة القاري: ٢٢/١١، ت: عبد الله محمود محمد عمر، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ کی "البناية شرح الهداية" کی عبارت ملاحظہ ہو:

"وقد ندب النبي صلى الله عليه وسلم إلى الاكتحال يوم عاشوراء، ش: لم يتعرض أكثر الشراح إلى ذكر حديث الاكتحال يوم عاشوراء، غير أن السروجي قال في شرحه: الندب إلى صوم عاشوراء قد صح، ولم يرد الندب إلى الاكتحال فيه في ما علمت من كتب الحديث، ثم قال: روى شمس الأئمة السرخسي رحمه الله عن ابن مسعود رضي الله عنه، أن النبي صلى الله عليه وسلم خرج يوم عاشوراء من بيت أم سلمة رضي الله عنها وعيناه مملوءتان كحلا، كحلته أم سلمة، انتهى.

قلت: روى البيهقي رضي الله عنه في شعب الإيمان من طريق جويبر، عن الضحاك، عن ابن عباس رضي الله عنهما قال، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد أبدا، ثم قال: إسناده ضعيف، فجويبر ضعيف، والضحاك لم يلق ابن عباس، ومن طريقه: روى ابن الجوزي في الموضوعات، ونقل عن الحاكم فيه حديثا موضوعا، وضعه قتلة الحسين رضي الله عنه انتهى.

وجويبر، قال فيه ابن معين: ليس بشيء، وقال أحمد: متروك، وأما الضحاك لم يلق ابن عباس، فروى ابن أبي شيبة في مصنفه حدثنا أبو داود، عن شعبة، عن عبد الملك بن ميسرة، قال: لم يلق الضحاك ابن عباس، إنما لقي سعيد بن جبير، فأخذ عنه التفسير، وروى ابن أبي شيبة أيضا عن أبي داود، عن شعبة، قال: أخبرني ناس، قال: سألت الضحاك: هل رأيت ابن عباس؟ قال: لا.

وروى ابن الجوزي في الموضوعات: من طريق ابن أبي الزناد، عن أبيه، عن الأعرج، عن أبي هريرة رضي الله عنه، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اكتحل يوم عاشوراء لم ترمد عينه تلك السنة كلها، وقال: وفي رجاله من ينسب إلى تفضيل [....] عليه في أحاديث الثقات.

وأما الحديث الذي رواه شمس الأئمة عن ابن مسعود الذي ذكرناه الآن، فما رأيت أحدا من أهل هذا الشأن ذكره عن ابن مسعود، وإنما الحديث رواه الحارث بن أبي أسامة، حدثنا سعيد بن زيد، عن عمرو بن خالد، عن محمد بن علي، عن أبيه، عن جده، عن علي بن أبي طالب رضي الله عنه، ومن حديث ابن أبي ثابت، عن نافع، عن ابن عمر رضي الله عنهما قال: انتظرنا النبي صلى الله عليه وسلم أن يخرج في رمضان إلينا، فخرج من بيت أم سلمة، وقد كحلته، وملأت عينه كحلا، قال شيخنا زين الدين: هذا ليس بصريح في الكحل للصائم، إنما ذكر في رمضان فقط، ولعله كان في رمضان في الليل" (البناية شرح الهداية: ٦٩/٤، أيمن صالح شعبان، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٠هـ).

عباس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد أبدا، قال البيهقي: إسناده ضعيف، وفيه: روى الضحاك عن ابن عباس، والضحاك لم يلق ابن عباس رضي الله تعالى عنهما، وروى ابن الجوزي في كتاب فضائل الشهور من حديث أبي هريرة في حديث طويل فيه صيام عاشوراء والاكتحال فيه، قال ابن ناصر: هذا حديث حسن عزيز، رجاله ثقات وإسناده على شرط الصحيح، ورواه ابن الجوزي في الموضوعات، وقال شيخنا: والحق ما قاله ابن الجوزي، وأنه حديث موضوع".

اور بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "شعب الایمان" میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی، بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس کی سند ضعیف ہے، اور اس میں ضحاک ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کر رہا ہے جبکہ ضحاک کی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ملاقات نہیں ہوئی، اور ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے کتاب فضائل شہور میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک لمبی حدیث میں روایت کیا ہے، جس میں دس محرم کے دن روزہ اور سرمہ لگانے کا ذکر ہے، ابن ناصر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث "حسن عزیز" ہے، اس کے رجال ثقہ ہیں، اور اس کی سند علی شرط الصحیح ہے، اور ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے موضوعات میں روایت کیا ہے، اور ہمارے شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حق بات وہ ہے جو ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے کہی ہے، اور بے شک حدیث من گھڑت ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "الدراية"[1] میں فرماتے ہیں:

"أما الاكتحال: فأخرجه البيهقي في الشعب في الثالث والعشرين منه من طريق جويبر، عن الضحاك، عن ابن عباس رفعه: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد أبدا، وهو إسناد واه، وأورده ابن الجوزي في الموضوعات من هذا الوجه".

سرمہ لگانا: بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب میں تئیسویں باب میں جویبر، عن الضحاک، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سند سے مرفوعاً تخریج کیا ہے: جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی، اور اس حدیث کی سند "واہی" ہے، اسی سند سے ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اسے موضوعات میں لائے ہیں۔

حافظ ابن حجر ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن حجر ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ "الصواعق المحرقة"[2] میں فرماتے ہیں:

"وما قيل: إن من اكتحل يومه لم يرمد ذلك العام، ومن اغتسل لم يمرض كذلك، ومن وسع على عياله فيه وسع الله عليه سائر سنته، وأمثال ذلك مثل: فضل الصلاة فيه، وأنه فيه توبة آدم، واستواء السفينة على الجودي، وإنجاء إبراهيم من النار، وإفداء الذبيح بالكبش، ورد يوسف على يعقوب، فكل ذلك موضوع إلا حديث التوسعة على العيال، لكن في سنده من تكلم فيه.

---

[1] الدراية في تخريج أحاديث الهداية: ۲۸۰/۱، ت: عبد الله هاشم اليماني المدني، دار المعرفة ـ بيروت .

[2] الصواعق المحرقة: ۵۳٤/۲، ت: عبد الرحمن بن عبد الله التركي، دار الوطن ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

فصار هؤلاء لجهلهم يتخذونه موسما، وأولئك لرفضهم يتخذونه مأتما، وكلاهما مخطئ مخالف للسنة، كذا ذكر ذلك جميعه بعض الحفاظ، وقد صرح الحاكم بأن الاكتحال يومه بدعة مع روايته خبر: إن من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم ترمد عينه أبدا، لكنه قال: إنه منكر، ومن ثم أورده ابن الجوزي في الموضوعات من طريق الحاكم"۔

روایت بطریق حبیب بن ابی حبیب کا حکم

زیر بحث روایت کے بارے میں سابقہ ذکر کردہ ائمہ کے اقوال اجمالاً ملاحظہ ہوں:

---

[1] الضعفاء لأبي نعيم: ۷۵، رقم: ۵۳، ت: فاروق حماده، مطبعة النجاح الجديده.

[2] المسند المستخرج على صحيح مسلم: ٦٣/١، رقم: ٥٤، ت: محمد حسن محمد حسن إسماعيل، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[3] إكمال تهذيب الكمال: ٣٦٦/٣، رقم: ١١٥١، ت: عادل محمد وأسامة بن إبراهيم، الفاروق الحديثة، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

[4] المغني في الضعفاء: ٢٢٠/١، رقم: ١٢٨٥، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[5] تنزيه الشريعة: ٤٧/١، رقم: ١٠، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف وعبد الله محمد الصديق، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

"باطل، لا اصل ہے" (حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ)۔

"یہ حدیث منکر ہے، اور اس کی سند ضعیف بمرہ ہے" (امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ)۔

"من گھڑت ہے" (حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ، نیز حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے)۔

"باطل ہے" (حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ، نیز علامہ محمد بن محمد درویش الحوت رحمۃ اللہ علیہ، ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ قاؤقجی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے)۔

"بہر حال وہ لمبی حدیث جس میں گزشتہ اور آئندہ زمانے میں دس محرم کے متعلق بڑے بڑے واقعات مذکور ہیں ان کی کوئی اصل نہیں ہے" (علامہ عبد الحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ)۔

الحاصل اس روایت کو اس طریق سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

④ روایت بطریق موسی بن عبد الرحمن

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ "تنزیہ الشریعۃ"[1] میں تحریر فرماتے ہیں:

"قلت: ورأيت بخط العلامة شرف الدين أبي الفتح المَرَاغِي،

---

[1] تنزيه الشريعة: ١٤٩/٢، رقم: ١٦، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف وعبد الله محمد الصديق، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

أن الحافظ أبا طاهر السِلَفِي قال: أنبأنا الشيخ أبو الحسين المبارك بن عبد الجبار بن أحمد الصيرفي، أنبأنا أبو الحسين أحمد بن محمد بن أحمد بن يعقوب بن قفر جلد الكاتب، حدثنا أبو بكر محمد بن إسماعيل بن العباس الوراق، حدثني علي بن محمد بن حمد الفقيه، حدثنا بكر بن سهل الدمياطي، حدثنا عبد الغني بن سعيد الثقفي، حدثنا موسى بن عبد الرحمن الصنعاني، عن ابن جريج، عن عطاء، عن ابن عباس.

قال: وحدثنا موسى بن عبد الرحمن، عن مقاتل بن سليمان، عن الضحاك بن مزاحم، عن ابن عباس، قال: يوم عاشوراء يوم جعل الله فيه خيرا كثيرا، فيه تاب الله على آدم، وفيه رفع إدريس إلى السماء، وفيه أهبط نوح من السفينة، وفيه اتخذ الله إبراهيم خليلا، وفيه بشرت سارة بإسحاق، وفيه رد الله بصر يعقوب عليه، وفيه جمع الله بين يوسف ويعقوب، وفيه تاب الله على داود، وفيه رد الله على سليمان ملكه، وفيه كشف الله عن أيوب البلاء.

وفيه أخرج الله يونس من بطن الحوت، وفيه قطع موسى البحر، وفيه أغرق الله فرعون وقومه، وفيه رفع عيسى بن مريم إلى السماء، وفيه دخل النبي المدينة، فرأى اليهود تصوم فقال ما هذا اليوم؟ قالوا: يوم كان يصومه موسى، فقال: موسى أخي، وأنا أحق بموسى منكم، فقال لأصحابه: من أكل فليمسك، ومن لم يكن أكل فليصم، فإني

صائم، قال ابن عباس: وهو يوم العاشر من المحرم، فمن أراد أن يصيبه، فليصم التاسع والعاشر والحادي عشر، فإنه يصيبه".

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: عاشورہ کے دن اللہ تعالی نے بہت خیر رکھی ہے، اسی دن میں آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہوئی، اور اسی دن میں ادریس علیہ السلام کو آسمانوں پر اٹھایا، اور اسی دن میں نوح علیہ السلام کو کشتی سے اتارا، اور اسی دن میں ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا، اور اسی دن میں سارہ علیہا السلام کو اسحاق علیہ السلام کی پیدائش کی بشارت ملی، اور اسی دن میں اللہ نے یعقوب علیہ السلام کی بینائی لوٹائی، اور اسی دن میں اللہ نے یوسف علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کو ملایا، اور اسی دن میں اللہ تعالی نے داؤد علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی، اور اسی دن میں اللہ تعالی نے سلیمان علیہ السلام کو سلطنت عطا فرمائی، اور اسی دن میں اللہ تعالی نے ایوب علیہ السلام سے مصیبت دور کی۔

اور اسی دن میں اللہ تعالی نے یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے نجات عطا فرمائی، اور اسی دن میں موسی علیہ السلام نے سمندر کو پار کیا، اور اسی دن میں اللہ تعالی نے فرعون اور اس کی قوم کو پانی میں غرق کیا، اور اسی دن میں عیسی بن مریم علیہما السلام کو آسمانوں پر اٹھایا، اور اسی دن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو یہودیوں کو روزہ رکھے ہوئے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کون سا دن ہے؟ یہودیوں نے کہا: اس دن موسی علیہ السلام روزہ رکھا کرتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موسی علیہ السلام میرے بھائی ہیں، اور میں تم لوگوں سے موسی علیہ السلام کا زیادہ حق دار ہوں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا: جس نے کچھ کھایا لیا ہے وہ کھانے سے رک جائے، اور جس نے نہیں کھایا وہ روزہ رکھ لے، میں بھی روزہ سے ہوں، ابن

عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: وہ ماہ محرم کا دسواں دن تھا، جو اسے پانا چاہے وہ نویں، دسویں اور گیارہویں کا روزہ رکھے وہ اسے پالے گا۔

روایت پر علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ "تنزیہ الشریعۃ"[1] میں زیر بحث اور ایک دوسری روایت (جو ابو الصباح کے طریق میں آگے آرہی ہے) ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"والحديثان لا يصحان، في الأول موسى بن عبد الرحمن، وفي الثاني ابن الصباح، وضاعان، والله أعلم". یہ دونوں حدیثیں صحیح نہیں ہیں، پہلی (یعنی زیر بحث) حدیث میں موسی بن عبد الرحمن ہے، اور دوسری حدیث میں ابن صباح ہے، یہ دونوں حدیث گھڑنے والے ہیں، واللہ اعلم۔

سند میں موجود راوی ابو محمد موسی بن عبد الرحمن ثقفی صنعانی مفسر کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[2] میں لکھتے ہیں: "دجال، يضع الحديث، روى عنه عبد الغني بن سعيد الثقفي، وضع على ابن جريج، عن عطاء، عن ابن عباس كتابا في التفسير، جمعه من كلام الكلبي ومقاتل بن سليمان، وألزقه بابن جريج عن عطاء، عن ابن

---

[1] تنزيه الشريعة:۱۵۰/۲،رقم:۱٦،ت:عبدالوهاب عبداللطيف وعبد الله محمد الصديق،دارالكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ۱٤۰۱هـ.

[2] المجروحين:۲٤۲/۲،ت:محمود إبراهيم زايد،دارالمعرفة ـ بيروت،الطبعة ۱٤۱۲هـ.

عباس، ولم يحدث به ابن عباس، ولا عطاء سمعه، ولا ابن جريج سمع من عطاء، وإنما سمع ابن جريج من عطاء الخراساني، عن ابن عباس في التفسير أحرفا شبيها بجزء، وعطاء الخراساني لم يسمع من ابن عباس شيئا ولا رواه، لا تحل الرواية عن هذا الشيخ، ولا النظر في كتابه، إلا على سبيل الاعتبار".

دجال ہے، حدیث گھڑتا ہے، اس سے عبد الغنی بن سعید ثقفی روایت کرتا ہے، اس نے ابن جریج پر عن عطاء، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کے طریق سے تفسیر میں ایک کتاب گھڑی ہے، اس میں کلبی اور مقاتل بن سلیمان کے کلام کو جمع کیا ہے، اور اسے عن عطاء، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کے طریق سے ابن جریج پر چسپاں کر دیا ہے، جبکہ اسے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان نہیں کیا، اور عطاء نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نہیں سنا، اور نہ ہی ابن جریج نے عطاء سے سنا ہے، بلکہ ابن جریج نے عطاء خراسانی، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کے طریق سے تفسیر میں چند حروف ایک جزء کے مشابہ سنے ہیں، اور عطاء خراسانی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نہ کچھ سنا ہے اور نہ ہی کچھ روایت کیا ہے، اس شیخ سے روایت کرنا حلال نہیں ہے، اور نہ ہی اس کی کتاب کو دیکھنا حلال ہے سوائے اعتبار کے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "دیوان الضعفاء"[1] میں اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "موافقة الخبر الخبر"[2] حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام

---

[1] ديوان الضعفاء: ص: ۴۰۲، رقم: ۴۲۹۱، ت: حماد بن محمد الأنصاري، مكتبة النهضة الحديثية ـ المكة المكرمة، الطبعة ۱۳۸۷هـ.

[2] موافقة الخبر الخبر: ۵۸/۱، ت: حمدي السلفي وصبحي السيد جاسم السامرائي مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الثانية ۱۴۱۴هـ.

پر اعتماد کیا ہے۔

نیز علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "تنزیه الشريعة"[1] میں موسی بن عبدالرحمن کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شمار کرکے حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الکامل"[2] میں فرماتے ہیں: "منكر الحديث".

اس کے بعد حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ ان کی چند احادیث نقل کرکے فرماتے ہیں: "وهذه الأحاديث بواطيل"[3]. اور یہ باطل حدیثیں ہیں۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "السنن الكبرى"[4] میں ایک روایت کے تحت موسی بن عبدالرحمن کو "ضعيف جدا" کہا ہے۔

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ "ذخيرة الحفاظ"[5] میں ایک روایت کے تحت فرماتے ہیں: "وموسى هذا منكر الحديث عن الثقات، وهو أبو محمد المفسر". اور یہ موسی ثقات کے انتساب سے منکر الحدیث ہے، اور یہ ابو محمد مفسر ہے۔

---

[1] تنزيه الشريعة: ١٢٠/١، رقم: ٣٨٦، ت: عبد الله محمد الصديق الغماري، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

[2] الكامل: ٦٦/٨، رقم: ١٨٣١، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[3] الكامل: ٦٧/٨، رقم: ١٨٣١، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[4] السنن الكبرى للبيهقي: ٦٢/٧، رقم: ١٣٢٧٢، ت: محمد عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

[5] ذخيرة الحفاظ: ص: ١٩٧٠، رقم: ٤٥٢٨، ت: عبد الرحمن بن عبد الجبار الفريوائي، دار السلف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٦هـ.

حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ "مجموع الفتاوی"[1] میں فرماتے ہیں: "وموسى بن عبد الرحمن هذا من الكذابين". اور یہ موسی بن عبد الرحمن جھوٹوں میں سے ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "المهذب في اختصار السنن"[2] میں ایک روایت کے تحت موسی بن عبد الرحمن کو "واه" کہا ہے، اور "المغني"[3] میں "هالك" قرار دیا ہے۔

نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "ميزان الاعتدال"[4] میں فرماتے ہیں: "ليس بثقة".

علامہ سبط ابن العجمی رحمۃ اللہ علیہ نے "الكشف الحثيث"[5] میں حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک روایت کے تحت موسی بن عبد الرحمن کو "التلخيص الحبير"[6] میں "متروك" اور "العجاب"[7] میں "كذاب" کہا ہے۔

---

[1] مجموع الفتاوى: ٢٥٩/١، ت: عبد الرحمن بن محمد بن قاسم، مجمع الملك فهد ـ المدينة، الطبعة ١٤٢٥هـ.

[2] المهذب في اختصار السنن الكبير: ص: ٢٥٩٨، رقم: ١٠٦٠٩، ت: أبي تميم ياسر بن إبراهيم، دار الوطن ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

[3] المغني في الضعفاء: ٣٣٤/٢، رقم: ٦٥٠٦، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[4] ميزان الاعتدال: ٢١١/٤، رقم: ٨٨٩١، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[5] الكشف الحثيث: ص: ٢٦٣، رقم: ٧٩٤، ت: صبحي السامرائي، مكتبة النهضة العربية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٧هـ.

[6] تلخيص الحبير: ٢٤٣/١، ت: عادل أحمد عبد الموجود و علي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

[7] العجاب في بيان الأسباب: ٧٥٥/٢، ت: عبد الحكيم محمد الأنيس، دار ابن الجوزي ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

روایت بطریق موسی بن عبد الرحمن کا حکم

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت کو "لا یصح" کہا ہے، نیز سند میں موجود راوی موسی بن عبد الرحمن کے بارے میں درج ذیل ائمہ نے شدید جرح کے اقوال نقل کئے ہیں، ملاحظہ ہوں:

"دجال ہے، حدیث گھڑتا ہے" (حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے)۔

"شدید ضعیف ہے" (امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ)۔

"یہ جھوٹوں میں سے ہے" (حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ)۔

"واہ، ہالک، لیس بثقہ" (حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ)۔

"متروک ہے، کذاب ہے" (حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ)۔

الحاصل اسے اس طریق سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

③ روایت بطریق ابو الصباح عبد الغفور

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ "المعجم الکبیر"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"حدثنا علي بن عبد العزيز، ثنا معلى بن مهدي الموصلي، ثنا عثمان بن مطر الشيباني، عن عبد الغفور يعني ابن سعيد، عن عبد

---

[1] المعجم الكبير:٦٩/٦،رقم:٥٥٣٨،ت:حمدي عبد المجيد السلفي،مكتبة ابن تيمية ـ القاهرة .

العزيز، عن أبيه قال عثمان: وكانت لأبيه صحبة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: رجب شهر عظيم، يضاعف الله فيه الحسنات، فمن صام يوما من رجب، فكأنما صام سنة، ومن صام منه سبعة أيام، غلقت عنه سبعة أبواب جهنم، ومن صام منه ثمانية أيام، فتحت له ثمانية أبواب الجنة، ومن صام منه عشرة أيام، لم يسأل الله شيئا إلا أعطاه إياه، ومن صام منه خمسة عشر يوما نادى مناد في السماء قد غفر لك ما مضى، فاستأنف العمل، ومن زاد، زاده الله عز وجل.

وفي رجب حمل الله نوحا في السفينة، فصام رجب وأمر من معه أن يصوموا، فجرت بهم السفينة ستة أشهر، آخر ذلك يوم عاشوراء، أهبط على الجودي، فصام نوح، ومن معه، والوحش، شكرا لله عز وجل، وفي يوم عاشوراء أفلق الله البحر لبني إسرائيل، وفي يوم عاشوراء تاب الله عز وجل على آدم صلى الله عليه وسلم، وعلى مدينة يونس، وفيه ولد إبراهيم صلى الله عليه وسلم".

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رجب بڑا عظیم مہینہ ہے، اللہ تعالی اس مہینہ میں نیکیوں کو دگنا کر دیتے ہیں، جس نے ایک دن رجب کا روزہ رکھا گویا کہ اس نے سال بھر روزہ رکھا، اور جس نے رجب میں سات دن روزہ رکھا اس کے لئے جہنم کے سات دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں، اور جس نے رجب کے آٹھ روزے رکھے اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دئے جاتے ہیں، اور جس نے رجب کے دس روزے رکھے اللہ سے جو کچھ مانگتا ہے اس کو عطا کیا جاتا ہے، اور

جس نے پندرہ دن روزے رکھے اس کے لئے آسمان سے ایک ندا لگائی جاتی ہے کہ تیرے سارے پچھلے گناہ معاف ہوگئے، اب دوبارہ عمل کرنا شروع کرو، اور جو زیادہ کرے گا اللہ کے یہاں اس کے لئے زیادتی ہوگی۔

اور رجب کے مہینہ میں اللہ نے نوح علیہ السلام کو کشتی میں سوار کیا تو نوح علیہ السلام نے روزہ رکھا، اور اپنے ساتھیوں کو روزہ کا حکم دیا، کشتی نوح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو لیکر چھ مہینہ تک چلی، یوم عاشورہ کو نوح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو جودی (پہاڑ کی چوٹی) پر اتارا، تو اس پر نوح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں اور جانوروں نے شکرانے کے طور پر اللہ کے لئے روزہ رکھا، اور عاشورہ کے دن اللہ نے بنی اسرائیل کے لئے سمندر کو شق کیا، اور عاشورہ کے دن اللہ نے آدم علیہ السلام اور یونس صلی اللہ علیہ وسلم کی توبہ قبول فرمائی، اور عاشورہ کے دن ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "شعب الإیمان"[1] اور "فضائل الأوقات"[2] میں اور علامہ یحیی بن حسین شجری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "أمالي"[3] میں امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے تخریج کی ہے۔

اسی طرح یہ روایت امام ابو جعفر محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی

[1] شعب الإيمان: ٣٣٦/٥، رقم: ٣٥٢٠، ت: عبد العلي عبد الحميد حامد، مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[2] فضائل الأوقات: ص: ٩٢، رقم: ٩، ت: عدنان عبد الرحمن مجيد القيسي، مكتبة المنارة ـ مكة المكرمة، الطبعة الأولى ١٤١٠هـ.

[3] الأمالي للشجري: ١٢٧/٢، رقم: ١٨٣٩، ت: محمد حسن محمد حسن إسماعيل، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

"تاریخ"[1] میں، حافظ ابو محمد حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ نے "فضل شهر رجب"[2] میں، حافظ ابو القاسم قوام السنہ اسماعیل بن محمد اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الترغيب والترهيب"[3] میں، اور قوام السنہ رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے "جزء في فضل رجب"[4] میں، نیز اسے علامہ عبد الکریم قزوینی رحمۃ اللہ علیہ نے "التدوين"[5] میں تخریج کیا ہے۔

نیز اسے حافظ مغلطائی رحمۃ اللہ علیہ نے "الإنابة"[6] میں ابو موسی رحمۃ اللہ علیہ کے انتساب سے اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الغرائب الملتقطة"[7] میں ابو الشیخ رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے ذکر کیا ہے، اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہ روایت "تنزيه الشريعه"[8] میں سنداً تحریر کی ہے۔

تمام سندیں سند میں موجود راوی ابو الصباح عبد الغفور پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

---

[1] تاريخ الطبري: ۱۹۰/۱، ت: محمد أبو الفضل إبراهيم، دار المعارف ـ مصر، الطبعة الثانية ۱۳۸۷هـ.

[2] فضل شهر رجب: ص: ٦٥، رقم: ۱۱، ت: أبو يوسف عبد الرحمن بن يوسف، دار ابن حزم ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٦هـ.

[3] الترغيب والترهيب لقوام السنة: ۳۹۲/۲، رقم: ۱۸٤۹، ت: أيمن بن صالح بن شعبان دار الحديث ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤١٤هـ.

[4] جزء في فضل رجب لابن عساكر: تحت كتاب أداء ماوجب لابن دحية الكلبي: ص: ۳۰٤، رقم: ۲، ت: جمال عزون.

[5] التدوين في أخبار قزوين: ٤٣٩/٣، ت: عزيز الله العطاردي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة ١٤٠٤هـ.

[6] الإنابة إلى معرفة المختلف فيهم من الصحابة: ۳۳/۲، رقم: ٦٨٥، ت: عزت المرسي وإبراهيم إسماعيل القاضي، مكتبة الرشد ـ الرياض.

[7] الغرائب الملتقطة: ۸۸۸/۱، رقم: ۹۲٦، مخطوط من الشاملة.

[8] تنزيه الشريعة: ۱٥۰/۲، رقم: ۱٦، ت: عبد الله محمد الصديق الغماري، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ زیر بحث روایت مذکورہ کتب میں الفاظ کی کچھ تبدیلی اور کمی بیشی کے ساتھ مذکور ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ "مجمع الزوائد"[1] میں یہ روایت نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: "رواه الطبراني في الكبير، وفيه عبد الغفور، وهو متروك".

طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "معجم الکبیر" میں روایت کیا ہے، اور اس میں عبد الغفور ہے، اور یہ متروک ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "تبيين العجب"[2] میں یہ روایت ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"رويناه في فضائل الأوقات للبيهقي، وفضائل رجب لعبد العزيز الكتاني، وفي الترغيب والترهيب لأبي القاسم التيمي من طريق عثمان بن مطر، عن عبد الغفور، عن عبد العزيز بن سعيد، عن أبيه، أن النبي صلى الله عليه وسلم، وعثمان بن مطر كذبه ابن حبان، وأجمع الأئمة على ضعفه".

---

[1] مجمع الزوائد:۱۸۸/۳،دار الكتاب العربي ـ بيروت .

[2] تبيين العجب:ص:۲۹،ت:أبو أسماء إبراهيم بن إسماعيل آل عصر،دار الكتب العلمية ـ بيروت .

ہمیں یہ روایت بیان کی گئی بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی ''فضائل الاوقات'' میں، عبد العزیز کتانی رحمۃ اللہ علیہ کی ''فضائل رجب'' میں، اور ابو القاسم تیمی رحمۃ اللہ علیہ کی ''ترغیب والترہیب'' میں عثمان بن مطر، عن عبد الغفور، عن عبد العزیز بن سعید، عن ابیہ کے طریق سے، اور عثمان بن مطر کو ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے جھوٹا کہا ہے، اور ائمہ نے اس کے ضعف پر اجماع کیا ہے۔

اہم نوٹ: واضح رہے کہ بقیہ بن ولید نے ''تنزيه الشريعة''[1] میں اور ابو خیثمہ نے ''فضل شهر رجب''[2] میں عثمان بن مطر کی متابعت کی ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ ''تنزيه الشريعة''[3] میں یہ روایت ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''والحديثان لا يصحان، في الأول موسى بن عبد الرحمن، وفي الثاني ابن الصباح، وضاعان، والله أعلم''. یہ دونوں حدیثیں صحیح نہیں ہیں پہلی حدیث (جو گزر چکی ہے) میں موسی بن عبد الرحمن ہے، اور دوسری حدیث (یعنی زیر بحث روایت) میں ابن صباح ہے، یہ دونوں حدیث گھڑنے والے ہیں، واللہ اعلم۔

---

[1] تنزيه الشريعة:۱۵۰/۲،رقم:۱٦،ت:عبد الله محمد الصديق الغماري،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

[2] فضل شهر رجب:ص:٦٥،رقم:١١،ت:أبو يوسف عبد الرحمن بن يوسف،دار ابن حزم ـ بيروت، الطبعة الأولى١٤١٦هـ.

[3] تنزيه الشريعة:۱۵۰/۲،رقم:۱٦،ت:عبد الله محمد الصديق الغماري،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

ابو الصباح عبد الغفور بن عبد العزیز بن سعید واسطی (المتوفی مابین ۱۷۰ – ۱۸۰ھ [1]) کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الكبير" [2] میں فرماتے ہیں: "تركوه، منكر الحديث". اسے محدثین نے ترک کر دیا ہے، یہ منکر الحدیث ہے۔

نیز امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الصغير" [3] میں فرماتے ہیں: "سكتوا عنه".

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ "الكنى" [4] میں فرماتے ہیں: "متروك الحديث".

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے عبد الغفور کو "ليس حديثه بشيء" کہا ہے [5]۔

حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ "الجرح والتعديل" [6] میں فرماتے ہیں: "ضعيف الحديث".

حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ، عبد الغفور ابو الصباح کے بارے میں فرماتے ہیں:

---

[1] امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "التاریخ الصغیر" میں ابو الصباح عبد الغفور واسطی کو ان افراد میں ذکر کیا ہے جن کا انتقال ۱۷۰ اور ۱۸۰ کے درمیان ہوا ہے (التاريخ الصغير: ۱۷۳/۲، ت:محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ).

[2] التاريخ الكبير: ٣٩٤/٥، رقم: ١٩٤٨، ت: مصطفى عبد القادر أحمد عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[3] التاريخ الصغير: ١٨٦/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[4] الكنى والأسماء: ٤٤٧/١، رقم: ١٦٩٧، ت: عبد الرحيم محمد أحمد القشقري، إحياء التراث الإسلامي ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[5] تاريخ يحيى بن معين برواية الدوري: ٣٤٠/١، رقم: ٢٢٩٩، ت: عبد الله أحمد حسن، دار القلم ـ بيروت.

[6] الجرح والتعديل: ٥٥/٦، رقم: ٢٩٣، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢ هـ.

"واهي الحديث"[1].

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[2] میں فرماتے ہیں: "كان ممن يضع الحديث على الثقات، على كعب وغيره، لا يحل كتابة حديثه ولا الذكر عنه إلا على جهة التعجب". یہ ان لوگوں میں سے ہے جو ثقہ لوگوں پر حدیثیں گھڑتے ہیں، جیسے کعب وغیرہ، اس کی روایت کو لکھنا اور ذکر کرنا حلال نہیں ہے سوائے تعجب کے۔

علامہ سبط ابن العجمی رحمۃ اللہ علیہ نے "الكشف الحثيث"[3] میں حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

نیز علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "تنزيه الشريعة"[4] میں عبد الغفور کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شمار کر کے حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ ابو احمد حاکم رحمۃ اللہ علیہ "الأسامي"[5] میں فرماتے ہیں: "متروك الحديث".

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكين"[6] میں فرماتے ہیں: "متروك

---

[1] سؤالات البرذعي: ص: ۱٦٣، رقم: ۲٤٩، ت: أبو عمر محمد بن علي الأزهري، الفاروق الحديثة ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤٣٠هـ.

[2] المجروحين: ١٤٨/٢، ت: محمود إبراهيم زايد دار المعرفة ـ بيروت.

[3] الكشف الحثيث: ص: ١٧١، رقم: ٤٥٣، ت: صبحي السامرائي، مكتبة النهضة العربية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٧هـ.

[4] تنزيه الشريعة: ٨١/١، رقم: ١٨٦، ت: عبد الله محمد الصديق الغماري، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

[5] الأسامي والكنى: ٣١٥/٤، رقم: ٣٤٦٨، ت: أبو عمر محمد بن علي الأزهري، الفاروق الحديثة ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤٣٦هـ.

[6] الضعفاء والمتروكين: ١٦٧، رقم: ٤١٠، ت: بوران الضناوي، كمال يوسف الحوت، مؤسسة الكتب الثقافية ـ بيروت، الطبعة ١٤٠٥هـ.

الحديث".

حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ "قبول الأخبار"[1] میں فرماتے ہیں: "ليس حديثه بشيء".

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الكامل"[2] میں فرماتے ہیں: "وعبد الغفور هذا، الضعف على حديثه ورواياته بين، وهو منكر الحديث". اس عبد الغفور کی حدیث اور روایات میں ضعف واضح ہے، اور وہ خود منکر الحدیث ہے۔

حافظ عبد الحق اشبیلی رحمۃ اللہ علیہ "الأحكام الوسطى"[3] میں ایک روایت کے تحت فرماتے ہیں: "في إسناده إسماعيل بن أبي أمية الكوفي، عن عثمان بن مطر، عن عبد الغفور بن عبد العزيز الواسطي، وكلهم ضعفاء". اس کی سند میں اسماعیل بن ابی امیہ کوفی ہے، جو عثمان بن مطر عن عبد الغفور بن عبد العزیز واسطی کے طریق سے روایت کرتا ہے، اور یہ سب ضعیف ہیں۔

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ "ذخيرة الحفاظ"[4] میں ایک روایت کے تحت فرماتے ہیں: "متروك الحديث".

---

[1] قبول الأخبار ومعرفة الرجال:۳۰۰/۲،رقم:٦٧٦،ت:أبي عمرو الحسيني بن عمر، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

[2] الكامل في ضعفاء الرجال:۲۲/۷،الرقم:١٤٨١،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت .

[3] الأحكام الوسطى:۱۹٦/۳،ت:حمدي السلفي وصبحي السامرائي،مكتبة الرشد ـ الرياض،الطبعة ١٤١٦هـ.

[4] ذخيرة الحفاظ:۲۱٦۳/٤،رقم:٥٠٢٥،ت:عبد الرحمن بن عبد الجبار الفريوائي،دار السلف ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤١٦هـ.

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "تلخیص الموضوعات"[1] میں ایک روایت کے تحت فرماتے ہیں: "رمي بالوضع". اسے حدیث گھڑنے میں متہم قرار دیا گیا ہے۔

حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ "البدر المنیر"[2] میں ایک روایت کے تحت فرماتے ہیں: "وعبد الغفور هذا تركوه، ونسب إلى الوضع". اس عبد الغفور کو محدثین نے متروک قرار دیا ہے، اور اسے حدیث گھڑنے کی طرف بھی منسوب کیا گیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "التلخیص الحبیر"[3] میں ایک روایت کے تحت فرماتے ہیں: "متروك، ومتهم أيضا". متروک ہے، اور متہم بھی ہے۔

روایت بطریق ابو الصباح عبد الغفور کا حکم

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت کو "لا یصح" کہا ہے، نیز سند میں موجود راوی ابو الصباح عبد الغفور کے بارے میں درج ذیل ائمہ نے شدید جرح کے اقوال نقل کئے ہیں، ملاحظہ ہوں:

"اسے محدثین نے ترک کر دیا ہے، یہ منکر الحدیث ہے" (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ)۔

"متروک الحدیث ہے" (امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو احمد حاکم رحمۃ اللہ علیہ، امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ)۔

---

[1] تلخيص الموضوعات: ص: ۲۱۱، رقم: ۵۱۹، ت: أبو تميم ياسر بن إبراهيم بن محمد، مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۱۹هـ.

[2] البدر المنير: ۷۱۷/٦، ت: ابو محمد عبد الله بن سلمان، دار الهجرة ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۲۵هـ.

[3] تلخيص الحبير: ۱۱۹/۳، ت: عادل أحمد عبد الموجود و علي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱۹هـ.

"لیس حدیثہ بشیء" (حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ)۔

"واہی الحدیث ہے" (حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ)۔

"یہ ان لوگوں میں سے ہے جو ثقہ لوگوں پر حدیثیں گھڑتے ہیں" (حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے کلام پر علامہ سبط ابن العجمی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے)۔

"اسے حدیث گھڑنے میں متہم قرار دیا گیا ہے" (حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ)۔

"محدثین نے اسے متروک قرار دیا ہے، اور اسے حدیث گھڑنے کی طرف بھی منسوب کیا گیا ہے" (حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ)۔

"متروک ہے، اور متہم بھی ہے" (حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ)۔

الحاصل اسے اس طریق سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

④ روایت بطریق ابو طالب عُشَارِی

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ "الموضوعات"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"فمن الأحاديث التي وضعوا: حدثنا أبو الفضل محمد بن ناصر من لفظه وكتابه مرتين، قال: أنبأنا أحمد بن الحسين بن قريش أنبأنا أبو طالب محمد بن علي بن الفتح العُشَارِي، وقرأت على أبي

[1] كتاب الموضوعات:۱۹۹/۲،ت:عبد الرحمن محمد عثمان،المكتبة السلفية ـ المدينة المنورة،الطبعة الأولى ۱۳۸٦هـ.

القاسم الحريري، عن أبي طالب العُشَارِي، حدثنا أبو بكر أحمد بن منصور البرسري [كذا في الأصل، والصحيح: النُوْشَرِي] ، حدثنا أبو بكر أحمد بن سلمان النجاد، حدثنا إبراهيم الحربي، حدثنا سريح [كذا في الأصل، والصحيح: سريج] بن النعمان، حدثنا ابن أبي الزناد، عن أبيه، عن الأعرج، عن أبي هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الله عز وجل افترض على بني إسرائيل صوم يوم في السنة يوم عاشوراء، وهو اليوم العاشر من المحرم، فصوموه، ووسعوا على أهليكم فيه، فإنه من وسع على أهله من ماله يوم عاشوراء وسع عليه سائر سنته، فصوموه، فإنه اليوم الذي تاب الله فيه على آدم، وهو اليوم الذي رفع الله فيه إدريس مكانا عليا، وهو اليوم الذي نجى فيه إبراهيم من النار، وهو اليوم الذي أخرج فيه نوحا من السفينة، وهو اليوم الذي أنزل الله فيه التوراة على موسى.

وفيه فدى الله إسماعيل من الذبح، وهو اليوم الذي أخرج الله يوسف من السجن، وهو اليوم الذي رد الله على يعقوب بصره، وهو اليوم الذي كشف الله فيه عن أيوب البلاء، وهو اليوم الذي أخرج الله فيه يونس من بطن الحوت، وهو اليوم الذي فلق الله فيه البحر لبني إسرائيل، وهو اليوم الذي غفر الله لمحمد ذنبه ما تقدم وما تأخر، وفي هذا اليوم عبر موسى البحر، وفي هذا اليوم أنزل الله تعالى التوبة على قوم يونس، فمن صام هذا اليوم كانت له كفارة أربعين سنة، وأول يوم خلق الله من الدنيا يوم عاشوراء،

وأول مطر نزل من السماء يوم عاشوراء، وأول رحمة نزلت يوم عاشوراء، فمن صام يوم عاشوراء، فكأنما صام الدهر كله، وهو صوم الأنبياء، ومن أحيا ليلة عاشوراء، فكأنما عبد الله تعالى مثل عبادة أهل السموات السبع، ومن صلى أربع ركعات يقرأ في كل ركعة الحمد مرة، وخمسين مرة قل هو الله أحد، غفر الله خمسين عاما ماض وخمسين عاما مستقبل، وبنى له في الملأ الأعلى ألف ألف منبر من نور، ومن سقى شربة من ماء فكأنما لم يعص الله طرفة عين، ومن أشبع أهل بيت مساكين يوم عاشوراء مر على الصراط كالبرق الخاطف، ومن تصدق بصدقة يوم عاشوراء، فكأنما لم يرد سائلا قط.

ومن اغتسل يوم عاشوراء لم يمرض مرضا إلا مرض الموت، ومن اكتحل يوم عاشوراء لم ترمد عينيه تلك السنة كلها، ومن أمر يده على رأس يتيم فكأنما بر يتامى ولد آدم كلهم، ومن صام يوم عاشوراء أعطي ثواب عشرة ألف ملك، ومن صام يوم عاشوراء أعطي ثواب ألف حاج ومعتمر، ومن صام يوم عاشوراء أعطي ثواب ألف شهيد، ومن صام يوم عاشوراء كتب له أجر سبع سموات، وفيه خلق الله السموات والأرضين، والجبال والبحار، وخلق العرش يوم عاشوراء، وخلق القلم يوم عاشوراء، وخلق اللوح يوم عاشوراء، وخلق جبريل يوم عاشوراء، ورفع عيسى يوم عاشوراء، وأعطى سليمان الملك يوم عاشوراء، ويوم القيامة يوم عاشوراء، ومن عاد مريضا يوم عاشوراء

فکأنما عاد مرضی ولد آدم کلھم"۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل نے بنی اسرئیل پر سال میں ایک روزہ عاشورہ کے دن فرض کیا تھا، اور وہ (عاشورہ) دس محرم کا دن ہے، آپ بھی روزہ رکھو، اور اس دن اپنے اہل وعیال پر وسعت کرو، اس لئے کہ دس محرم کے دن جو شخص اپنے اہل وعیال پر اپنے مال میں سے وسعت کرے گا تو اس پر پورا سال وسعت کر دی جائے گی، سو اس دن روزہ رکھو، اس لئے کہ اس دن اللہ تعالی نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے حضرت ادریس علیہ السلام کو بلند مقام کی طرف اٹھالیا تھا، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ سے نجات عطا فرمائی، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی سے اتارا گیا، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام پر تورات نازل فرمائی۔

اور اسی دن میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کے فدیہ میں ذبح کے لئے دنبہ دیا گیا، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے حضرت یوسف علیہ السلام کو جیل سے نجات دی، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو بینائی واپس عطا کی، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے حضرت ایوب علیہ السلام کی آزمائش ختم فرمائی، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے نجات عطا فرمائی، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے بنی اسرئیل کے لئے سمندر کو چاک کیا، اور یہ وہ دن ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اگلے پچھلے سارے گناہ معاف کر دیئے، اور اسی دن حضرت

موسیٰ علیہ السلام نے دریا کو عبور کیا، اور اسی دن اللہ تعالی نے حضرت یونس علیہ السلام کی قوم کی توبہ قبول کی۔

جس نے اس دن روزہ رکھا تو وہ اس کے لئے چالیس سال کا کفارہ ہو جائے گا، اور دنیا کے سب سے پہلے دن اللہ تعالی نے دس محرم کے دن کو پیدا کیا ہے، اور آسمان سے سب سے پہلی بارش دس محرم کے دن برسی، اور سب سے پہلی رحمت دس محرم کے دن نازل ہوئی، جس نے دس محرم کا روزہ رکھا گویا کہ اس نے زندگی بھر روزہ رکھا، اور یہ انبیاء علیہم السلام کا روزہ ہے، اور جو شخص دس محرم کی رات جاگتا رہا گویا کہ اس نے سات آسمان والوں کی عبادت کی طرح اللہ تعالی کی عبادت کی، اور جس نے چار رکعات اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ ایک دفعہ، اور "قل ہو اللہ احد" پچاس مرتبہ پڑھی، تو اللہ تعالی اس کے گزشتہ پچاس سال اور آئندہ پچاس سال کے گناہ معاف فرما دیں گے، اور اس کے لئے ملأ اعلی میں دس لاکھ منبر نور کے بنائیں گے، اور جس نے کسی کو پانی پلایا گویا کہ اس نے اللہ تعالی کی پلک جھپکنے کے برابر بھی نافرمانی نہیں کی، اور جس نے دس محرم کے دن مسکین گھرانے کو پیٹ بھر کر کھانا کھلایا تو وہ پل صراط سے بجلی کی چمک کی طرح گزر جائے گا، اور جس نے دس محرم کے دن صدقہ کیا گویا کہ اس نے سوالی کو کبھی خالی نہیں لوٹایا۔

اور جس نے دس محرم کے دن غسل کیا تو وہ موت کے علاوہ کسی مرض میں مبتلاء نہیں ہو گا، اور جس نے دس محرم کے دن سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ پورا سال نہیں دکھے گی، اور جس نے یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا گویا کہ اس نے اولادِ آدم علیہ السلام کے تمام یتیموں کے ساتھ نیکی کی، اور جس نے دس محرم کا روزہ رکھا اسے دس ہزار فرشتوں کے برابر ثواب دیا جائے گا، اور جس نے دس محرم کا روزہ رکھا اسے

ہزار حج وعمرہ کرنے والوں کا ثواب دیا جائے گا، اور جس نے دس محرم کا روزہ رکھا اسے ہزار شہیدوں کا ثواب دیا جائے گا، اور جس نے دس محرم کا روزہ رکھا اس کے لئے سات آسمانوں کا اجر لکھا جائے گا، اور اسی دن اللہ تعالی نے آسمان وزمین، پہاڑ وسمندر بنائے، اور دس محرم کے دن اللہ تعالی نے عرش کو پیدا کیا، اور دس محرم کے دن قلم کو بنایا، اور دس محرم کے دن لوح کو پیدا کیا، اور جبرائیل علیہ السلام کو دس محرم کے دن پیدا کیا، اور حضرت عیسی علیہ السلام کو دس محرم کے دن اٹھایا، اور دس محرم کے دن سلیمان علیہ السلام کو بادشاہت عطا کی، اور قیامت دس محرم کے دن ہوگی، اور جس شخص نے دس محرم کے دن کسی مریض کی عیادت کی گویا کہ اس نے تمام اولاد آدم علیہ السلام کے مریضوں کی عیادت کی۔

یہی روایت حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے "التوسعة على العيال"[1] میں حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے تخریج کی ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ "الموضوعات"[2] میں تخریج روایت کے بعد فرماتے ہیں:

"هذا حديث لا يشك عاقل في وضعه، ولقد أبدع من وضعه وكشف القناع، ولم يستحيي، وأتى فيه المستحيل، وهو قوله: وأول

[1] التوسعة على العيال:رقم:٨،مخطوط من الشاملة .

[2] الموضوعات:٢٠١/٢،ت:عبد الرحمن محمد عثمان،المكتبة السلفية ـ المدينة المنورة،الطبعة الأولى ١٣٨٦هـ.

يوم خلق الله يوم عاشوراء، وهذا تغفيل من واضعه، لأنه إنما يسمى يوم عاشوراء، إذا سبقه تسعة.

وقال: فيه خلق السموات والأرض والجبال يوم عاشوراء، وفي الحديث الصحيح: أن الله تعالى خلق التربة يوم السبت، وخلق الجبال يوم الأحد.

وفيه التحريف في مقادير الثواب الذي لا يليق بمحاسن الشريعة، وكيف يحسن أن يصوم الرجل يوما فيعطى ثواب من حج واعتمر، وقتل شهيدا؟ وهذا مخالف لأصول الشرع، ولو ناقشناه على شيء بعد شيء، لطال، وما أظنه إلا دس في أحاديث الثقاة، وكان مع الذي رواه نوع تغفل، ولا أحسب ذلك إلا في المتأخرين، وإن كان يحيى بن معين قد قال في ابن أبي الزناد: ليس بشيء، ولا يحتج بحديثه، واسم أبي الزناد: عبد الله بن ذكوان، واسم ابنه: عبد الرحمن، كان ابن مهدي لا يحدث عنه، وقال أحمد: هو مضطرب الحديث، وقال أبو حاتم الرازي: لا يحتج به، فلعل بعض أهل الهوى قد أدخله في حديثه".

کسی بھی عقلمند کو اس حدیث کے من گھڑت ہونے میں شک نہیں ہوتا، اور اس کے گھڑنے والے نے بدعت ایجاد کی ہے، اور اس نے اپنی پردہ دری خود کی ہے، اور اسے کچھ شرم بھی نہیں آئی، اور وہ اس میں ایک محال چیز لے آیا ہے، اور وہ (محال) یہ قول ہے کہ سب سے پہلا دن اللہ تعالی نے دس محرم کے دن کو

پیدا کیا، اور یہ اس گھڑنے والے کی غفلت کا نتیجہ ہے، کیونکہ اس کا نام دس محرم اسی وقت ہو سکتا ہے جبکہ اس سے پہلے نو دن گزر چکے ہوں۔

اور (گھڑنے والے نے) کہا ہے کہ دس محرم کے دن اللہ تعالی نے آسمان، زمین اور پہاڑ پیدا کئے، جبکہ صحیح حدیث میں ہے: اللہ تعالی نے ہفتہ کے دن مٹی کو پیدا کیا، اور اتوار کے دن پہاڑ پیدا کئے۔

اور اس میں ثواب کی مقدار میں ایسی تحریف ہے جو محاسنِ شریعت کے مناسب نہیں ہے، اور یہ مناسب کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک دن آدمی روزہ رکھے اور اسے حج و عمرہ کرنے والے، اور شہید کا ثواب دیا جائے؟ اور یہ چیزیں شریعت کے اصول کے خلاف ہیں، اگر ہم ایک کے بعد ایک چیز کا مناقشہ کریں تو بات لمبی ہو جائے گی، اور میرا خیال تو یہی ہے کہ یہ حدیث ثقہ لوگوں کی احادیث میں ٹھونس دی گئی ہے، اور ساتھ ساتھ اس کو نقل کرنے والے میں ایک قسم کی غفلت بھی ہے، اور میرے خیال میں یہ غفلت متاخرین میں ہوئی ہے، اگرچہ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے ابن ابی الزناد کے بارے میں کہا ہے کہ یہ لیس بشیء ہے، اس کی حدیث سے احتجاج نہ کیا جائے، اور ابو الزناد کا نام عبد اللہ بن ذکوان ہے، اور اس کے بیٹے کا نام عبد الرحمن ہے، ابن مہدی رحمۃ اللہ علیہ ان سے حدیث بیان نہیں کرتے تھے، اور احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مضطرب الحدیث ہے، اور ابو حاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس سے احتجاج نہ کیا جائے، شاید کہ بعض ہوی پرست لوگوں نے ان کی حدیث میں اسے داخل کر دیا ہے۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللآلئ المصنوعة"[1] میں حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کرتے ہوئے یہ الفاظ ذکر کئے ہیں: "موضوع، ورجاله ثقات، والظاهر أن بعض المتأخرين وضعه، وركبه على هذا الإسناد". یہ روایت من گھڑت ہے، اور اس کے رجال ثقہ ہیں، اور بظاہر متاخرین میں سے کسی نے اسے گھڑا ہے، اور اس پر یہ سند جوڑ دی ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ "تنزيه الشريعة"[2] میں حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: "قلت: قال الذهبي: أدخل على أبي طالب العُشَارِي، فحدث به بسلامة باطن، وفي سنده أبو بكر النجار [كذا في الأصل، والصحيح: النجاد]، وقد عمى بأخرة، وجوز الخطيب أن يكون أدخل عليه شيء، فيحتمل أن يكون هذا مما أدخل عليه، والله أعلم".

میں (علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں: ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابو طالب عُشَارِی پر اسے داخل کیا گیا ہے، انہوں نے اسے باطن کی سلامتی کے ساتھ بیان کر دیا، اور اس کی سند میں ابو بکر نجاد ہے، اور یہ آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے،

---

[1] اللآلئ المصنوعة:۹۳/۲،ت:أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة دار الكتب العليمة ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۱۷هـ.

[2] تنزيه الشريعة:۱۵۱/۲،رقم:۱۷،ت:عبد الوهاب عبد اللطيف،عبد الله محمد الصديق،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ۱٤۰۱هـ.

اور خطیب رحمۃ اللہ علیہ کی تجویز ہے کہ ان پر کوئی چیز داخل کر دی گئی ہے، لہذا احتمال ہے کہ یہ اُن داخل کردہ چیزوں میں سے ہو، واللہ اعلم۔

علامہ عبد الحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے "الآثار المرفوعة"[1] میں حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ کے کلا پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۲۸ھ) کا کلام

حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ "مجموع الفتاوی"[2] میں فرماتے ہیں:

"وقوم من المتسننة رووا ورويت لهم أحاديث موضوعة، بنوا عليها ما جعلوه شعارا في هذا اليوم، يعارضون به شعار ذلك القوم، فقابلوا باطلا بباطل، وردوا بدعة ببدعة، وإن كانت إحداهما أعظم في الفساد، وأعون لأهل الإلحاد.

مثل الحديث الطويل الذي روي فيه: من اغتسل يوم عاشوراء لم يمرض ذلك العام، ومن اكتحل يوم عاشوراء لم يرمد ذلك العام، وأمثال ذلك من الخضاب يوم عاشوراء والمصافحة فيه، ونحو ذلك فإن هذا الحديث ونحوه كذب مختلق باتفاق من يعرف علم الحديث، وإن كان قد ذكره بعض أهل الحديث وقال: إنه صحيح، وإسناده على شرط الصحيح، فهذا من الغلط الذي لا ريب فيه، كما هو مبين في غير هذا الموضع.

---

[1] الآثار المرفوعة: ص: ۹۷، ت: أبو هاجر محمد السعيد بن بيسيوني زغلول، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

[2] مجموع الفتاوى: ٥١٣/٤، ت: عبد الرحمن بن محمد بن قاسم، مجمع الملك فهد ـ المدينة، الطبعة ١٤٢٥هـ.

ولم يستحب أحد من أئمة المسلمين الاغتسال يوم عاشوراء، ولا الكحل فيه، والخضاب، وأمثال ذلك، ولا ذكره أحد من علماء المسلمين الذين يقتدى بهم، ويرجع إليهم في معرفة ما أمر الله به ونهى عنه، ولا فعل ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم، ولا أبو بكر، ولا عمر، ولا عثمان، ولا علي.

ولا ذكر مثل هذا الحديث في شيء من الدواوين التي صنفها علماء الحديث، لا في المسندات: كمسند أحمد، وإسحاق، وأحمد بن منيع، والحميدي، والدالاني، وأبو يعلى الموصلي، وأمثالها، ولا في المصنفات على الأبواب: كالصحاح، والسنن، ولا في الكتب المصنفة الجامعة للمسند والآثار: مثل موطأ مالك، ووكيع، وعبد الرزاق، وسعيد بن منصور، وابن أبي شيبة، وأمثالها".

کچھ پیروکار لوگ خود بھی من گھڑت احادیث روایت کرتے ہیں اور ان کے لئے اسے گھڑا بھی جاتا ہے، جن پر وہ ایسے آج کل کے شعار کی بنیاد رکھے ہوئے ہیں، اور وہ اس شعار کے زریعہ اس قوم سے معارضہ کرتے ہیں، سو وہ مقابلہ کرتے ہیں باطل کا باطل کے ساتھ، اور بدعت کا رد کرتے ہیں بدعت کے ساتھ، اگرچہ ان میں ایک فساد میں دوسرے سے بڑھ کر ہے، اور ملحدین کا زیادہ معاون ہے۔

جیسے ایک لمبی حدیث ہے، جس میں منقول ہے: جس نے دس محرم کے دن غسل کیا وہ اس سال کسی مرض میں مبتلاء نہیں ہو گا، اور جس نے دس محرم کے دن

اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ اس سال نہیں دکھے گی، اور اس جیسی دوسری روایات، مثلاً دس محرم کے دن خضاب لگانا اور مصافحہ کرنا وغیرہ، یہ حدیث اور اس جیسی دیگر روایات علم حدیث کی معرفت رکھنے والوں کے نزدیک اتفاقی طور پر جھوٹی اور گھڑی ہوئی ہیں، اگرچہ بعض اہل حدیث نے ان کو ذکر کیا ہے اور صحیح کہا ہے، اور اسنادہ علی شرط الصحیح کہا ہے، یہ سب غلط ہے، جس میں کوئی شک نہیں ہے، جیساکہ اس کے علاوہ دوسرے مقام پر یہ وضاحت سے بتادیا گیا ہے۔

اور مسلمانوں کے ائمہ میں سے کسی نے دس محرم کے دن غسل کرنے، سرمہ لگانے، خضاب لگانے اور اس جیسی اشیاء کو مستحب نہیں کہا ہے، اور اسے ذکر بھی نہیں کیا مسلمانوں کے اُن علماء نے جن کی اقتداء کی جاتی ہے، اور جن کی طرف رجوع کیا جاتا ہے ان اشیاء کی معرفت میں جن کا اللہ نے حکم دیا ہے اور جن سے اللہ نے منع کیا ہے، اور یہ سب نہ رسول اللہ ﷺ نے کیا، نہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے، نہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے، نہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے، اور نہ ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیا۔

اور اس جیسی حدیث کا ذکر علمائے حدیث کی مدون تصنیفات میں کہیں نہیں ہے، نہ مسند کتب میں، جیسے: مسند احمد، مسند اسحاق، مسند احمد بن منیع، مسند حمیدی، مسند دالانی، اور مسند ابی یعلی موصلی، اور اس جیسی کتب، اور اُن کتب میں بھی مذکور نہیں جو ابواب کی ترتیب پر تصنیف کی گئی ہیں، جیسے: صحاح اور سنن، اور نہ ہی اُن کتب میں مذکور ہے جو مسند اور آثار کی ترتیب پر تصنیف کی گئی ہیں، جیسے: موطأ مالک، موطأ وکیع، مصنف عبد الرزاق، سنن سعید بن منصور اور مصنف ابن ابی شیبہ، اور اس جیسی کتب۔

حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۴۲ ھ) ''اللفظ المکرم بفضل عاشوراء المحرم''[1] میں زیر بحث روایت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''وهذا حديث موضوع، قبح الله من وضعه وافتراه، فلقد تبوأ بيتا في جهنم يصير مأواه، ولا تحل روايته إلا لهتك حاله وإظهار المتهم من بين رجاله، ورجال الحديث ثقات إلا النُوْشَرِي المذكور، وهو أحمد بن منصور بن محمد بن حاتم، فإني أتهمه به، والله تعالى أعلم''.

اور یہ حدیث من گھڑت ہے، اللہ تعالی اس کے گھڑنے، اور جھوٹ بولنے والے کا بُرا کرے، اس نے اپنا گھر جہنم میں بنالیا ہے، جو اس کا ٹھکانا ہے، اور اس سے روایت کرنا حلال نہیں ہے مگر اس کے حال کو بے نقاب کرنے کے لئے اور اس کے راویوں میں متہم کے ظاہر کرنے کے لئے، اور حدیث کے رجال ثقہ ہیں سوائے نُوشَری کے، اور وہ احمد بن منصور بن محمد بن حاتم ہے، میں اس میں اسی کو متہم سمجھتا ہوں، واللہ اعلم۔

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ ''التوسعة على العيال''[2] میں زیر بحث روایت تخریج کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

---

[1] انظر مجموع فيه رسائل للحافظ ابن ناصر الدين: ص:۱۰۰،ت:أبي عبد الله مشعل بن باني الجبرين،دار ابن حزم ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

[2] التوسعة على العيال:رقم:٨،مخطوط من الشاملة .

”قال الحافظ أبو الفضل ابن ناصر: هذا حديث حسن عزيز، ورجاله ثقات، وقد أخرج عن أكثرهم في الصحيحين، قال: وهذا أحسن من الحديث الذي يرويه أبو بكر النقاش المقرئ في فضائل عاشوراء، عن سفيان، عن ابن أبي نجيح، عن مجاهر[كذا في الأصل، والصحيح: مجاهد]، عن ابن عباس، قال: وما سمعنا بإسناد أصح من هذا الإسناد المذكور، ومن عمل به أعطي ثواب من صدق ولم يكذب، وذكر أبو الفرج بن الجوزي في فضائل الشهور عن ابن ناصر أيضا، أنه قال: هذا إسناد صحيح، وإسناده على شرط الشيخين انتهى.

هكذا اقتصر على حكاية كلام ابن ناصر في هذا الكتاب، وأما في الموضوعات: فرواه بسنده كما تقدم، ثم قال: هذا حديث لا يشك عاقل في وضعه ...“.

”حافظ ابو الفضل ابن ناصر رحمۃ اللہ علیہ [المتوفی ۵۵۰ ھ] فرماتے ہیں: یہ حدیث ”حسن عزیز“ ہے، اور اس کے رجال ثقہ ہیں، اور اس میں سے اکثر صحیحین میں تخریج کی گئی ہے، (ابن ناصر رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں: اور یہ احسن ہے اُس حدیث سے جسے ابو بکر نقاش مقری نے عاشوراء کے فضائل میں عن سفیان، عن ابن ابی نجیح، عن مجاہد، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کے طریق سے روایت کیا ہے، (ابن ناصر رحمۃ اللہ علیہ مزید) فرماتے ہیں: اور ہم نے نہیں سنا کہ اس مذکورہ سند سے زیادہ کوئی سند اصح ہو، اور جو شخص اس پر عمل کرے گا تو اسے اُن لوگوں کا اجر دیا جائے گا جنہوں نے اس کی تصدیق کی، اور اس کی تکذیب نہیں کی، اور اسے ابو الفرج ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے ”فضائل شہور“ میں ابن ناصر رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے ذکر کیا ہے کہ

وہ فرماتے ہیں: یہ اسناد صحیح ہے، اور اس کی اسناد علی شرط الشیخین ہے، انتہی۔

(حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) اسی طرح ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب میں ابن ناصر رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے، تاہم ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "موضوعات" میں اسے اسی سند سے تخریج کیا جیسا کہ گزرا، پھر فرمایا ہے: کسی عاقل کو اس حدیث کے من گھڑت ہونے میں شک نہیں ہوتا۔۔۔"۔

اس کے بعد حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی "کتاب الموضوعات" کی مکمل عبارت لائے ہیں، پھر لکھتے ہیں: "وقال الشيخ تقي الدين بن تيمية في الفتوى التي تقدم نقل بعضها: وهذا هو الذي يجب القطع به، فإنه لا يستريب من تدبر هذا الكلام من المؤمنين أن هذا لا يجوز أن يقوله مؤمن، فضلا عن أن يقول مثل هذا رسول الله صلى الله عليه وسلم، فإن فيه من المجازفات، والفرية على الله تعالى وخلقه، ما لا يجوز أن يذكر إلا على وجه الإنكار.

وذكر كلاما طويلا، ثم قال: وما ذكره ابن ناصر، قاله بناء على أن رأى ظاهر حال رجاله السلامة عنده، ولكن هو من رواية الشيوخ المتأخرين، ليس له ذكر في شيء من كتب الحديث المعروفة، ولا هو معروف من رواية علماء الحديث المتقدمين.... ".

"اور شیخ تقی الدین ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ "فتاوی" میں فرماتے ہیں جس کا بعض حصہ ماقبل میں نقل ہو چکا ہے، اور یہی چیز قطعی طور پر ثابت ہے، کیونکہ ایمان والوں میں سے جو کوئی بھی اس کلام میں غور کرے گا تو اسے یہ شک نہیں

رہے گا کہ یہ کلام مؤمن کا نہیں ہو سکتا، چہ جائیکہ ایسی بات رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمائی ہو، کیونکہ اس کلام میں اٹکل کی باتیں ہیں، اور اللہ تعالی اور مخلوق پر جھوٹ بولا گیا ہے، اس کا ذکر انکار کے علاوہ جائز نہیں ہے۔

(حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) اور ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے بہت طویل کلام ذکر کیا، پھر فرماتے ہیں: اور جو کچھ ابن ناصر رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے، وہ انہوں نے سند کے راویوں کی ظاہری حالت کی سلامتی کی بناء پر کہا ہے، لیکن یہ حدیث متاخرین شیوخ کی روایت میں سے ہے، اس کا ذکر حدیث کی معروف کتابوں میں نہیں ہے، اور یہ متقدمین علمائے حدیث کی روایت میں بھی معروف نہیں ہے۔۔۔"۔

آخر میں حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"والحق ما قاله ابن الجوزي في الموضوعات، وابن تيمية من موضوع، لما فيه من الركة والمجازفات، والله أعلم". اور حق بات وہی ہے جو ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "موضوعات" میں کہی ہے، اور ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا اسے من گھڑت کہنا حق ہے، اس لئے کہ اس میں رکاکت اور اٹکل سے کہی ہوئی باتیں ہیں، واللہ اعلم۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "میزان الاعتدال"[1] میں محمد بن علی بن فتح عُشَارِی کے ترجمہ میں لکھتے ہیں:

---

[1] میزان الاعتدال:٦٥٦/٣،رقم:٧٩٧٩،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

"شيخ صدوق معروف، لكن أدخلوا عليه أشياء، فحدث بها بسلامة باطن، منها: حديث موضوع في فضل ليلة عاشوراء". **یہ شیخ صدوق معروف ہے، لیکن لوگوں نے اس پر کچھ چیزیں (احادیث) داخل کر دیں تھیں، جسے اس نے سلامتی باطن کے ساتھ روایت کر دیا ہے، ان من گھڑت احادیث میں وہ حدیث بھی ہے جو عاشورہ کی رات کی فضیلت میں ہے۔**

اس کے بعد حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے زیرِ بحث روایت نقل کی، پھر لکھتے ہیں:

"فقبح الله من وضعه، والعتب إنما هو على محدثي بغداد، كيف تركوا العُشَارِي،يروي هذه الأباطيل؟". **اللہ تعالی اس کے گھڑنے والے کا برا کرے، عتاب بغداد کے محدثین پر ہے، انہوں نے کیسے عُشَارِی کو ایسے ہی چھوڑ دیا کہ وہ یہ باطل روایات نقل کرتا پھرے؟۔**

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "لسان الميزان"[1] **میں حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:**

"قلت: وقد تقدم في ترجمة النجاد: أنه عمي بأخرة، وأن الخطيب جوز أن يكون أدخل عليه شيء، وهذا التجويز محتمل في حق العشاري أيضا، وهو في حق ابن أبي الزناد بعيد، فقد وثقه مالك، وعلق له البخاري بالجزم، والعلم عند الله تعالى".

---

[1] لسان الميزان:٣٧٧/٧،رقم:٧٢١١،ت:عبد الفتاح أبو غدة،مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ حلب،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

میں (حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں: نجاد کے ترجمہ میں یہ بات گزر چکی ہے کہ وہ آخری عمر میں نابینا ہو گئے تھے، اور خطیب رحمۃ اللہ علیہ کی تجویز ہے کہ ہو سکتا ہے کسی نے نجاد پر کوئی چیز داخل کر دی ہو، اور اس تجویز کا احتمال عُشَارِی کے حق میں بھی ہو سکتا ہے، لیکن ابن ابی الزناد کے حق میں یہ تجویز بعید ہے، اس لئے کہ مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی توثیق کی ہے، اور بخاری رحمۃ اللہ علیہ صیغہ جزم کے ساتھ تعلیقًا ان کی روایات لائے ہیں، واللہ اعلم عند اللہ۔

نیز حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "الدراية"[1] میں فرماتے ہیں: "ومن حديث أبي هريرة بسند لين، فيه أحمد بن منصور الشونيزي [كذا في الأصل، والصحيح: النُوْشَرِي]، فكأنه أدخل عليه، وهو إسناد مختلف [كذا في الأصل] لهذا المتن قطعيا". اور حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بسند لین ہے، اس میں احمد بن منصور نُوشَرِیُ ہے، گویا کہ اس پر اس روایت کو داخل کیا گیا ہے، اور قطعی طور پر اس متن کی اسناد مختلف ہیں۔

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ "المقاصد الحسنة"[2] میں فرماتے ہیں:

"ومن حديث أبي هريرة بسنده لين، فيه أحمد بن منصور الشونيزي [كذا في الأصل، والصحيح: النُوْشَرِي]، فكأنه أدخل عليه، وهو إسناد مختلق لهذا المتن قطعا". اور حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بسند لین ہے،

---

[1] الدراية: ۲۸۱/۱، ت: عبد الله هاشم اليماني المدني، دار المعرفة ـ بيروت.

[2] المقاصد الحسنة: ص: ٤٦٢، رقم: ۱۰۸۳، ت: عبد الله محمد الصديق وعبد اللطيف حسن، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٧هـ.

اس میں احمد بن منصور نُوشَری ہے، گویا کہ اس پر اس روایت کو داخل کیا گیا ہے، اور یقینی بات ہے کہ اس متن کی اسناد گھڑی ہوئی ہے۔

روایت بطریق ابو طالب عُشَارِی کا حکم

"من گھڑت ہے" (حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ، نیز حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ عبد الحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے، اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے)۔

"یقینی بات ہے کہ اس متن کی اسناد گھڑی ہوئی ہے" (حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ)۔

الحاصل اس روایت کو اس طریق سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

آپ تفصیل میں دیکھ چکے ہیں کہ زیر بحث روایت کو مختلف طرق سے حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے من گھڑت قرار دیا ہے۔

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ عبد الحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے، نیز حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یقینی بات ہے کہ اس متن کی اسناد گھڑی ہوئی ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ”باطل، لا اصل“ کہا ہے۔

حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ محمد بن درویش حوت رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ”باطل“ قرار دیا ہے، ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ قاؤقجی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے، بہر صورت اس روایت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ عاشورہ کے دن روزہ اور اس کا ثواب، اس دن حضرت موسی علیہ السلام اور بنی اسرائیل کا فرعون کے لشکر سے نجات پانا، اور اسی دن فرعون کا اپنے لشکر سمیت غرق ہونا صحیح احادیث سے ثابت ہے[1]۔

---

[1] امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اپنی ”صحیح“ میں تخریج فرماتے ہیں: ”حدثنا يحيى بن يحيى، أخبرنا هشيم، عن أبي بشر، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس رضي الله عنهما، قال: قدم رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة، فوجد اليهود يصومون يوم عاشوراء، فسئلوا عن ذلك؟ فقالوا: هذا اليوم الذي أظهر الله فيه موسى وبني إسرائيل على فرعون، فنحن نصومه تعظيما له، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: نحن أولى بموسى منكم، فأمر بصومه.
وحدثني ابن أبي عمر، حدثنا سفيان، عن أيوب، عن عبد الله بن سعيد بن جبير، عن أبيه، عن ابن عباس رضي الله عنهما، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قدم المدينة، فوجد اليهود صياما، يوم عاشوراء، فقال لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما هذا اليوم الذي تصومونه؟ فقالوا: هذا يوم عظيم، أنجى الله فيه موسى وقومه، وغرق فرعون وقومه، فصامه موسى شكرا، فنحن نصومه، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فنحن أحق وأولى بموسى منكم، فصامه رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأمر بصيامه“ (الصحيح لمسلم:ص:۷۹۶،۷۹۵،رقم:۱۱۳۰،ت:محمد فواد عبد الباقي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

یہ بھی واضح رہے کہ زیرِ بحث مفصل روایت کے بعض مضامین بعض تابعین اوران کے بعد طبقات والوں سے ان کے قول کے طور پر منقول ہیں، یہاں ان سے فی الحال تعرض نہیں کیا جارہا۔

"وحدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، وابن نمير، قالا: حدثنا أبو أسامة، عن أبي عميس، عن قيس بن مسلم، عن طارق بن شهاب، عن أبي موسى رضي الله عنه، قال: كان يوم عاشوراء يوما تعظمه اليهود، وتتخذه عيدا، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: صوموه أنتم "(الصحيح لمسلم:ص:٧٩٦،رقم: ١١٣١،ت:محمد فواد عبد الباقي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

"وحدثنا الحسن بن علي الحلواني، حدثنا ابن أبي مريم، حدثنا يحيى بن أيوب، حدثني إسماعيل بن أمية، أنه سمع أبا غطفان بن طريف المري، يقول: سمعت عبد الله بن عباس رضي الله عنهما، يقول: حين صام رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم عاشوراء وأمر بصيامه، قالوا: يا رسول الله! إنه يوم تعظمه اليهود والنصارى، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فإذا كان العام المقبل إن شاء الله صمنا اليوم التاسع، قال: فلم يأت العام المقبل، حتى توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم"(الصحيح لمسلم:ص:٧٩٧،رقم:١١٣٤، ت:محمد فواد عبد الباقي،دار الكتب العلمية ـبيروت،الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

"وحدثنا يحيى بن يحيى التميمي، وقتيبة بن سعيد، جميعا عن حماد، قال يحيى: أخبرنا حماد بن زيد، عن غيلان، عن عبد الله بن معبد الزماني، عن أبي قتادة: رجل أتى النبي صلى الله عليه وسلم... وصيام يوم عاشوراء أحتسب على الله أن يكفر السنة التي قبله "(الصحيح لمسلم:ص:٨١٩ ،رقم:١١٦٢،ت:محمد فواد عبد الباقي،دار الكتب العلمية ـبيروت،الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

روایت نمبر⑪

حکایت: ابو معلق تاجر صحابی رضی اللہ عنہ کا ڈاکو سے حفاظت کی نماز میں ایک خاص دعا کرنا، اور فرشتہ کا اس ڈاکو کو نیزہ سے قتل کرنا۔

حکم: شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کرسکتے، نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ عجیب حدیث ہے۔

یہ روایت دو طریق سے منقول ہے: ① ابو نضر محمد بن سائب کلبی کا طریق ② موسی بن حجاج سمرقندی کا طریق۔

ابو نضر محمد بن سائب کلبی کا طریق

حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ "الھواتف"[1] میں لکھتے ہیں:

"حدثنا عيسى بن عبد الله التميمي، أخبرني فُهَيْر بن زياد الأسدي، عن موسى بن وردان، عن الكلبي وليس بصاحب التفسير، عن الحسن، عن أنس بن مالك، قال: كان رجلا من أصحاب النبي صلى الله عليه و سلم من الأنصار يكنى أبا معلق، وكان تاجرا يتجر بماله ولغيره، يضرب به في الآفاق، وكان يزن بسداد وورع [كذا في الأصل، وفي بعض الطرق: وكان ناسكا ورعا] فخرج مرة، فلقيه لص مقنع في السلاح، فقال: له ضع ما معك فإني قاتلك، قال: ما تريد إلى

[1] الهواتف:٣٩١/٦،رقم:١٢٢٢٠،ت:فاضل بن خلف الحمادة الرقي،دار اطلس الخضراء ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤٣٣هـ.

دمي، شأنك بالمال، فقال: أما المال فلي ولست أريد إلا دمك، قال: أما إذا أبيت فذرني أصلي أربع ركعات قال: صل ما بدا لك، قال: فتوضأ ثم صلى أربع ركعات، فكان من دعائه في أخر سجدة أن قال: يا ودود يا ذا العرش المجيد يا فعال لما يريد! أسألك بعزك الذي لايرام وملكك الذي لايضام، وبنورك الذي ملأ أركان عرشك أن تكفيني شر هذا اللص، يا مغيث! أغثني يا مغيث! أغثني، ثلاث مرار.

قال: دعا بها ثلاث مرات، فإذا هو بفارس قد أقبل بيده حربة واضعها بين أذني فرسه، فلما بصر به اللص أقبل نحوه فطعنه فقتله ثم أقبل إليه فقال: قم، قال من أنت بأبي أنت وأمي، فقد أغاثني الله بك اليوم، قال: أنا ملك من أهل السماء الرابعة، دعوت بدعائك الأول فسمعت لأبواب السماء قعقعة، ثم دعوت بدعائك الثاني فسمعت لأهل السماء ضجة، ثم دعوت بدعائك الثالث، فقيل لي: دعاء مكروب، فسألت الله تعالى أن يوليني قتله.

قال أنس رضي الله عنه: فاعلم أنه من توضأ وصلى أربع ركعات ودعا بهذا الدعاء استجيب له مكروبا كان أو غير مكروب".

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک انصاری صحابی تھے جن کی کنیت ابو معلق رضی اللہ عنہ تھی، اور وہ تاجر تھا وہ اپنے اور دوسروں کے مال سے دنیا میں بھر میں پھر کر تجارت کرتا تھا، یہ ابو معلق رضی اللہ عنہ تاجر عبادت گزار پرہیزگار تھا، ایک مرتبہ ابو معلق رضی اللہ عنہ تجارت کی غرض سے سفر میں نکلے اچانک ڈاکو سے آمنا سامنا ہوا جو کہ ہتھیار سے لیس تھا، ڈاکو نے ابو معلق رضی اللہ عنہ سے کہا، جو

کچھ تمہارے پاس ہے اسے رکھ دو، میں تمہیں قتل کرنے والا ہو، ابو معلق رضی اللہ عنہ نے کہا تمہیں میرے خون سے کیا غرض ہے؟ تمہیں تو مال سے مطلب ہے، ڈاکو نے کہا: جہاں تک مال کا تعلق ہے وہ تو میرا ہے، اور میرا مقصد صرف تمہیں قتل کرنا ہے، ابو معلق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر تم نہیں مانتے تو اتنی مہلت دو کہ میں چار رکعت نماز پڑھ لوں، ڈاکو نے کہا کہ جتنا چاہے پڑھ لے، راوی نے کہا: ابو معلق رضی اللہ عنہ نے وضو کیا اور چار رکعت پڑھی، اور انہوں نے اپنے آخری سجدہ میں یہ دعا پڑھی: "یا ودود يا ذا العرش المجيد يافعال لمايريد! أسألك بعزك الذي لايرام وملكك الذي لايضام، وبنورك الذي ملأ أركان عرشك أن تكفيني شر هذا اللص يا مغيث أغثني". یہ دعا انہوں نے تین دفعہ پڑھی۔

اچانک ایک شخص گھڑسوار نمودار ہوا جس کے ہاتھ میں چھوٹا نیزہ تھا، جو اس شخص نے گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان رکھا ہوا تھا، جب ڈاکو نے اس شخص کو دیکھا تو اس کی طرف لپکا، اس شخص نے نیزے سے ڈاکو پر حملہ کیا اور اس کو قتل کر دیا، پھر ابو معلق رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوا اور ابو معلق رضی اللہ عنہ سے کہا: کھڑے ہو جاؤ، ابو معلق رضی اللہ عنہ نے کہا آپ کون ہیں؟ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، آپ کی وجہ سے اللہ نے میری مدد فرمائی ہے، اس نے کہا کہ میں چوتھے آسمان کے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہوں، جب تم نے پہلی دفعہ دعا کی تو میں نے آسمان کے دروازوں کی کڑکڑاہٹ سنی، پھر جب تم نے دوسری مرتبہ پکارا تو میں نے آسمان والوں کی چیخ وپکار سنی، پھر جب تم نے تیسری مرتبہ دعا میں پکارا تو مجھ سے کہا گیا کہ کسی درمند کی پکار ہے، تو میں نے اللہ تعالی سے درخواست کی مجھے اس ڈاکو کے قتل کا اختیار دے دیجئے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غور سے سنو، جو شخص وضوء کرے، اور چار رکعت نماز پڑھے اور یہ دعا پڑھے، تو اس کی دعا قبول کی جائے گی خواہ وہ تکلیف میں مبتلا ہو یا نہ ہو۔

حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ نے "مجابو الدعوة"[1] میں بھی یہ روایت تخریج کی ہے۔

حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے یہ روایت حافظ ابو القاسم ابن بشکوال اندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے "المستغيثين بالله عند المهمات والحاجات"[2] میں، حافظ ضیاء الدین مقدسی رحمۃ اللہ علیہ نے "الترغيب في الدعاء"[3] اور "كتاب العدة للكرب والشدة"[4] میں اور حافظ ابو القاسم لالکائی رحمۃ اللہ علیہ نے "كرامات أولياء الله"[5] میں تخریج کی ہے[6]۔

یہ روایت حافظ ابن الاثیر رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "أسد الغابة"[7] میں ابو معلق

---

[1] مجابو الدعوة: ۲٤۳/٥، رقم: ۹۷٥۸، ت: فاضل بن خلف الحمادة الرقي، دار اطلس الخضراء ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۳۳هـ.

[2] المستغيثين بالله: ص: ۱۰، ت: مانويلا مارين، المجلس الأعلى للأبحاث العلمية.

[3] الترغيب في الدعاء: ۱۰٤/۱، رقم: ٦۱، ت: فواز أحمد زمرلي دار ابن حزم ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱٦هـ.

[4] كتاب العدة للكرب والشدة: ۷۲/۱، رقم: ۳۲، ت: ياسر بن إبراهيم بن محمد، دار المشكاة ـ القاهرة، الطبعة الأولى ۱٤۱٤هـ.

[5] كرامات أولياء الله: ۱٦٦/٥، رقم: ۱۱۱، ت: أحمد بن سعد بن حمدان الغامدي، دار طيبة ـ السعودية، الطبعة الثانية ۱٤۱٥هـ.

[6] نیز حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ روایت حافظ ابن الدنیا کی "مجابو الدعوة" کے حوالے سے ذکر کر کے فرماتے ہیں کہ اسے ابو الشیخ اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "كتاب الوظائف" میں روایت کیا ہے، دیکھئے: التوضيح لشرح الجامع: ۲۷۳/۲۹، ت: خالد الرباط، دار النوادر ـ دمشق، الطبعة الأولى ۱٤۲۹هـ.

[7] أسد الغابة: ۲۸۹/٦، رقم: ٦۲٦۸، ت: علي محمد معوض وعادل أحمد عبد الموجود، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ۱٤۲٤هـ.

"أسد الغابة" کی سند ملاحظہ ہو:

انصاری رضی اللہ عنہ کے ترجمہ میں اسی سند سے تخریج کی ہے، لیکن اس میں فرق بھی موجود ہے، جس کا ذکر آگے آئے گا۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "تجرید أسماء الصحابة"[1] میں لکھتے ہیں:

"أبو معقل [كذا في الأصل، والصحيح أبو معلق] له حديث عجيب لكن في سنده الكلبي، وليس بثقة وهو في كتاب مجابي الدعوة".

ابو معلق انصاری کی حدیث عجیب ہے، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں تاہم روایت کی سند میں کلبی ہے، جو "لیس بثقہ" ہے، اور یہ حدیث کتاب "مجابی الدعوۃ" میں موجود ہے۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ بظاہر حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ کی سند میں موجود ان کے شیخ عیسی بن عبد اللہ تمیمی کا یہ کہنا ہے کہ سند کا راوی کلبی، صاحب تفسیر نہیں ہے، لیکن حافظ ابن الاثیر رحمۃ اللہ علیہ کی سند میں موجود راوی محمد بن عبد اللہ رقی نے بھی یہی روایت عیسی تمیمی کے شیخ یحیی بن زیاد اسدی جن کا لقب فہیر ہے، سے نقل کی ہے، لیکن ان محمد بن عبد اللہ رقی نے سند کے راوی کلبی کو مطلقاً کلبی کہا ہے، یعنی یہ

"(س): أبو معلق الأنصاري أخبرنا أبو موسى، كتابة، أخبرنا الحسن بن أحمد، أخبرنا الفضل بن محمد بن سعيد أبو النصر المعدل، حدثنا عبد الله بن محمد أبو الشيخ، أخبرنا خالي أبو محمد عبد الرحمن بن محمود بن الفرج، أخبرنا أبو سعيد عمارة بن صفوان، أخبرنا محمد بن عبد الله الرقي، أخبرنا يحيى بن زياد، أخبرنا موسى بن وردان، عن الكلبي، عن أبي صالح، عن أنس بن مالك أن رجلا كان يكنى أبا معلق الأنصاري خرج في سفر من أسفاري... ".

[1] تجريد أسماء الصحابة: ۲۰٤/۲، رقم: ۲۳٤۹، دار المعرفة ـ بيروت.

نہیں کہاکہ یہ کلبی، صاحب تفسیر نہیں ہے، نیز کلبی کے بعد راوی ابو صالح کو بھی ذکر کیا ہے، جو کلبی صاحب تفسیر کا مشہور مروی عنہ راوی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مشہور کلبی صاحب تفسیر شدید مجروح راوی ہے، نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسے "کلبی لیس بثقة" کہا ہے۔

الحاصل سند میں موجود کلبی خواہ وہ صاحب تفسیر ہو یا کوئی اور، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک "لیس بثقة" ہے، اس سے معلوم ہوا کہ یہ کلبی ان کے نزدیک شدید ضعیف راوی ہے، نیز ان کے نزدیک یہ "حدیث عجیب" بھی ہے، چنانچہ اسے بیان و عمل سے احتراز کرنا چاہیے۔

ضمنی طور پر ذیل میں کلبی صاحب تفسیر اور ان کے شیخ ابو صالح کے احوال ائمہ جرح و تعدیل کے اقوال کی روشنی میں لکھے جا رہے ہیں۔

ابو نضر محمد بن سائب کلبی کوفی (المتوفی ۱۴۶ھ) کے بارے میں ائمہ کے اقوال

حافظ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "قال الكلبي: كل شيء أحدث عن أبي صالح فهو كذب". کلبی نے کہا کہ ہر وہ شے جو میں ابو صالح سے نقل کرتا ہوں وہ جھوٹی ہے [۱]۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "الكلبي هذا مذهبه في الدين. ووضوح الكذب فيه أظهر من أن يحتاج إلى الإغراق في وصفه" [۲].

[۱] الكامل في الضعفاء: ٢٧٤/٧، رقم: ١٦٢٦، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[۲] المجروحين: ٢٥٣/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٢هـ.

یہ ہے کلبی کا مذہب، کلبی کی روایات میں جھوٹ اس قدر واضح ہے کہ ان کے احوال کی تفصیل میں جانے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كذاب"[1].

امام یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ليس بشيء، كذاب، ساقط"[2].

حافظ زائدہ رحمۃ اللہ علیہ، امام لیث رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وہ کذاب ہے"[3]۔

حافظ سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كذاب، ساقط"[4].

حافظ دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "متروك"[5].

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "محمد بن السائب الكلبي عن أبي صالح، أحاديثه موضوعة"[6]. محمد بن سائب کلبی، ابو صالح کے انتساب سے من گھڑت روایات نقل کرتا ہے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وقد حدث عن الكلبي سفيان

---

[1] ميزان الاعتدال:٥٥٩/٣،رقم:٧٥٧٤،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[2] الضعفاء والمتروكين لابن الجوزي،٦٢/٣،رقم:٢٩٩٨،ت:عبدالله قاضي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٠٦هـ.

[3] الضعفاء والمتروكين لابن الجوزي،٣/ ٦٢،رقم:٢٩٩٨،ت:عبدالله قاضي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٠٦هـ.

[4] الضعفاء والمتروكين لابن الجوزي،٣/ ٦٢،رقم:٢٩٩٨،ت:عبدالله قاضي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٠٦هـ.

[5] ميزان الاعتدال:٣/ ٥٥٩،رقم:٧٥٧٤،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[6] كتاب الضعفاء:ص:١٣٨،رقم:٢١٠،ت:فاروق حمادة،دار الثقافة ـ القاهره،الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

وشعبة وجماعة، ورضوه في التفسير، وأما في الحديث فعنده مناكير، وخاصة إذا روى عن أبي صالح، عن ابن عباس".

کلبی سے سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ شعبہ رحمۃ اللہ علیہ اور ائمہ کی ایک جماعت نے روایت نقل کی ہے، یہ حضرات ان کی تفسیر سے راضی رہے ہیں، البتہ احادیث میں ان کے ہاں مناکیر ہیں، خاص کر جب وہ ابی صالح عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کے طریق سے روایت نقل کرے[1]۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "متهم بالكذب، ورمي بالرفض"[2].

باذام او باذان ابو صالح مولی ام ہانی

علامہ عمرو بن قیس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان مجاهد ينهى عن تفسير أبي صالح"[3]. **مجاہد رحمۃ اللہ علیہ ابو صالح کی تفسیر سے منع فرماتے تھے۔**

امام یحیی بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لم أر أحدا من أصحابنا ترك أبا صالح مولى أم هانئ، وما سمعت أحدا من الناس يقول فيه شيئا، ولم يتركه شعبة ولا زائدة ولا عبد الله بن عثمان"[4].

میں نے اپنے اصحاب میں سے کسی کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے ابو صالح مولی ام ہانی کو ترک کیا ہو، اور نہ میں نے لوگوں میں سے کسی کو کہتے ہوئے سنا کہ اس میں

[1] ميزان الاعتدال:۵۵۸/۳،رقم:۷۵۷٤،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[2] تقريب التهذيب:ص:٤٧٩، قم:٥٩٠١،ت:محمد عوامة،دار الرشد ـ سوريا،الطبعة الثالثة ١٤١١هـ.

[3] التاريخ الكبير:١٢٨/٢،رقم:١٩٨٨،ت:مصطفى عبد القادر أحمد عطا،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[4] الجرح والتعديل:٤٣٢/٢،رقم:١٧١٦،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

کوئی بات ہے، اور اسے شعبہ، زائدہ اور عبد اللہ بن عثمان نے ترک نہیں کیا۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان عبد الرحمن ابن مهدي ترك حديث أبي صالح باذام"[1]. عبد الرحمن بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ نے ابو صالح باذام کی حدیث کو چھوڑ دیا تھا۔

امام یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "أبو صالح مولى أم هانئ ليس به بأس، فإذا روى عنه الكلبي فليس بشيء، وإذا روى عنه غير الكلبي فليس به بأس..."[2]. ابو صالح مولی ام ہانی "لیس بہ بأس" ہے، اگر اس سے کلبی [محمد بن سائب] روایت نقل کرے تو یہ "لیس بشیٔ" ہے، البتہ اگر اس سے کلبی کے علاوہ کوئی شخص روایت نقل کرے تو یہ "لیس بہ بأس" ہے۔۔۔"۔

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "أبو صالح باذان صالح الحديث، يكتب حديثه ولا يحتج به"[3]. ابو صالح باذان، صالح الحدیث ہے، ان کی حدیث لکھی تو جائے گی مگر ان سے احتجاج نہیں کیا جائے گا۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے باذام ابو صالح کو "ليس بثقة"[4] کہا ہے۔

روایت بطریق کلبی کا حکم

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ عجیب حدیث ہے، اس کی سند میں کلبی ہے، جو "لیس بثقہ" ہے، لہذا یہ روایت اس طریق کے ساتھ شدید ضعیف ہے،

---

[1] الجرح والتعديل: ٤٣٢/٢، رقم: ١٧١٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.
[2] الجرح والتعديل: ٤٣٢/٢، رقم: ١٧١٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.
[3] الجرح والتعديل: ٤٣٢/٢، رقم: ١٧١٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.
[4] ميزان الاعتدال: ٢٩٦/١، رقم: ١١٢١، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٨٢هـ.

اسے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت بطریق موسی بن حجاج سمرقندی

علامہ عارف باللہ ابو القاسم عبد الکریم بن ہوازن قشیری رحمۃ اللہ علیہ "الرسالة القشيرية"[1] میں تخریج کرتے ہیں:

"أخبرنا أبو الحسين علي بن محمد بن عبد الله بن بشران ببغداد، قال: حدثنا أبو عمرو عثمان بن أحمد المعروف بابن السماك، قال: حدثنا محمد بن عبد ربه الحضرمي، قال: حدثنا بشر بن عبد الملك، قال: حدثنا موسى بن الحجاج، قال: قال مالك بن دينار حدثنا الحسن، عن أنس بن مالك، قال: كان رجل على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم يتجر من بلاد الشام إلى المدينة، ومن المدينة إلى بلاد الشام، ولا يصحب القوافل توكلا منه على الله عز وجل، قال: بينا هو جاء من الشام يريد المدينة إذ عرض له لص على فرس، فصاح بالتاجر قف، فوقف له التاجر، وقال له: شأنك بمالي وخل سبيلي، فقال له اللص: المال مالي، وإنما أريد نفسك، فقال له التاجر: ما ترجو بنفسي شأنك والمال وخل سبيلي، قال فرد عليه اللص مثل المقالة الأولى، فقال له التاجر: أنظرني حتى أتوضأ، وأصلي وأدعو ربي عز وجل، قال: افعل ما بدا لك.

قال: فقام التاجر وتوضأ وصلى أربع ركعات، ثم رفع يديه إلى

[1] الرسالة القشيرية:ص:٤٠٦،ت:عبدالحليم محمود ومحمود بن الشريف،المكتبة التوقيفية ـ القاهرة .

السماء، فكان من دعائه أن قال: يا ودود! يا ودود! يا ذا العرش المجيد! يا مبدئ! يا معيد! يا فعال لما يريد! أسألك بنور وجهك الذي ملأ أركان عرشك، وأسألك بقدرتك التي قدرت بها على خلقك، وبرحمتك التي وسعت كل شيء، لا إله إلا أنت يا مغيث! أغثني ثلاث مرات.

فلما فرغ من دعائه، إذا بفارس على فرس أشهب عليه ثياب خضر بيده حربة من نور، فلما نظر اللص إلى الفارس، ترك التاجر، ومر نحو الفارس، فلما دنا منه، شد الفارس على اللص فطعنه طعنة، أذراه عن فرسه، ثم جاء إلى التاجر، فقال له: قم، فاقتله، فقال له التاجر: من أنت؟ فما قتلت أحدا قط، ولا تطيب نفسي لقتله، قال: فرجع الفارس إلى اللص، فقتله، ثم جاء إلى التاجر وقال: اعلم أني ملك من السماء الثالثة، حين دعوت الأولى سمعنا لأبواب السماء قعقعة، فقلنا أمر حدث، ثم دعوت الثانية، ففتحت أبواب السماء، ولها شرر كشرر النار، ثم دعوت الثالثة، فهبط جبريل عليه السلام علينا من قبل السماء وهو ينادي: من لهذا المكروب؟ فدعوت ربي عز وجل أن يوليني قتله.

واعلم يا عبد الله! أنه من دعا بدعائك هذا في كل كربة وكل شدة وكل نازلة، فرج الله تعالى عنه وأعانه، قال: وجاء التاجر سالما غانما حتى دخل المدينة، وجاء إلى النبي صلى الله عليه وسلم، فأخبره بالقصة وأخبره بالدعاء، فقال له النبي صلى الله عليه وسلم:

لقد لقنك الله عز وجل أسماءه الحسنى التي إذا دعي بها أجاب، وإذا سئل بها أعطى".

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک شخص تھا جو شام کے شہر سے مدینہ کی طرف اور مدینہ سے شام کے شہر کی طرف تجارت کیا کرتا تھا، اور اللہ تعالی پر بھروسہ کرتے ہوئے کسی قافلے والوں کے ساتھ نہیں چلا کرتا تھا، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ وہ شام سے مدینہ کی طرف آرہا تھا کہ اچانک ان کو ڈاکو ملا جو گھوڑے پر سوار تھا، اس نے تاجر کو آواز دی کہ رک جاؤ، تاجر ٹھہر گیا اور کہا کہ تمہارا مقصود مال ہے یہ لے لو اور مجھے چھوڑ دو، ڈاکو نے کہا کہ مال تو میرا ہی ہے لیکن میں تمہاری جان لینا چاہتا ہوں، تاجر نے کہا کہ میری جان سے تیری کیا غرض ہے؟ مال لے اور میرا راستہ چھوڑ دے، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ڈاکو نے پھر وہی جواب دیا، تو تاجر نے کہا کہ مجھے اتنی مہلت دو کہ میں وضو کر کے نماز پڑھ لوں اور اپنے رب سے دعا کر لوں، ڈاکو نے کہا کہ جو تمہارا جی چاہے کر لو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تاجر اٹھا اور وضو کر کے چار رکعات نماز پڑھی پھر اپنے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر یوں دعا کی: "يا ودود! يا ودود! يا ذا العرش المجيد! يا مبدئ! يا معيد! يا فعال لما يريد! أسألك بنور وجهك الذي ملأ أركان عرشك، وأسألك بقدرتك التي قدرت بها على خلقك، وبرحمتك التي وسعت كل شيء، لا إله إلا أنت يا مغيث! أغثني". اور یہ دعا تین بار کی۔

جب تاجر دعا سے فارغ ہوا تو اچانک ایک شخص سفید گھوڑے پر سوار سبز رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے اور ہاتھ میں نور کا نیزہ لئے ہوئے ظاہر ہوا، جب ڈاکو نے گھڑ سوار کر دیکھا تو تاجر کو چھوڑ کر گھڑ سوار کی جانب بڑھا، جب اس کے قریب پہنچا تو گھڑ سوار نے ڈاکو پر حملہ کر دیا اور ایسا نیزہ مارا کہ اُسے گھوڑے سے نیچے گرا دیا، پھر وہ گھڑ سوار تاجر کے پاس آیا اور کہا کہ اٹھو اور اس ڈاکو کو قتل کر دو، تو تاجر نے کہا کہ آپ کون ہو؟ میں نے کبھی کسی کو قتل نہیں کیا اور میرا دل نہیں چاہتا کہ میں اسے قتل کروں، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گھڑ سوار ڈاکو کے پاس گیا اور اُسے قتل کر دیا، پھر وہ گھڑ سوار تاجر کی طرف آیا اور کہا کہ جان لو میں تیسرے آسمان کا فرشتہ ہوں، جب آپ نے پہلی بار پکارا تو ہم نے آسمان کے کڑکنے کی آواز سنی تو ہم نے کہا کہ کوئی واقعہ پیش آگیا ہے، پھر آپ نے دوسری بار پکارا تو آسمان کے دروازے کھل گئے اور آسمان آگ کے شعلوں کی طرح بھڑک اٹھا، پھر آپ نے تیسری بار پکارا تو جبرائیل علیہ السلام آسمان سے اتر کر ہمارے پاس آئے اور آواز لگائی کہ کوئی ہے اس مصیبت زدہ کے لئے؟ تو میں نے اپنے رب سے دعا کی کہ اس ڈاکو کے قتل کا اختیار میرے حوالے کر دیں۔

جان لو اے اللہ کے بندے! جو کوئی بھی آپ کی یہ دعا مانگے گا ہر مصیبت اور سختی کے وقت اور ہر تکلیف کے وقت تو اللہ تعالی اس کی مشکل حل کر دیں گے اور اس کی مدد کریں گے، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ تاجر صحیح سلامت لوٹ آیا یہاں تک کہ مدینہ میں داخل ہوا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر سارا قصہ بیان کیا اور دعا کے بارے میں بھی بتایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے آپ

کو اسمائے حسنی تلقین کئے ہیں، ان کے ذریعے سے جب دعا کی جائے تو قبول ہوتی ہے اور اِن کے ذریعے سے جب سوال کیا جائے تو عطا کیا جاتا ہے۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت حافظ ابو طاہر احمد بن محمد سلفی اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المشیخة البغدادية"[1] میں اور علامہ جمال الدین یوسف بن احمد بن حسن المعروف ابن المبرد حنبلی رحمۃ اللہ علیہ نے "صب الخمول"[2] میں تخریج کی ہے، تمام سندیں سند میں موجود راوی بشران بن عبد الملک پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

نوٹ: واضح رہے کہ موسی بن حجاج اور ابو الیسر ابراہیم بن احمد موصلی سے نقل کرنے والا راوی بشران بن عبد الملک ہے، بشر بن عبد الملک تصحیف ہے[3]۔

---

[1] الجزء العشرون من المشيخة البغدادية:ص: ۳۳۰،مخطوط .

[2] صب الخمول:ص: ۱۲۱،ت:نور الدين طالب،دار النوادر ـ لبنان،الطبعة الأولى ۱٤۳۲هـ.

[3] تصحیف کی دلیل ملاحظہ ہو: "ومحمد بن بشران بن عبد الملك القزاز الموصلي، حدث: عن أبيه، وعن بارح بن أحمد الهروي.روى عنه: أبو الفتح محمد بن الحسين الأزدي، وأبو المفضل الشيباني.

خبرني عبيد الله بن عبد العزيز بن جعفر البرذعي، أنا محمد بن عبد الله بن المطلب الشيباني، حدثني محمد بن بشران الموصلي القزاز، نا أبو بشران بن عبد الملك، نا موسى بن الحجاج أبو عمران السمرقندي، ببيسان، نا مالك بن دينار، عن الحسن، عن أنس بن مالك، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من خاف شيئا حذره، ومن رجا شيئا عمل له، ومن أيقن بالخلف جاد بالعطية"(انظر: تلخيص المتشابة في الرسم:۲/٦۹۷،ت:سكينة الشهابي،طلاس للدراسات والترجمة والنشر ـ دمشق،الطبعة الأولى ۱۹۸۵ء).

دوسری دلیل: "المشيخة البغدادية" کا حوالہ متن میں گزر چکا ہے، جس میں ابو الیسر ابراہیم بن احمد، بشران بن عبد الملک سے نقل کر رہا ہے، نہ کہ بشر بن عبد الملک، مزید ملاحظہ ہو: "وأبو اليسر إبراهيم بن أحمد بن محمد بن موسى الأنصاري الموصلي، يعرف بابن الجوزي، قدم بغداد حاجا، وحدث عن بشران بن عبد الملك ومحمد بن حمدان الموصليين، ومحمد بن أحمد بن محمد المقدمي، حدث عنه من البغداديين ابن رزقويه،

سند میں موجود راوی موسی بن حجاج سمر قندی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "تلخیص الموضوعات"[1] میں ایک دوسری حدیث کے تحت لکھتے ہیں: "حديث: بسند مظلم، ثنا محمد بن حجاج، عن مالك بن دينار، عن الحسن، عن أنس، رفعه: خلقت الزنابير من رءوس الخيل، وخلقت النحل من رءوس البقر. محمد هالك". اس روایت کی سند مظلم ہے۔۔۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھڑ گھوڑوں کے سروں سے پیدا کی گئی ہیں، اور شہد کی مکھیاں گائے کے سروں سے پیدا کی گئی ہیں۔ (حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سند میں موجود راوی) محمد "هالك" ہے۔

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی "کتاب الموضوعات" میں مذکورہ ضمنی روایت کی سند میں محمد بن حجاج کے بجائے موسی بن حجاج ہے، جو مالک بن دینار سے اس حدیث کو نقل کر رہا ہے، اور بشران بن عبد الملک اس موسی بن حجاج سے نقل کر رہا ہے، بشران بن عبد الملک کا مروی عنہ اور مالک بن دینار سے نقل کرنے والوں میں موسی بن حجاج کا نام تراجم کی کتب میں ملتا ہے، البتہ حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کی "تلخیص" کی ذکر کردہ یہ عبارت حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی "کتاب الموضوعات" سے ماخوذ ہے، جس میں موسی بن حجاج کی جگہ محمد بن حجاج لکھا ہے، اس لئے درست یہی ہے کہ یہ لفظ موسی بن حجاج ہے نہ کہ محمد بن حجاج، بظاہر یہ محمد بن حجاج

وأبو محمد الحسن بن علي بن أبي اليسر بن أبي صالح الأزرق التنيسي أحد الزهاد"(انظر:الإكمال لابن ماكولا: ٢٧٥/١،الفاروق الحديثية ـ القاهرة).

[1] تلخيص كتاب الموضوعات:ص:٤٦،رقم:٨٧،ت:أبو تميم ياسر بن إبراهيم بن محمد،مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

تصحیف ہے، الحاصل حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ سند مظلم اور سند میں موجود راوی موسی بن حجاج "هالك" ہے۔

ذیل میں ہم بعض دیگر شواہد بھی ذکر کریں گے جس میں موسی بن حجاج کے بارے میں دیگر ائمہ کا تعامل بھی واضح ہو جائے گا۔

❶ حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "كتاب الموضوعات"[1] میں ایک روایت ذکر کی ہے جس کا ذکر پہلے بھی گزر چکا ہے، اس کی سند میں موسی بن حجاج موجود ہے، اس کے بعد فرماتے ہیں: "هذا حديث لا يصح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأكثر رجاله مجهولون". یہ حدیث آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے صحیح نہیں ہے، اور اس کے اکثر راوی مجہول ہیں۔

❷ علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "ذيل اللآلئ" میں موجود ایسی دو من گھڑت روایتوں کو "تنزيه الشريعة" کی فصلِ ثالث میں ذکر کیا ہے جن کی سند میں موسی بن حجاج موجود ہے، اس کے بعد علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ ایک روایت کے بارے میں فرماتے ہیں:

"لم يبين علته، وفيه موسى بن الحجاج السمرقندي، وعنه نصر

---

[1] كتاب الموضوعات: ١٨٨/١، ت:عبد الرحمن محمد عثمان، المكتبة السلفية ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ١٣٨٦هـ.

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی ذکر کردہ روایت ملاحظہ ہو: "أنبأنا ابن خيرون، قال أنبأنا أبو محمد عبد الله بن أحمد السمرقندي، قال حدثنا عبد العزيز بن أحمد الكتاني، قال حدثنا أبو الحسين عبد الوهاب بن جعفر ابن علي الميداني، قال حدثنا محمد بن عبد الله بن أحمد الربعي، قال حدثنا عمر بن عيسى الأصبهاني، قال حدثنا بشران بن عبد الملك الموصلي، قال حدثنا موسى بن الحجاج، قال حدثنا مالك بن دينار، عن الحسن، عن أنس بن مالك، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال: خلقت الزنابير من رؤوس الخيل، وخلقت النحل من رؤوس البقر. هذا حديث لا يصح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأكثر رجاله مجهولون".

بن إسماعيل بن النعمان وعن هذا علي بن عامر النهاوندي، ولم أعرفهم". علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس میں کوئی علت بیان نہیں کی، اور سند میں موسی بن حجاج سمرقندی اور دیگر راوی موجود ہیں، جن کو میں نہیں پہچانتا[1]۔

۳ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ دوسری روایت میں فرماتے ہیں: "بيض السيوطي للحكم عليه ولوائح الوضع عليه ظاهرة، وفيه محمد بن عبد الواحد البيع عن عبد الله بن إبراهيم الفامي، عن عبد الله بن إسماعيل بن حماد، عن بشران بن عبد الملك، عن موسى بن الحجاج، ولم أقف لواحد منهم على ترجمة". اس پر سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے حکم کے مقام پر کچھ نہیں کہا، اور اس میں وضع کی علامت ظاہر ہے، اور سند میں موجود راوی موسی بن حجاج سمرقندی اور دیگر راویوں کے ترجمہ پر میں واقف نہیں ہو سکا ہوں[2]۔

---

[1] تنزيه الشريعة: ٣٢٦/٢،رقم: ٢١،ت:عبد اللطيف عبد الوهاب،دار الكتب العلمية ـبيروت،الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

تنزیہ الشریعہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "حديث: إن لله تعالى بحرا من نور، حوله ملائكة من نور على خيل من نور بأيديهم حراب من نور، يسبحون حول ذلك البحر: سبحان ذي الملك والملكوت، سبحان ذي العزة والجبروت، سبحان الحي الذي لا يموت، سبوح قدوس رب الملائكة والروح، فمن قالها في يوم أو شهر أو سنة أو في عمره غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تأخر، ولو كانت ذنوبه مثل زبد البحر أو مثل رمل عالج أو فر من الزحف (مي) من حديث أنس (قلت) لم يبين علته، وفيه موسى بن الحجاج السمرقندي، وعنه نصر بن إسماعيل بن النعمان وعن هذا علي بن عامر النهاوندي، ولم أعرفهم، والله تعالى أعلم".

[2] تنزيه الشريعة: ٢٤٦/١،رقم:٩،ت:عبد اللطيف عبد الوهاب،دار الكتب العلمية ـبيروت،الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

"تنزیہ الشریعہ" کی عبارت ملاحظہ ہو: "حديث: عبد الله موسى بن عمران ليلة، حتى أصبح لم يقر فيها ولم يسترح، فلما أصبح داخله من ذلك عجب، فأحب الله أن يريه ذلك، فمر موسى على شاطئ البحر فإذا بضفدع يكلمه من البحر يا موسى بن عمران! أعجبتك عبادة ليلة وأنا على شاطئ البحر منذ أربعمائة عام أسبح الله وأقدسه وأمجده لم آمن أن يهب ريح أو يضرب موج فأقع من هذا البرد على منخري في جهنم، فحقر موسى نفسه وعمله، فقال له بالذي أنطقك ما تسبيحك؟ قال: يا موسى! تسبيحي: سبحان

اہم نوٹ: علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الزيادات على الموضوعات" [1] میں ایک سند کے تحت موسی بن حجاج سمرقندی کے بارے میں لکھا ہے: "وكان أتى عليه مائة وثلاثة وثلاثون سنة". اور ان کی عمر ایک سو تینتیس سال کو پہنچ چکی تھی۔

روایت بطریقِ موسی بن حجاج کا حکم

ماقبل میں آپ جان چکے ہیں کہ موسی بن حجاج کو حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "ہالک" کہا ہے، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے دیگر من گھڑت روایات کے تحت موسی بن حجاج کے بارے میں دوسرے راویوں کے ساتھ عدم معرفت اور جہالت کا قول اختیار کیا ہے، الحاصل اس سند سے بھی اس روایت کو آپ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

من يسبح له في لجج البحار، سبحان من يسبح له في الأرض القفار، سبحان من يسبح له فى رؤس الجبال، سبحان من يسبح له بكل شفة ولسان، ثم قال رسول الله: من سبح به في كل يوم مرة أو في كل شهر مرة أو في كل سنة مرة كتب الله له كمن أعتق ألف نسمة من ولد إسماعيل أو حج ألف حجة مبرورة.(مي) من حديث أنس (قلت) بيض السيوطي للحكم عليه ولوائح الوضع عليه ظاهرة، وفيه محمد بن عبد الواحد البيع عن عبد الله بن إبراهيم الفامي، عن عبد الله بن إسماعيل بن حماد، عن بشران بن عبد الملك، عن موسى بن الحجاج، ولم أقف لواحد منهم على ترجمة، والله أعلم".

[1] الزيادات على الموضوعات: ۵۹۱/۲،ت:رامز خالد حاج حسن،مكتبة المعارف ـ الرياض،الطبعة الأولى ۱۴۳۱هـ.

علامہ سیوطیؒ کی ذکر کردہ سند ملاحظہ ہو، جس کا ذکر پہلے بھی گزر چکا ہے: "الديلمي: أخبرنا أبي، أخبرنا أبو الفرج علي بن محمد بن عبد الحميد البجلي، حدثنا ابن لال، حدثنا علي بن عامر النهاوندي، حدثنا نصر بن إسماعيل بن النعمان، حدثنا موسى بن الحجاج السمرقندي وكان أتى عليه مائة وثلاثة وثلاثون سنة، حدثنا مالك بن دينار، عن الحسن، عن أنس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن لله تعالى بحرا من نور، حوله ملائكة من نور على خيل من نور، بأيديهم حراب من نور، يسبحون حول ذلك البحر: سبحان ذي الملك والملكوت، سبحان ذي العزة والجبروت، سبحان الحي الذي لا يموت، سبوح قدوس رب الملائكة والروح، فمن قالها في يوم أو شهر أو سنة أو في عمره غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تأخر ولو كانت ذنوبه مثل زبد البحر، أو مثل رمل عالج أو فر من الزحف".

پوری تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

خلاصہ کلام یہ ہے کہ یہ روایت دونوں سندوں سے شدید ضعیف ہے، اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے حکایت کو عجیب حدیث بھی کہا ہے، چنانچہ اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر⑫

روایت: "إن لله ملكا لو قيل له: التقم السموات والأرضين السبع بلقمة واحدة، لفعل، تسبيحه: سبحانك حيث كنت". بے شک اللہ تعالی کا ایک فرشتہ ہے اگر اس سے کہا جائے: ساتوں آسمان وزمین ایک ہی لقمہ میں نگل لو، تو وہ ایسا کرلے گا، اس کی تسبیح یہ ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔

حکم: حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ "منکر حدیث" ہے، حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "یہ حدیث غریب جداً ہے، اور اس کے مرفوع (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول) ہونے میں نظر ہے، ہو سکتا ہے کہ یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما پر موقوف ہو، اور انہوں نے اسے اسرائیلیات میں سے لیا ہو"، الحاصل اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت کا مصدر

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ "المعجم الأوسط"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"حدثنا محمد بن عبد الله بن عِرْس، ثنا وهب الله بن رِزْق أبو هريرة المصري، ثنا بشر بن بكر، ثنا الأوزاعي، حدثني عطاء، عن عبد الله بن عباس، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إن لله ملكا لو قيل له: التقم السموات والأرضين السبع بلقمة واحدة، لفعل،

---

[1] المعجم الأوسط: ٦/ ٢٩٠، رقم: ٦٤٤٢، ت: طارق بن عوض الله بن محمد، دار الحرمين ـ القاهرة، الطبعة ١٤١٥هـ.

تسبيحه: سبحانك حيث كنت".

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک اللہ تعالی کا ایک فرشتہ ہے اگر اس سے کہا جائے: ساتوں آسمان و زمین ایک ہی لقمہ میں نگل لو، تو وہ ایسا کرلے گا، اس کی تسبیح یہ ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔

یہی روایت امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المعجم الكبير"[1] اور "كتاب الدعاء"[2] میں بھی تخریج کی ہے، اور امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "حلية الأولياء"[3] میں تخریج کی ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ "المعجم الأوسط"[4] میں تخریج روایت کے بعد فرماتے ہیں: "لم يرو هذا الحديث عن الأوزاعي إلا بشر بن بكر، تفرد به وهب الله بن رِزْق". یہ حدیث اوزاعی سے صرف بشر بن بکر نے روایت کی ہے، اس میں وہب اللہ بن رِزْق متفرد ہے۔

---

[1] المعجم الكبير: ١٩٥/١١، رقم: ١١٤٧٦، ت: حمدي عبدالمجيد السلفي، مكتبة ابن تيمية ـ القاهرة.

[2] كتاب الدعاء للطبراني: ص: ٤٩٧، رقم: ١٧٤٨، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٣هـ.

[3] حلية الأولياء: ٣١٨/٣، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٦هـ.

[4] المعجم الأوسط: ٢٩٠/٦، رقم: ٦٤٤٢، ت: طارق بن عوض الله بن محمد، دار الحرمين ـ القاهرة، الطبعة ١٤١٥هـ.

حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ "حلية الأولياء"[1] میں تخریج روایت کے بعد فرماتے ہیں: "هذا حديث غريب من حديث الأوزاعي، عن عطاء، لم نكتبه إلا من حديث بشر بن بكر". یہ حدیث غریب ہے اوزاعی، عن عطاء کی سند سے، اسے ہم نے اسے صرف بشر بن بکر کی حدیث سے لکھا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کو "العلو"[2] میں نقل کر کے فرماتے ہیں: "حديث منكر، أخرجه الطبراني". یہ منکر حدیث ہے، طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تخریج کی ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اپنی "تفسير"[3] میں نقل روایت کے بعد فرماتے ہیں: "وهذا حديث غريب، بل منكر". یہ حدیث غریب، بلکہ منکر ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اپنی "تفسير"[4] ہی میں ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "وهذا حديث غريب جدا، وفي رفعه نظر، وقد يكون موقوفا على ابن عباس، ويكون مما تلقاه من الإسرائيليات، والله

---

[1] حلية الأولياء:۳۱۸/۳،دار الفكر ـ بيروت،الطبعة ١٤١٦هـ.

[2] العلو لعلي الغفار:ص:۱۱۰،رقم:۲۸٦،ت:أبو محمد أشرف بن عبد المقصود،مكتبة أضواء السلف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٦هـ.

[3] تفسير ابن كثير:۱۰٦/۵،ت:محمد حسين شمس الدين،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

[4] تفسير ابن كثير:۳۱۳/۸،ت:محمد حسين شمس الدين،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

أعلم". اور یہ حدیث غریب جداً ہے، اور اس کے مرفوع ہونے میں نظر ہے، اور ہو سکتا ہے کہ یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پر موقوف ہو، اور انہوں نے اسے اسرائیلیات میں سے لیا ہو، واللہ اعلم۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے "البدایة والنهایة"[1] میں بھی روایت پر یہی کلام کیا ہے۔

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ "مجمع الزوائد"[2] میں فرماتے ہیں: "رواه الطبراني في الأوسط والكبير، وقال: تفرد به وهب بن رِزْق، قلت: ولم أر من ذكر له ترجمة". اسے طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اوسط اور کبیر میں تخریج کیا ہے، اور فرمایا: اس میں وہب بن رِزْق متفرد ہے، میں (حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں: اور میں نے نہیں دیکھا کہ کسی نے ان کا ترجمہ قائم کیا ہو۔

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے "فيض القدير"[3] میں حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

اور علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ "التيسير"[4] میں اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "وفيه رجل مجهول". اور اس میں ایک مجہول شخص ہے۔

---

[1] البداية والنهاية: ٩٨/١، ت:عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر للطباعة والنشر، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[2] مجمع الزوائد: ٨٠/١، دار الكتاب العربى ـ بيروت.

[3] فيض القدير: ٤٨١/٢، رقم: ٢٣٦٠، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٣٩١هـ.

[4] التيسير بشرح الجامع الصغير: ٣٢٩/١، مكتبة الإمام الشافعي ـ الرياض.

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "تحفة النبلاء"[1] میں زیر بحث روایت کے بارے میں فرمایا ہے:

"رواه الطبراني عن محمد بن عبد الله بن عبد الحكم [كذا في الأصل، والصحيح: عرس]، عن وهب الله بن رزق أبي هبيرة [كذا في الأصل]، وباقي رواته ثقات". اسے طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن عبد اللہ بن عِرس، عن وہب اللہ بن رزق ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے، اور اس روایت کے باقی راوی ثقہ ہیں۔

اہم نوٹ:

سند میں موجود راوی محمد بن عبد اللہ بن عِرس کا ترجمہ تلاش بسیار کے باوجود نہیں مل سکا[2]، اور وہب اللہ بن رِزق ابو ہریرہ مصری کا ترجمہ حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "تاريخ الإسلام"[3] میں قائم کیا ہے، لیکن کوئی جرح وتعدیل ذکر نہیں کی۔

---

[1] تحفة النبلاء من قصص الأنبياء:ص:٨٤ ،ت:غنيم بن عباس بن غنيم،مكتبة الصحابة ـ جدة،الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

[2] پھر بعد میں ملا کہ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے "نتائج الأفكار" میں ایک حدیث کو "حسن" قرار دیا ہے، اور اس حدیث کی سند میں محمد بن عبد اللہ بن عرس موجود ہے(نتائج الأفكار:٢٢٨/٣،ت:حمدي عبد المجيد السلفي،دارابن كثير۔ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ).

[3] تاريخ الإسلام:١٢٨٠/٥،رقم:٥٨٤،ت:بشار عواد معروف،دارالغرب الإسلامي ـبيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ.
حافظ ذہبیؒ کی عبارت ملاحظہ ہو:"وهب الله بن رِزْق، أبو هريرة المصري: لم يذكره ابن يونس في تاريخه، سمع: بشر بن بكر التنيسي، ويحيى بن بكير، وعبد الله بن يحيى المعافري، وغيرهم، وعنه: أبو بكر بن أبي داود، ومحمد بن عبد الله بن عِرْس شيخ الطبراني".

روایت کا حکم

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ ”منکر حدیث“ ہے، حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”یہ حدیث غریب جداً ہے، اور اس کے مرفوع ہونے میں نظر ہے، ہو سکتا ہے کہ یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پر موقوف ہو، اور انہوں نے اسے اسرائیلیات میں سے لیا ہو“۔

نیز سند میں موجود راوی محمد بن عبد اللہ بن عِرس کا ترجمہ تلاش بسیار کے باوجود نہیں مل سکا، اور وہب اللہ بن رِزق ابو ہریرہ مصری کا ترجمہ حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے قائم کیا ہے، لیکن کوئی جرح یا تعدیل ذکر نہیں کی۔

الحاصل اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

اہم فائدہ:

زیرِ بحث روایت کا حکم گزر چکا ہے، ذیل میں اسی مضمون کی دو احادیث نقل کی جا رہی ہیں، جنہیں بلا تردد بیان کر سکتے ہیں:

① ایک ”صحیح“ روایت ہے، جسے امام ابو داوٗد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ”سنن“[1] میں تخریج کیا ہے، ملاحظہ ہو:

”حدثنا أحمد بن حفص بن عبد الله، حدثني أبي، حدثني إبراهيم بن طَهْمَان، عن موسى بن عقبة، عن محمد بن المنكدر، عن جابر بن

---

[1] سنن أبي داؤد: ۱۰۹/۷، رقم: ٤٧٢٧، ت: شعيب الأرنوؤط، دار الرسالة العالمية ـ دمشق، الطبعة الأولى ١٤٣٠هـ.

عبد الله، عن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: أذن لي أن أحدث عن ملك من ملائكة الله من حملة العرش، إن ما بين شحمة أذنه إلى عاتقه مسيرة سبع مئة عام".

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے اس بات کی اجازت دی گئی ہے کہ میں اللہ تعالی کے عرش کو اٹھانے والے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کی حالت بیان کروں، بے شک اس کے کان کی لَو سے مونڈھے تک کا فاصلہ سات سو سال کی مسافت ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "فتح الباري"[1] **میں مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں:** "أخرجه أبو داود وابن أبي حاتم من رواية إبراهيم بن طهمان، عن محمد بن المنكدر، وإسناده على شرط الصحيح". **اسے ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ اور ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے ابراہیم بن طہمان، عن محمد بن منکدر کی سند سے تخریج کیا ہے، اور اس کی سند صحیح کی شرط پر ہے۔**

② اسی طرح امام ابو یعلی موصلی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "صحیح کے راویوں پر مشتمل" ایک روایت اپنی "مسند"[2] **میں تخریج کی ہے، ملاحظہ ہو:**

"حدثنا عمرو الناقد، حدثنا إسحاق بن منصور، حدثنا إسرائيل، عن معاوية بن إسحاق، عن سعيد المقبري، عن أبي هريرة، قال: قال

---

[1] فتح الباري:٦٦٥/٨،ت:محمد فؤاد عبد الباقي،المكتبة السلفية .

[2] مسند أبي يعلى الموصلي:٤٩٦/١١،رقم:٦٦١٩،ت:حسين سليم أسد،دار المامون للتراث ـ دمشق،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

رسول الله صلى الله عليه وسلم: أذن لي أن أحدث عن ملك قد مرقت رجلاه الأرض السابعة، والعرش على منكبه، وهو يقول: سبحانك أين كنت وأين تكون".

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس بات کی اجازت دی گئی ہے کہ میں ایک ایسے فرشتہ کی حالت بیان کروں کہ اس کے پاؤں ساتویں زمین تک پہنچ رہے ہیں، اور عرش اس کے کندھے پر ہے، اور وہ یہ تسبیح بیان کر رہا ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ "مجمع الزوائد"[1] میں مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: "رواه أبو يعلى، ورجاله رجال الصحيح". اسے ابو یعلی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے، اور اس کے راوی صحیح کے راوی ہیں۔

[1] مجمع الزوائد: ۱۳۵/۸، دار الکتاب العربی ۔ بیروت .

روایت نمبر(۱۳)

روایت: ”إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم“. میں نے مخلوقات کو اس لئے پیدا کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اور میں نے ان کو اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔

حکم: حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: ”میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں“، نیز علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ علامہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ شہرستانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اسرائیلی روایت کے طور پر بیان کیا ہے، اس لئے اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں، البتہ اسرائیلی روایت کہہ کر بیان کر سکتے ہیں۔

روایت کا مصدر

مذکورہ روایت علامہ ابو طالب مکی رحمۃ اللہ علیہ نے ”قوت القلوب“[1] میں ان الفاظ سے ذکر کی ہے:

”وخبر آخر، يقول الله تعالى: إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم“. اور ایک دوسری خبر ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: میں نے مخلوقات کو پیدا ہی اس لئے کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اور میں نے ان کو اس لئے پیدا نہیں کیا تاکہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔

---

[1] قوت القلوب:٦٠٢/٣، ت:محمود إبراهيم محمد رضواني، دار التراث ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

بعض دیگر مصادر

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے مذکورہ روایت کو ”إحياء علوم الدين“[1] میں علامہ ابو طالب مکی رحمۃ اللہ علیہ کے ذکر کردہ الفاظ سے نقل کیا ہے، نیز علامہ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے ”مفاتيح الغيب“[2] میں اسے ان الفاظ سے نقل کیا ہے: ”قال عليه الصلاة والسلام حاكيا عن رب العزة سبحانه: خلقتهم ليربحوا علي، لا لأربح عليهم“. آپ علیہ الصلاۃ والسلام اللہ رب العزت سے حکایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں: میں نے انھیں پیدا ہی اس لئے کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔

روایت پر ائمہ کا کلام

علامہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ ”الرسالة القشيرية“[3] میں فرماتے ہیں: ”وقيل: أوحى الله إلى داود، قل لهم: إني لم أخلقهم لأربح عليهم، وإنما خلقتهم ليربحوا علي“.

اور کہا گیا ہے کہ اللہ تعالی نے داؤد علیہ السلام پر وحی نازل کی کہ آپ ان بندوں سے کہیں کہ بلاشبہ میں نے مخلوقات کو اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں، بلکہ میں نے ان کو پیدا ہی اس لئے کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں۔

---

[1] إحياء علوم الدين: ١٥٠/٤، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤٠٢هـ.

[2] مفاتيح الغيب: ١٨٧/٨، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠١هـ.

[3] الرسالة القشيرية: ٢٥٢، ت: عبد الحليم محمود، المكتبة التوفيقية ـ القاهرة، الطبعة ٢٠٠٧ء.

علامہ محمد بن عبد الکریم شہرستانی رحمۃ اللہ علیہ نے "نہایۃ الإقدام"[۱] میں اسے "ورد في بعض الكتب" (بعض کتب میں آتا ہے) کہہ کر نقل کیا ہے۔

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ "المغني عن حمل الأسفار"[۲] میں فرماتے ہیں: "لم أقف له على أصل". میں اس روایت کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں۔

علامہ محمد بن طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ "تذکرۃ الموضوعات"[۳] میں فرماتے ہیں: "لم يوجد". یہ روایت نہیں ملتی۔

علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ "إتحاف"[۴] میں "رسالہ قشیریہ" سے مذکورہ بالا روایت نقل کرنے کے بعد حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ قشیری رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "فظهر أنه خبر إسرائيلي". اس سے یہ ظاہر ہو گیا کہ یہ اسرائیلی روایت ہے۔

---

[۱] نهاية الإقدام: ٢٢٤/١، أحمد فريد المزيدي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

[۲] المغني عن حمل الأسفار: ١٠٥٦/١، رقم: ٣٨٢٤، ت: أبو محمد أشرف، مكتبة طبرية ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

[۳] تذكرة الموضوعات: ص: ٢٢٨، إحياء التراث العربي ـ بيروت، الطبعة الأولي ١٣٤٣هـ.

"تذکرۃ الموضوعات" کے الفاظ ملاحظہ ہوں: "يأتي كل رجل من أمتي من هذه الأمة بيهودي أو نصراني إلى جهنم، فيقول: هذا فدائي من النار، فيقال للمسلم: إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم".

واضح رہے کہ علامہ پٹنیؒ نے زیر بحث روایت کے ساتھ ابتداء میں جو الفاظ نقل کئے ہیں وہ "مسند احمد" وغیرہ کتب میں موجود ہیں، نیز الفاظ کے کچھ فرق کے ساتھ یہ ابتدائی حصہ "صحیح مسلم" میں بھی موجود ہے، ملاحظہ ہو: "حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، حدثنا أبو أسامة، عن طلحة بن يحيى، عن أبي بردة، عن أبي موسى، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا كان يوم القيامة، دفع الله عز وجل إلى كل مسلم يهوديا، أو نصرانيا، فيقول: هذا فكاكك من النار" (الصحيح لمسلم: ٢١١٩/٤، رقم: ٤٩، دار الكتب العلمية ـ بيروت، محمد فواد عبد الباقي، الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

[۴] إتحاف: ٣٥٣/١١، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الخامسة ١٤٣٣هـ.

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

تفصیل گزر چکی ہے کہ حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: "میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہوسکا ہوں"، علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "یہ اسرائیلی روایت ہے"، علامہ محمد بن طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "یہ روایت نہیں ملتی"، علامہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے اسے داؤد علیہ السلام کی وحی کے طور پر ذکر کیا ہے، نیز علامہ شَہرَستانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "بعض کتب میں آتا ہے" کہہ کر نقل کیا ہے، الحاصل اس روایت کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں، البتہ اسرائیلی روایت کہہ کر بیان کرسکتے ہیں۔

روایت نمبر⑭

روایت: یعفور نامی دراز گوش (گدھے) کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلام ہونا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یعفور کو بطور قاصد صحابہ رضی اللہ عنہم کے گھروں کی طرف بھیجنا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد یعفور کا اپنے آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غم میں کنویں میں گرا کر جان دے دینا۔

حکم: یہ تمام مضامین من گھڑت ہیں، البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یعفور نامی دراز گوش (گدھا) تھا، جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سواری فرماتے تھے۔

زیر بحث روایت دو طریق سے مروی ہے:

① طریق ابو جعفر محمد بن مَزُیَد مولی بنی ہاشم ② طریق عبد اللہ بن اُذَیْنَہ طائی۔

روایت بطریق ابو جعفر محمد بن مَزُیَد بغدادی مولی بنی ہاشم

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ "تاریخ دمشق"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"أخبرنا أبو غالب وأبو عبد الله قالا: أنبأ أبو سعد بن أبي علانة، أنا أبو طاهر المُخَلِّص، وأبو أحمد بن المهتدي، حدثني أبو الحسن الأسدي عمر بن بشر بن موسى، نا أبو حفص عمر بن مَزْيَد، نا عبد الله بن محمد بن عبيد بن أبي الصهباء، نا أبو حذيفة عبد الله بن حبيب

---

[1] تاريخ مدينة دمشق: ٢٣٢/٤، رقم: ١٠٠٨، ت: محب الدين أبي سعيد عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ.

الهُذَلي، عن أبي عبد الله السُلَمِي، عن أبي منظور قال: لما فتح رسول الله صلى الله عليه وسلم ـ يعني خيبر ـ أصاب أربعة أزواج ثقال [كذا في الأصل، ولعله: نعال كما في المجروحين لابن حبان[1]]، أربعة أزواج خفاف، وعشر أواقي ذهب وفضة، وحمار أسود مُكَبَّلا [وفي البداية: ومِكْتَل].

قال: فكلم رسول الله صلى الله عليه وسلم الحمار، فكلمه الحمار، فقال له النبي صلى الله عليه وسلم: ما اسمك؟ قال: يزيد بن شهاب، أخرج الله عزوجل من نسل جدي ستين حمارا كلهم لم يركبهم إلا نبي، قد كنت أتوقعك أن تركبني، لم يبق من نسل جدي غيري، ولا من الأنبياء غيرك، قد كنت قبلك لرجل يهودي، وكنت أتعثر به عمدا، وكان يجيع بطني ويضرب ظهري.

قال: فقال له النبي صلى الله عليه وسلم: فأنت يعفور، يا يعفور! قال: لبيك، قال: أتشتهي الإناث؟ قال: لا.

قال: فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يركبه في حاجته، وإذا نزل عنه بعث به إلى باب الرجل، فيأتي الباب فيقرعه برأسه، فإذا خرج إليه صاحب الدار، أومئ [كذا في الأصل] إليه أن أجب رسول الله صلى الله عليه وسلم، فلما قُبض النبي صلى الله عليه وسلم، جاء إلى بئر كانت لأبي الهيثم بن التَيِّهان، فتردى فيها جزعا على رسول الله

---

[1] المجروحين: ۳۰۸/۲، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ۱۴۱۲ھ.

علیه وسلم، فصارت قبره".

ابو منظور فرماتے ہیں: جب آپ ﷺ نے خیبر کو فتح کیا، تو آپ ﷺ کو چار جوڑے جوتے کے اور چار جوڑے چمڑے کے موزوں کے ملے، اور دس اوقیہ سونا اور چاندی ملا، اور ایک سیاہ بندھا ہوا گدھا ملا۔

روای کہتے ہیں: آپ ﷺ نے گدھے سے کلام کیا، تو گدھے نے بھی آپ ﷺ سے کلام کیا، چنانچہ آپ ﷺ نے گدھے سے کہا: تمہارا نام کیا ہے؟ گدھے نے عرض کیا: یزید بن شہاب، اللہ تعالی نے میری نسل سے ساٹھ گدھوں کو پیدا کیا، ہر گدھے پر نبی ہی نے سواری کی ہے، میں آپ ﷺ سے یہ توقع کرتا تھا کہ آپ مجھ پر سوار ہوں گے، میرے دادا کی نسل میں میرے علاوہ کوئی نہیں بچا، اور انبیاء علیہم السلام میں آپ ﷺ کے علاوہ کوئی باقی نہیں، میں آپ ﷺ سے پہلے ایک یہودی شخص کی ملکیت تھا، اور میں اس کو جان بوجھ کر گراتا تھا، اور وہ میرے پیٹ کو بھوکا رکھتا تھا اور میری کمر کو مارتا تھا۔

راوی کہتے ہیں: آپ ﷺ نے اس سے کہا، تم یعفور ہو، اے یعفور! عرض کیا: میں حاضر ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم گدھیوں کی خواہش رکھتے ہو؟ عرض کیا: نہیں۔

راوی کہتے ہیں: آپ ﷺ اس پر اپنی ضرورت کے لئے سوار ہوتے تھے، اور جب اس سے اتر جاتے، تو اس کو کسی کے دروازے کی طرف بھیجتے، چنانچہ وہ دروازے کے پاس آتا اور اس کو اپنے سر سے مارتا، پھر جب گھر والا باہر نکلتا، تو وہ اسے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کا اشارہ کرتا، جب آپ ﷺ کی

وفات ہوئی، تو اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے غم میں ابو ہیثم بن تیہان رضی اللہ عنہ کے کنویں کے پاس آکر اپنے آپ کو اس میں گرا دیا، لہذا وہی کنواں اس کی قبر بنا۔

اہم فائدہ:

واضح رہے کہ سند میں موجود راوی عمر بن مَزْیَد ہی بظاہر محمد بن مَزْیَد ہے جیساکہ "البدایة والنهایة"[1] اور "المجروحین"[2] کی سند میں ہے۔

پھر بعد میں سند میں موجود حافظ ابو طاہر مُخَلِّص کا طریق ملا، جس میں ابو جعفر محمد بن مَزْیَد لکھا ہے[3]۔

نیز یہ بھی واضح رہے کہ حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "میزان الاعتدال"[4] میں اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "لسان المیزان"[5] میں محمد بن مَزْیَد کو محمد بن یزید کہہ کر بھی ذکر کیا ہے۔

بعض دیگر مصادر

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت "المجروحین"[6] میں اور

---

[1] البداية والنهاية: ٤١/٩،ت:عبد الله بن عبد المحسن التركي،دار هجر ـ مصر،الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[2] المجروحين: ٣٠٨/٢،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ١٤١٢هـ.

[3] چنانچہ علامہ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ "جامع الآثار" میں تحریر فرماتے ہیں: "وهذا الحديث الذي ذكره القاضي عياض مختصرا، رواه أبو طاهر المُخَلِّص فقال: حدثني أبو الحسن الأسدي ابن عم بشر بن موسى، حدثنا أبو جعفر محمد بن مَزْيَد، حدثنا عبد الله بن محمد بن عبيد ابن أبي الصهباء، حدثنا أبو حذيفة موسى بن مسعود، عن عبد الله بن حبيب الهذلي، عن أبي عبد الله السُلَمِي، عن أبي منظور، قال: لما فتح رسول الله صلى الله عليه وسلم خيبر... "(جامع الآثار في السير ومولد المختار: ٧١/٨،ت:أبو يعقوب نشأت كمال،وزارة الأوقاف ـ قطر،الطبعة الأولى ١٤٣١هـ).

[4] ميزان الاعتدال: ٦٧/٤،رقم: ٨٣٢٣،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[5] لسان الميزان: ٥٩١/٧،رقم: ٧٣٩٧،ت:عبد الفتاح أبو غدة،دار البشائر ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[6] المجروحين: ٣٠٨/٢،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ١٤١٢هـ.

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے "البداية والنهاية"[۱] میں تعلیقاً نقل کی ہے، تمام سندیں سند میں موجود راوی محمد بن مَزْیَد پر مشترک ہو جاتی ہیں۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ "تاريخ دمشق"[۲] کی سند میں محمد بن مَزْیَد کے شیخ عبد اللہ بن محمد بن عبید بن ابو الصہباء ہیں، جبکہ "البداية والنهاية"[۳] میں محمد بن مَزْیَد کے شیخ ابو عبد اللہ محمد بن عقبہ بن ابو الصہباء مذکور ہے، اور "المجروحين"[۴] کی سند میں محمد بن مَزْیَد کے شیخ ابو حذیفہ موسی بن مسعود ہیں۔

اسی طرح "تاريخ دمشق"[۵] میں محمد بن مَزْیَد کے شیخ الشیخ، ابو حذیفہ عبد اللہ بن حبیب ہذلی لکھا ہے، جبکہ "البداية والنهاية"[۶] میں ابو حذیفہ عن عبد اللہ بن حبیب ہُذلی لکھا ہے، واللہ اعلم۔

---

[۱] البداية والنهاية: ٤١/٩، ت:عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[۲] تاريخ مدينة دمشق: ٢٣٢/٤، ت:محب الدين أبي سعيد عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ.

[۳] البداية والنهاية: ٤١/٩، ت:عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[۴] المجروحين: ٣٠٨/٢، ت:محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ

"المجروحین" کی سند ملاحظہ ہو: "محمد بن مَزْيَد أبو جعفر مولى بني هاشم من أهل بغداد، يروي عن أبي حذيفة موسى بن مسعود، عن عبد الله بن حبيب الهُذَلي، عن أبي عبد الرحمن السُلَمِي، عن أبي منظور وكانت له صحبة، قال: لما فتح... ".

[۵] تاريخ مدينة دمشق: ٢٣٢/٤، ت:محب الدين أبي سعيد عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ

[۶] البداية والنهاية: ٤١/٩، ت:عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ

"البدایہ والنہایہ" کی سند ملاحظہ ہو: "فقال أبو محمد عبد الله بن حامد: أخبرنا أبو الحسين أحمد بن حمدان السِجْزِي، حدثنا عمر بن محمد بن بُجَيْر، حدثنا أبو جعفر محمد بن مَزْيَد إملاء، أنا أبو عبد الله محمد بن عقبة بن أبي الصهباء، حدثنا أبو حذيفة، عن عبد الله بن حبيب الهُذَلي، عن أبي عبد الرحمن السُلَمي، عن أبي منظور، قال: لما فتح الله... ".

اسی طرح "تاریخ دمشق"[1] میں **محمد بن مَزْیُد** سے روایت کرنے والا راوی عمر بن بشر بن موسیٰ ہے، جبکہ "البداية والنهاية"[2] میں **محمد بن مَزْیُد** سے روایت کرنے والا عمر بن محمد بن بجیر ہے۔

روایت بطریق ابو جعفر محمد بن مَزْیُد پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "ميزان الاعتدال"[3] میں **محمد بن مَزْیُد** کے ترجمہ کے تحت فرماتے ہیں:

"ذكر ابن أبي حاتم أنه روى عن أبي حذيفة هذا الخبر الباطل".
ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے کہ اس **محمد بن مَزْیُد** نے ابو حذیفہ سے اس باطل خبر کو نقل کیا ہے۔

اس کے بعد حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث حدیث یعفور کو ذکر کیا، پھر حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا قول لائے ہیں، جو عنقریب آئے گا۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[4] میں زیر بحث روایت **محمد بن مَزْیُد** کے طریق سے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "هذا حديث لا أصل

---

[1] تاريخ مدينة دمشق: ٢٣٢/٤، ت: محب الدين أبي سعيد عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر - بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ.
حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "میزان الاعتدال"[1] میں عمارہ بن عمار کے ترجمہ میں عمارہ اور زفر بن واصل دونوں کو "لا یعرفان" کہا ہے۔

طریقِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بسندِ زفر بن واصل کا حکم

حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ نے طریقِ ابوہریرہ بسند زفر بن واصل کو منکر قرار دیا ہے، اور سند میں موجود راوی زفر بن واصل کو مجہول کہا ہے، حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے، اس لئے اس روایت کو اس سند سے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

طریقِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بسندِ عاصم بن سلیمان عبدی کوزی

حافظ ابن عدی "الکامل"[2] میں عاصم بن سلیمان کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ حدیث گھڑتا تھا، اس کے بعد لکھتے ہیں:

"قال عمرو بن علي: وعاصم بن سليمان الكُوْزِي كان يضع الحديث، ما رأيت مثله قط يحدث بأحاديث ليس لها أصول، سمعته: يحدث عن هشام بن حسان، عن محمد، عن أبي هريرة.

قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: شرب الماء على الريق يعقد الشحم".

---

[1] ميزان الاعتدال:۱۷۷/۳،رقم:٦٠٣٤،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت.

[2] الكامل في ضعفاء الرجال:٤١٢/٦،رقم:١٣٨٦،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

عمرو بن علی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ عاصم بن سلیمان کوزی حدیث گھڑتا تھا، میں نے اس جیسا شخص نہیں دیکھا جو ایسی احادیث بیان کرے جن احادیث کے اصول ہی نہ ہوں، میں نے اس سے عن ہشام بن حسان، عن محمد، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کے طریق سے حدیث بیان کرتے ہوئے سنا:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: نہار منہ پانی پینا چربی کو ختم کرتا ہے۔

یہی روایت حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "کتاب الموضوعات"[1] میں حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے تخریج کی ہے، اور حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللآلئ المصنوعة"[2] میں حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے اسے ذکر کیا ہے، نیز حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "المتفق والمفترق"[3] میں اس کی تخریج کی ہے۔

اہم نوٹ:

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کرنے ولا راوی ابوسلمہ رحمۃ اللہ علیہ ہے، اور حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق میں ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ ہے۔

---

[1] كتاب الموضوعات:٤٠/٣،ت:عبد الرحمن محمد عثمان،المكتبة السلفية۔المدينة المنورة،الطبعة الأولى ١٣٨٨هـ.

[2] اللآلئ المصنوعة:٢١٩/٢،ت:أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة،دار الكتب العلمية۔بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[3] المتفق والمفترق:ص:١٧٢٤،رقم:١٢٥٦،ت:محمد صادق آيدن الحامدي،دار القاري ۔ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

روایت پر ائمہ کا کلام

امام ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۲۷۶ھ) کا قول

امام ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری رحمۃ اللہ علیہ "تأويل مختلف الحديث"[۱] میں زیر بحث روایت کے بارے میں فرماتے ہیں:

"هو موضوع، وضعه عاصم الكوزي". یہ من گھڑت ہے، اسے عاصم کوزی نے گھڑا ہے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام گزر چکا ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن حبان "المجروحين"[۲] میں عاصم بن سلیمان کُوزِی کے ترجمہ میں لکھتے ہیں:

"وهو صاحب حديث شرب الماء على الريق يعقد الشحم، يرويه عن هشام بن حسان، عن ابن سيرين، عن أبي هريرة، عن النبي عليه الصلاة والسلام، ومن روى مثل هذا كان ممن يروي الموضوعات عن الأثبات، لا يحل كتابة حديثه إلا على جهة التعجب".

---

[۱] تأويل مختلف الحديث:ص:۱۲۸،ت:محمد محيي الدين الأصفر،المكتب الإسلامي ـ بيروت،الطبعة الثانية ۱٤۱۹هـ.

[۲] المجروحين:۱۲٦/۲،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ۱٤۱۲هـ.

یہ عاصم حدیث "شرب الماء علي الريق يعقد الشحم" (نہار منہ پانی پینا چربی کو ختم کرتا ہے) والا ہے، اسے یہ ہشام بن حسان عن ابن سیرین عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ عن النبی علیہ الصلاۃ والسلام کی سند سے روایت کرتا ہے، جو شخص ایسی حدیث نقل کرے تو وہ ثبت لوگوں کے انتساب سے من گھڑت احادیث نقل کرتا ہے، اس کی احادیث کو صرف تعجب کے طور پر لکھنا حلال ہے۔

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ "كتاب الموضوعات"[1] میں روایت کو تخریج کرکے فرماتے ہیں:

"ما أخوفني أن يكون هذا الواضع قصد شين الشريعة، وإلا فأي شيء في الماء حتى يعقد الشحم". مجھے بہت زیادہ اندیشہ ہے کہ اس کے گھڑنے والے نے شریعت کو عیب دار کرنے کا ارادہ کیا ہے، ورنہ پانی میں کیا چیز ہے جو چربی کو پگھلا دے؟۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "المغني في الضعفاء"[2] میں لکھتے ہیں: "روى بسند الصحيحين: الشرب على الريق يعقد الشحم، كذبه غير واحد". عاصم بن سلیمان صحیحین کی سند سے یہ روایت نقل کرتا ہے: نہار منہ پانی پینا چربی کو ختم کرتا ہے، اس کو متعدد علماء نے جھوٹا کہا ہے۔

---

[1] كتاب الموضوعات: ۴۰/۳، ت: عبد الرحمن محمد عثمان، المكتبة السلفية۔المدينة المنورة، الطبعة الأولى ۱۳۸۸ھ۔

[2] المغني في الضعفاء: ۴۵۶/۱، رقم: ۲۹۸۲، ت: نور الدين عتر، ادارة إحياء التراث الإسلامي ۔قطر .

نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "تلخیص الموضوعات"[1] میں زیر بحث روایت لا کر فرماتے ہیں: "فيه: عاصم بن سليمان العبدي كذاب، عن هشام، عن ابن سيرين، عن أبي هريرة". اس میں عاصم بن سلیمان عبدی کذاب ہے، ہشام عن ابن سیرین عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کے طریق سے روایت کی ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ "تنزيه الشريعة"[2] میں زیر بحث حدیث ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"من حديث أبي هريرة، من طريق عاصم بن سليمان الكوزي، وهو المتهم به". حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ عاصم بن سلیمان کوزی کے طریق سے ہے، اور اس میں یہی عاصم متہم ہے۔

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ "الفوائد المجموعة"[3] زیر بحث روایت ذکر کر کے فرماتے ہیں:

"في إسناده عاصم بن سليمان وضاع". اس کی سند میں عاصم بن سلیمان حدیث گھڑنے والا ہے۔

---

[1] تلخيص كتاب الموضوعات:ص:٢٦١،رقم:٦٩١،ت:أبو تميم ياسر بن إبراهيم بن محمد،مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

[2] تنزيه الشريعة:٢٤١/٢،رقم:٣٠،ت:عبد الوهاب وعبد الله الغماري،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة ١٤٠١هـ.

[3] الفوائدالجموعة:ص:١٨٦،رقم:٧٣،ت:عبدالرحمن بن يحيي المعلي،دارالكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة١٤١٦هـ.

سند میں موجود راوی ابو شعیب ابو عمر ابو محمد عاصم بن سلیمان عبدی کُوزِی تمیمی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ عمرو بن علی فلّاس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "أن عاصما الكوزي كان كذابا، يحدث باحاديث ليس لها أصول كذب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم وأصحابه"[1]. عاصم کوزی جھوٹا ہے، یہ ایسی احادیث بیان کرتا ہے جن کے اصول نہیں ہوتے، یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے انتساب سے جھوٹ کہتا تھا۔

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے عاصم بن سلیمان کو "ضعيف الحديث، متروك الحديث"[2] کہا ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[3] میں زیرِ بحث حدیث نقل کر کے لکھتے ہیں: "ومن روى مثل هذا كان ممن يروي الموضوعات عن الأثبات، لا يحل كتابة حديثه إلا على جهة التعجب". جو شخص ایسی حدیث نقل کرے تو وہ ثبت لوگوں کے انتساب سے من گھڑت احادیث نقل کرتا ہے، اس کی احادیث کو صرف تعجب کے طور پر لکھنا حلال ہے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الكامل"[4] میں لکھتے ہیں: "يعد فيمن يضع

---

[1] الجرح التعديل:٣٤٤/٦،رقم:١٩٠١،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[2] الجرح التعديل:٣٤٤/٦،رقم:١٩٠١،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[3] المجروحين:١٢٦/٢،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ١٤١٢هـ.

[4] الكامل في ضعفاء الرجال:٤١٢/٦،رقم:١٣٨٦،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

الحدیث“. یہ حدیث گھڑنے والوں میں شمار ہوتا ہے۔

اس کے بعد حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ عمرو بن علی فلاس رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے اس حدیث کی تخریج کی ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے عاصم بن سلیمان کو ”متروك الحديث“[1] کہا ہے۔

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے عاصم بن سلیمان کو ”كذاب“[2] کہا ہے۔

حافظ ابو داؤد طیالسی رحمۃ اللہ علیہ نے عاصم بن سلیمان کو ”كذاب“[3] کہا ہے۔

حافظ ساجی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”متروك، يضع الحديث“[4]. متروک ہے، حدیث گھڑتا ہے۔

حافظ ازدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”منكر الحديث، لا يحتج بحديثه“[5]. منکر الحدیث ہے، اس کی حدیث سے احتجاج نہ کیا جائے۔

حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ ”الضعفاء الكبير“[6] میں لکھتے ہیں: ”غلب على حديثه الوهم“. اس کی حدیثوں میں وہم کا غلبہ تھا۔

---

[1] الكامل في ضعفاء الرجال:٤١٣/٦،رقم:١٣٨٦،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[2] لسان الميزان:٣٦٩/٤،رقم:٤٠٣١،ت:عبد الفتاح أبو غده،دار البشائر الإسلامية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٢٣هـ.

[3] لسان الميزان:٣٧٠/٤،رقم:٤٠٣١،ت:عبد الفتاح أبو غده،دار البشائر الإسلامية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٢٣هـ.

[4] لسان الميزان:٣٧٠/٤،رقم:٤٠٣١،ت:عبد الفتاح أبو غده،دار البشائر الإسلامية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٢٣هـ.

[5] الضعفاء والمتروكين لابن الجوزي:٦٩/٢،رقم:١٧٥٢،ت:أبو الفداء عبد الله القاضي،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى١٤٠٦هـ.

[6] الضعفاء الكبير:٣٣٧/٣،رقم:١٣٦٢،ت:عبد المعطي أمين قلعجي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

حافظ ابو عبد اللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ "المدخل"[1] میں لکھتے ہیں: "روى عن داود بن أبي هند، وعاصم الأحول، وهشام بن حسان أحاديث موضوعة". یہ داؤد بن ابی ہند، عاصم احول اور ہشام بن حسان کے انتساب سے من گھڑت احادیث روایت کرتا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[2] میں لکھتے ہیں: "روى بسند الصحيحين الشرب على الريق يعقد الشحم، كذبه غير واحد". عاصم بن سلیمان صحیحین کی سند سے یہ روایت نقل کرتا ہے: نہار منہ پانی پینا چربی کو ختم کرتا ہے، اس کو متعدد علماء نے جھوٹا کہا ہے۔

نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "ديوان الضعفاء"[3] میں فرماتے ہیں: "كذبوه". محدثین نے اسے جھوٹا کہا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "أحد المتروكين"[4].

طریقِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بسندِ عاصم بن سلیمان عبدی کُوزِی کا حکم

امام ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کو من گھڑت کہہ کر فرماتے ہیں کہ اسے عاصم بن سلیمان نے گھڑا ہے، حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے سند میں موجود راوی عاصم بن

---

[1] المدخل إلى الصحيح:ص:۱۷۰،رقم:۱۲۸،ت:ربيع بن هادي عمير المدخلي،موسسة الرسالة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[2] المغني في الضعفاء:٤٥٦/١،رقم:۲۹۸۲،ت:نور الدين عتر،دار إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[3] ديوان الضعفاء:ص:۲۰۲،رقم:۲۰۲۹،ت:حماد بن محمد الأنصاري،مطبعة النهضة الحديثية ـ مكة المكرمة.

[4] تبصير المنتبه بتحرير المشتبه:ص:۱۲۲۲،ت:محمد علي النجار،المؤسسة المصرية العامة.

سلیمان کو حدیث گھڑنے والا قرار دے کر بطور مثال اس حدیث کو پیش کیا ہے، نیز علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث ذکر کرنے کے بعد عاصم کو متہم قرار دیا ہے، اور علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ یہی حدیث لا کر لکھتے ہیں کہ اس کی سند میں عاصم بن سلیمان حدیث گھڑنے والا ہے، اس لئے یہ روایت اس سند سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کر کے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

آپ ما قبل تفصیل میں دیکھ چکے ہیں کہ یہ روایت تینوں سندوں سے منکر، شدید ضعیف ہے، یہاں تک کہ بعض محدثین نے اسے من گھڑت تک کہا ہے، اس لئے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر⑯

روایت: ”من صبر على سوء خلق امرأته، أعطاه الله من الأجر مثل ما أعطى أيوب على بلائه ومن صبرت على سوء خلق زوجها أعطاها الله مثل ثواب آسية امرأة فرعون“.

جو شخص اپنی عورت کی بد اخلاقی پر صبر کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ اجر دیں گے جو حضرت ایوب علیہ السلام کو ان کی بیماری پر صبر کرنے پر دیا گیا تھا، اور جو عورت اپنے شوہر کی بد اخلاقی پر صبر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو فرعون کی بیوی آسیہ علیہا السلام کے ثواب کے مثل عطاء کریں گے۔

حکم: حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ”میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں“، حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول پر علامہ ابن رسلان رحمۃ اللہ علیہ، علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے، نیز علامہ سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو ان احادیث کی فہرست میں شامل کیا ہے جن کی سند انھیں نہیں مل سکی ہے، اس لئے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت کا مصدر

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ ”إحياء علوم الدين“[1] میں لکھتے ہیں:

”وقال عليه السلام: من صبر على سوء خلق امرأته،أعطاه الله من الأجر مثل ما أعطى أيوب على بلائه، ومن صبرت على

---

[1] إحياء علوم الدين:٤٢/٢،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ١٤٠٢هـ۔

سوء خلق زوجها أعطاها الله مثل ثواب آسية امرأة فرعون".

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص اپنی عورت کی بداخلاقی پر صبر کرے گا تو اللہ تعالی اس کو وہ اجر دیں گے جو حضرت ایوب علیہ السلام کو ان کی بیماری پر صبر کرنے پر دیا گیا تھا، اور جو عورت اپنے شوہر کی بداخلاقی پر صبر کرے تو اللہ تعالی اس کو فرعون کی بیوی آسیہ علیہا السلام کے ثواب کے مثل عطاء کریں گے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[1] میں فرماتے ہیں: "لم أقف لـه علـى أصل". میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں۔

علامہ شہاب الدین احمد بن حسین المعروف ابن رسلان رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۴۴ھ) نے "شرح سنن أبي داود"[2] میں، علامہ محمد بن طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے "تذكرة الموضوعات"[3] میں، علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الفوائد المجموعة"[4] میں اور علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ نے "إتحاف"[5] میں حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے۔

---

[1] المغني عن حمل الأسفار: ۳۹۰/۱، رقم:۱٤٦٩،دار الطبرية ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

[2] شرح سنن أبي داود:۱۰۳/۲،ت:ياسر كمال وأحمد سليمان،دار الفلاح ـ الفيوم،الطبعة الأولى ١٤٣٧هـ.

[3] تذكرة الموضوعات:ص:١٢٨،دار إحياء التراث العربي ـ بيروت،الطبعة الأولي ١٣٤٣هـ.

[4] الفوائدالجموعة:ص:١٣٥،رقم:٥١،ت:عبدالرحمن بن يحيي المعلي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٣٠هـ.

[5] إتحاف: ١٣٨/٦،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الخامسة ١٤٣٣هـ.

علامہ سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ "طبقات الشافعية الكبرى"[1] میں اس روایت کو اُن احادیث کی فہرست میں شامل کیا ہے جن کی سند انھیں نہیں مل سکی ہے۔

روایت کا حکم

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں"، حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول پر علامہ ابن رسلان رحمۃ اللہ علیہ، علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے، نیز علامہ سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو ان احادیث کی فہرست میں شامل کیا ہے جن کی سند انھیں نہیں مل سکی ہے، اس لئے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

[1] طبقات الشافعية الكبرى: ٣١٠/٦، ت: محمود محمد الطناحي وعبد الفتاح محمد الحلو، هجر للطباعة والنشر، الطبعة الثانية ١٤١٣هـ.

روایت نمبر⑰

روایت: جس شخص نے بھی کسی اجنبی عورت کی طرف شہوت کی نگاہ سے دیکھا، تو قیامت کے دن اس کی آنکھوں میں سیسہ ڈالا جائے گا۔

حکم: حافظ جمال الدین زیلعی رحمۃ اللہ علیہ علامہ ابن ابی العز رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کا حاصل یہی ہے کہ یہ روایت ان الفاظ سے سنداً نہیں ملتی، بلکہ حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے صاف کہا ہے کہ "یہ صحیح نہیں ہے"، اس لئے یہ روایت ان الفاظ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

نیز یہ تمام ائمہ ساتھ ساتھ اس کی صراحت بھی فرماتے رہے ہیں کہ اس کے مقابلہ میں "صحیح بخاری" میں موجود یہ الفاظ معروف ہیں: "جس نے لوگوں کی باتوں پر کان لگایا، جبکہ وہ اسے ناپسند سمجھتے ہوں، تو روز قیامت اس کے کان میں سیسہ ڈالا جائے گا"۔

روایت کا مصدر

امام شمس الائمہ سرخسی رحمۃ اللہ علیہ "المبسوط"[1] میں لکھتے ہیں: "لقوله صلى الله عليه وسلم: من نظر إلى محاسن أجنبية عن شهوة، صب في عينيه الآنك يوم القيامة".

کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: جس شخص نے بھی کسی اجنبی عورت کی طرف شہوت کی نگاہ سے دیکھا تو قیامت کے دن اس کی آنکھوں میں سیسہ ڈالا جائے گا۔

---

[1] كتاب المبسوط للسرخسي: ۱۵۳/۱۰،دار المعرفة ـ بيروت.

بعض دیگر مصادر

یہی روایت امام برہان الدین مَرغِینَانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الهداية"[1] میں، امام فخر الدین زیلعی رحمۃ اللہ علیہ نے "تبيين الحقائق"[2] میں، امام ابو بکر بن علی الحداد رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۰۰ھ) نے "الجوهرة النَيِّرَة"[3] میں، حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۵۵ھ) نے "منحة السلوك"[4] میں، علامہ ملا خسرو رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۸۵ھ) نے "درر الحكام"[5] میں، علامہ عبد الرحمن بن محمد بن سلمان المعروف شیخی زادہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۷۸ھ) نے "مجمع الأنهر"[6] میں اور علامہ محمد بن حسین بن علی طوری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۱۳۸ھ) نے "تكملة بحر الرائق"[7] میں بلاسند نقل کی ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ جمال الدین زیلعی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ جمال الدین زیلعی رحمۃ اللہ علیہ "نصب الراية"[8] میں روایت نقل کرنے

---

[1] الهداية: ۱۸۸/۷، ت: نعيم أشرف نور أحمد، إدارة القرآن والعلوم الإسلامية ـ كراتشي ـ باكستان، الطبعة الأولى ۱٤۱۷هـ.

[2] تبيين الحقائق: ۱۷/٦، المطبعة الكبرى الأميرية ـ مصر، الطبعة الأولى ۱۳۱۵هـ.

[3] الجوهرة النيرة: ٦۱۹/۲، ت: إلياس قبلان، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۲۷هـ.

[4] منحة السلوك في شرح تحفة الملوك: ص: ٤۰۹، ت: أحمد عبد الرزاق الكبيسي، إدارة الشؤون الإسلامية ـ قطر، الطبعة الأولى ۱٤۲۸هـ.

[5] درر الحكام: ۳۱٤/۱، مير محمد كتب خانة ـ كراتشي ـ باكستان.

[6] مجمع الأنهر: ۲۰۲/٤، ت: خليل عمران المنصور، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱۹هـ.

[7] تكملة البحر الرائق: ۳۵۲/۸، ت: زكريا عميرات، مكتبة رشيدية ـ كوئته ـ باكستان.

[8] نصب الراية: ۲٤۰/٤، رقم: ۱٤، ت: محمد عوامة، مؤسسة الريان ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱۸هـ.

کے بعد فرماتے ہیں:

"قلت: غريب، والمعروف: من استمع إلى حديث قوم، وهم له كارهون، صب في أذنه الآنك يوم القيامة. أخرجه البخاري في صحيحه في كتاب التعبير. عن أيوب السختياني، عن عكرمة، عن ابن عباس مرفوعا: من تحلم بحلم ....".

"میں کہتا ہوں کہ یہ غریب ہے، اور معروف یہ ہے: جس نے لوگوں کی باتوں پر کان لگایا، جبکہ وہ اسے ناپسند سمجھتے ہوں، تو روز قیامت اس کے کان میں سیسہ ڈالا جائے گا، اسے بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی" صحیح "میں کتاب التعبیر میں تخریج کیا ہے۔۔۔"۔

علامہ صدر الدین بن ابی العز رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ صدر الدین ابن ابی العز رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۹۲ھ) "التنبيه"[1] میں روایت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"ولم أر هذا في شيء من كتب الحديث، والمعروف: من استمع إلى حديث قوم وهم له كارهون، صب في أذنه الآنك يوم القيامة. وهو في الصحيح". میں نے یہ روایت حدیث کی کسی بھی کتاب میں نہیں دیکھی، اور معروف روایت یہ ہے: جو شخص کسی جماعت کی باتوں پر کان لگائے، جبکہ وہ اسے ناپسند سمجھتے ہوں، تو روز قیامت اس کے کان میں سیسہ ڈالا جائے گا، یہ روایت صحیح ہے۔

---

[1] التنبيه على مشكلات الهداية: ۷۸۳/۵، ت: أنور صالح أبو زيد، مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ.

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "الدراية"[1] میں فرماتے ہیں:

"لم أجده، وهذا الوعيد ورد فيمن استمع إلى حديث قوم وهم له كارهون، صب في أذنيه إلى آخره، أخرجه البخاري من حديث ابن عباس". مجھے یہ حدیث نہیں مل سکی ہے، اور یہ وعید اس شخص کے بارے میں وارد ہوئی ہے جو کسی جماعت کی باتوں پر کان لگائے، جبکہ ان کو یہ ناپسند ہو، تو اس کے کان میں سیسہ ڈالا جائے گا الی آخرہ، اسے بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ سے تخریج کیا ہے۔

حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۵۵ھ) "البناية"[2] میں زیر بحث روایت کے متعلق فرماتے ہیں:

"ش: هذا الحديث أخرجه شمس الأئمة الحلواني في شرح "الكافي" [كذا في الأصل]، ولكنه غير صحيح، والمعروف: من استمع إلى حديث قوم له كارهون، صب في أذنيه الأنك يوم القيامة. أخرجه البخاري في صحيحه في كتاب التعبير ...".

"یہ حدیث شمس الائمہ حلوانی رحمۃ اللہ علیہ نے "شرح کافی" میں تخریج کی ہے "[اصل میں اسی طرح ہے، محمد طارق]، لیکن یہ صحیح نہیں ہے، اور معروف الفاظ یہ

[1] الدراية في تخريج أحاديث الهداية: ۲/۲۲۵، رقم: ۹۴۹، ت: عبد الله هاشم اليماني، دار المعرفة ـ بيروت.

[2] البناية شرح الهداية: ۱۲/۱۳۱، ت: أيمن صالح شعبان، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱۴۲۰هـ.

ہیں: جس نے لوگوں کی باتوں پر کان لگایا، جبکہ وہ اسے ناپسند سمجھتے ہوں، تو روز قیامت اس کے کان میں سیسہ ڈالا جائے گا، اسے بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح '' میں کتاب التعبیر میں تخریج کیا ہے۔۔۔''۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ ''فتح باب العناية''[1] میں صاحب ہدایہ کے حوالہ سے روایت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''فالمعروف من هذا الحديث: من استمع إلى حديث قوم وهم كارهون، صب في أذنيه الآنك يوم القيامة. وهو حديث صحيح رواه البخاري''. اس حدیث کے معروف الفاظ یہ ہیں: جس نے کسی جماعت کی باتوں کی طرف کان لگایا، جبکہ وہ جماعت اسے ناپسند کرتی ہو، تو روز قیامت اس کے کان میں سیسہ ڈالا جائے گا، یہ صحیح حدیث ہے جسے بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تخریج کیا ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

سابقہ ذکر کردہ ائمہ کے اقوال اجمالاً ملاحظہ ہوں:

''غریب ہے'' (حافظ جمال الدین زیلعی رحمۃ اللہ علیہ)۔

''میں نے یہ روایت حدیث کی کسی بھی کتاب میں نہیں دیکھی'' (علامہ صدر الدین ابن ابی العز رحمۃ اللہ علیہ)۔

---

[1] فتح باب العناية:۵۱/۳،ت:محمد نزار تميم و هيثم نزار تميم،شركة دار الأرقم ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۱۸هـ.

''مجھے یہ حدیث نہیں مل سکی ہے'' (حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ)۔

''یہ صحیح نہیں ہے'' (حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ)۔

حافظ جمال الدین زیلعی رحمۃ اللہ علیہ علامہ صدر الدین بن ابی العز رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کا حاصل یہی ہے کہ یہ روایت ان الفاظ سے سنداً نہیں ملتی، بلکہ حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے صاف کہا ہے کہ ''یہ صحیح نہیں ہے''، اس لئے یہ روایت ان الفاظ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

نیز یہ تمام ائمہ ساتھ ساتھ اس کی صراحت بھی فرماتے رہے ہیں کہ اس کے مقابلہ میں ''صحیح بخاری'' میں موجود یہ الفاظ معروف ہیں: ''جس نے لوگوں کی باتوں پر کان لگایا، جبکہ وہ اسے ناپسند سمجھتے ہوں، تو روز قیامت اس کے کان میں سیسہ ڈالا جائے گا''[1]۔

[1] الصحيح للبخاري: ٤٢/٩، ت: محمد زهير بن ناصر الناصر، دار طوق النجاة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.
''صحیح بخاری'' کی مکمل عبارت ملاحظہ ہو: ''حدثنا علي بن عبد الله، حدثنا سفيان، عن أيوب، عن عكرمة، عن ابن عباس، عن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: من تحلم بحلم لم يره كلف أن يعقد بين شعيرتين، ولن يفعل، ومن استمع إلى حديث قوم، وهم له كارهون، أو يفرون منه، صب في أذنه الآنك يوم القيامة، ومن صور صورة عذب، وكلف أن ينفخ فيها، وليس بنافخ، قال سفيان: وصله لنا أيوب''.

روایت نمبر ⑱

روایت: موت کے وقت نماز کا اہتمام کرنے والے سے فرشتہ کا قریب ہونا، شیطان کا دور ہونا اور اسے ملک الموت کا کلمہ کی تلقین کرنا۔

حکم: شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے۔

روایت کا مصدر

حافظ ابن ابی عاصم رحمۃ اللہ علیہ "الآحاد والمثاني"[1] میں ابو الحارث خزرج کے ترجمہ میں فرماتے ہیں:

"حدثنا أبو يعقوب إسحاق بن إبراهيم القلوسي، نا إسماعيل بن أبان الأزدي، حدثني عمرو بن أبي عمرو، عن جعفر بن محمد، عن أبيه، قال: سمعت الحارث بن الخزرج الأنصاري، يقول: حدثني أبي: أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يطلب إلى ملك الموت عليه السلام عند رأس رجل من الأنصار، فقال: يا ملك الموت! ارفق بصاحبي، فإنه مؤمن، قال ملك الموت عليه السلام: يا محمد! طب نفسا وقر عينا، فإني بكل مؤمن رفيق، واعلم يا محمد! أني لأقبض روح ابن آدم، فإذا صرخ صارخ من أهله قمت في جانب الدار، ومعي روحه، فقلت: ما هذا الصياح؟ فوالله! ما ظلمناه، ولا سبقنا أجله ولا استعجلنا قدره، وما لنا في قبضه من ذنب، فإن ترضوا بما يصنع الله عز وجل

---

[1] الآحاد والمثاني: ٢٥١/٤، رقم: ٢٢٥٤، ت: باسم فيصل أحمد الجوابرة، دار الراية ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١١هـ.

وتصبروا، تؤجرو، وإن أنتم تجزعون وتسخطون تأثمون وتؤزرون، وما لكم عندنا من عُتْبَى، وإن لنا عندكم لبغيةً عودة بعد عودة، فالحذر الحذر، والنجاة النجاة.

وما من أهل بيت شعر، ولا مدر، ولا سهل، ولا جبل، ولا بحر إلا وأنا أتصفحهم في كل يوم وليلة خمس مرات، حتى إني لأعرف بصغيرهم وكبيرهم منهم بأنفسهم، والله! لو أردت أن أقبض روح بعوضة ما قدرت حتى يكون الله عز وجل هو الآمر بقبضها.

قال جعفر بن محمد: بلغني أنه يتصفحهم عند مواقيت الصلوات، فإذا حضر عبدا الموت فمن كان يحافظ على الصلاة دنا منه الملك، وتباعد الشيطان، ولقنه ملك الموت عليه السلام لا إله إلا الله في ذلك الحال".

حارث بن خزرج انصاری فرماتے ہیں کہ مجھ سے میرے والد نے بیان کیا کہ انہوں نے آپ ﷺ کو ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ کے سرہانے کھڑے ہو کر ملک الموت سے یہ بات طلب کرتے ہوئے سنا کہ میرے صحابی رضی اللہ عنہ کے ساتھ نرمی کا معاملہ کرو کیوں کہ وہ ایمان والا ہے، ملک الموت نے کہا اے محمد! آپ خوش اور راضی ہو جائیں میں ہر مومن کے ساتھ نرمی کرتا ہوں، اور جان لیجیے اے محمد ﷺ! میں ابن آدم کی روح قبض کرتا ہوں، تو جب کوئی اس کے گھر والوں میں سے چیخنے والا چیختا ہے، تو میں گھر کے کونے میں کھڑا ہو جاتا ہوں اور اس کی روح میرے پاس ہوتی ہے اور میں کہتا ہوں یہ کیسی چیخ ہے، خدا کی قسم! نہ ہم نے

اس پر ظلم کیا ہے اور نہ ہم وقت سے پہلے آئے اور نہ ہم نے اس کی تقدیر کے ساتھ کوئی جلد بازی کی، اور نہ اس کی روح قبض کر کے کوئی گناہ کیا، اگر تم اللہ کے کئے پر راضی رہو اور صبر کرو تو تم کو اجر دیا جائے گا اور اگر تم بے صبری کرو گے اور ناراض ہوگے، تو گناہ گار ہوگے اور تمہیں ہم سے کوئی خفگی نہیں ہونی چاہیے، اور ہم تمہارے پاس بار بار لوٹنے کی چاہت رکھتے ہیں، اس لئے ڈرتے رہو اور نجات طلب کرتے رہو۔

خیمے والے ہوں یا کچے مکانوں والے، ہموار زمینوں والے ہوں یا پہاڑی علاقوں والے، میں ہر دن ورات میں پانچ مرتبہ ان کے چہروں کو غور سے دیکھتا ہوں، یہاں تک کہ اب میں ان کے چھوٹوں اور بڑوں کو ان سے زیادہ پہچانتا ہوں، اللہ کی قسم! اگر میں ایک مچھر کی روح قبض کرنا چاہوں، تو نہیں کر سکتا جب تک کہ اللہ تعالی قبض کرنے کا امر نہ کریں۔

جعفر بن محمد کہتے ہیں کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ ملک الموت نماز کے اوقات میں لوگوں کے چہروں کو بغور دیکھتے ہیں، لہذا جب کسی بندہ کو موت آتی ہے، تو جو شخص نماز کے اوقات کا پابند ہوتا ہے، تو فرشتہ اس کے قریب ہوجاتا ہے اور شیطان دور ہو جاتا ہے، اور ملک الموت علیہ السلام اس حال میں اس کو لا الہ الا اللہ کی تلقین کرتا ہے۔

اسی طرح امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المعجم الکبیر"[1] میں، حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ

---

[1] المعجم الكبير: ٢٢٠/٤، رقم: ٤١٨٨، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، مكتبة ابن تيمية ـ القاهرة.

نے ”معرفة الصحابة“[1] میں اور حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کی تخریج کی ہے[2]، تمام سندیں سند میں موجود راوی عمرو بن ابی عمرو یعنی عمرو بن شمر جعفی پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ ہم نے یہ مصادر صرف روایت کے آخری حصہ (یعنی نماز کا اہتمام کرنے والے سے فرشتہ کا قریب ہونا، شیطان کا دور ہونا اور اسے ملک الموت کا کلمہ کی تلقین کرنا) جعفر بن محمد صادق کی بلاغات کے مطابق ذکر کئے ہیں، یہی اس وقت تحقیق کا موضوع ہے، روایت کا ابتدائی مفصل حصہ دیگر کتب میں دیگر سندوں سے بھی ہے، یہ پہلا حصہ فی الحال دراسہ کا موضوع نہیں ہے اور ہمارے ذکر کردہ حکم کا تعلق بھی فقط دوسرے حصہ سے ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن مندہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن مندہ رحمۃ اللہ علیہ ”معرفة الصحابة“[3] میں فرماتے ہیں: ”الخزرج أبو الحارث مجهول، وفي إسناد حديثه نظر“. (سند کا ایک راوی) خزرج ابو حارث مجہول ہے، اور اس کی حدیث کی سند میں نظر ہے۔

اس کے بعد حافظ ابن مندہ رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت تخریج کی ہے۔

---

[1] معرفة الصحابة: ۱۰۰۲/۲، رقم: ۲۵٦۱، ت: عادل بن يوسف العزازي، دار الوطن ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۱۹هـ.

[2] انظر البداية والنهاية: ۱۰۷/۱، ت: عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ۱٤۱۷هـ.

[3] معرفة الصحابة: ۵۳٦/۱، ت: عامر حسن صبري، مطبوعات جامعة الإمارات العربية المتحدة، الطبعة الأولى ۱٤۲٦هـ.

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ "البداية والنهاية"[1] میں مذکورہ روایت کو ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "هذا حديث مرسل، وفيه نظر". یہ مرسل روایت ہے، اور اس میں نظر ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "نتائج الأفكار"[2] میں مذکورہ روایت نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: "ومثل هذا لا يقال بالرأي، فله حكم المرفوع، وعمرو بن شمر متروك". اور اس طرح کی بات بطور رائے کے نہیں کہی جاسکتی، لہذا یہ حکماً مرفوع ہوگی اور (سند میں موجود راوی) عمرو بن شمر متروک ہے۔

علامہ زبیدی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ "إتحاف السادة"[3] میں مذکورہ روایت کو بحوالہ "معجم کبیر" اور حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ و حافظ ابن مندہ رحمۃ اللہ علیہ کی "معرفۃ الصحابہ" سے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "والحارث مجهول، وكذا أبوه الخزرج لا يعرف، والحديث غريب، وقد رواه ابن أبي حاتم من وجه آخر: عن جعفر بن محمد، عن أبيه معضلا، وفيه عمرو بن شمر،

---

[1] البداية والنهاية: ١٠٧/١، ت: عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.
[2] نتائج الأفكار: ٢٩٦/٤، ت: حمدي عبد المجيد االسلفي، دار ابن كثير ـ دمشق، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.
[3] إتحاف السادة: ١٢١/١٤، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الخامسة ١٤٣٣هـ.

وھو کذاب". (سند کا راوی) حارث مجہول ہے، اور اسی طرح اس کا والد خزرج غیر معروف ہے، اور حدیث غریب ہے، اور ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو ایک دوسرے طریق عن جعفر بن محمد، عن ابیہ سے معضلًا روایت کیا ہے اور اس میں عمرو بن شمر ہے اور وہ کذاب ہے۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ علامہ زبیدی رحمۃ اللہ علیہ کی "وجہ آخر" سے مراد یہ ہے کہ مذکورہ روایت حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن مندہ رحمۃ اللہ علیہ کی "معرفۃ الصحابہ" اور "معجم کبیر" میں عمرو بن شمر، عن جعفر بن محمد، عن ابیہ، عن الحارث بن الخزرج، عن ابیہ کے طریق سے ہے، جبکہ حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ کے طریق میں بھی یہ "عمرو بن شمر، عن جعفر بن محمد، عن ابیہ" کے طریق سے ہی ہے۔

ابو عبد اللہ عمرو بن شمر جعفی کوفی یعنی عمرو بن ابی عمرو (المتوفی ۱۵۷ھ) کے بارے میں ائمہ کا کلام

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "التاریخ الکبیر"[1] میں عمرو بن شمر کو "منکر الحدیث" کہا ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے "الضعفاء والمتروکون"[2] میں عمرو بن شمر کو "متروك الحديث" کہا ہے۔

---

[1] التاريخ الكبير:١٥٨/٦،رقم:٨٦٥٤ ،ت:مصطفى عبد القادر أحمد عطا،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[2] الضعفاء والمتروكون:ص:١٧٦،رقم:٤٥١،ت:عبد العزيز عز الدين السيروان،دار القلم ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

حافظ عمرو بن علی فلاس رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ”عمرو بن شمر منكر الحديث، حدث بأحاديث منكرة“. عمرو بن شمر منکر الحدیث ہے، اس نے منکر روایتیں نقل کی ہیں[1]۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے عمرو بن شمر کو ”ليس بثقة“ کہا ہے[2]۔

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”منكر الحديث جدا، ضعيف الحديث، لا يشتغل به، تركوه“. یہ بہت زیادہ منکر الحدیث ہے، ضعیف الحدیث ہے، ان کی روایات سے اشتغال نہیں کیا جائے گا، محدثین نے ان کو ترک کر دیا ہے[3]۔

حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے عمرو بن شمر کو ”ضعيف الحديث“ کہا ہے[4]۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ نے ”أحوال الرجال“[5] میں عمرو بن شمر کو ”كذاب زائغ“ فرمایا ہے۔

حافظ ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ ”الطبقات الكبرى“[6] میں لکھتے ہیں: ”عمرو بن شمر الجعفي، وكان إمام مسجد جعفي ستين سنة، وكان قاصا،

---

[1] الجرح والتعديل:٢٣٩/٦،رقم:١٣٢٤،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[2] الجرح والتعديل:٢٣٩/٦،رقم:١٣٢٤،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[3] الجرح والتعديل:٢٣٩/٦،رقم:١٣٢٤،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[4] الجرح والتعديل:٢٣٩/٦،رقم:١٣٢٤،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[5] أحوال الرجال:ص٧٣،رقم:٤٦،ت:عبد العليم عبد العظيم البستوي،دار الطحاوي ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤١١هـ.

[6] الطبقات الكبرى:٣٥٦/٦،رقم:٢٦٦١،ت:محمد عبد القادر عطا،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤١٨هـ.

وكانت عنده أحاديث، وكان ضعيفا جدا، متروك الحديث". عمرو بن شمر جعفی، جعفی مسجد کے ساٹھ سال تک امام رہے، اور قصہ گو تھے، ان کے پاس احادیث تھیں، اور یہ ضعیف جداً، متروک الحدیث تھا۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحین"[1] میں فرماتے ہیں: "كان رافضيا، يشتم أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، وكان ممن يروي الموضوعات عن الثقات في فضائل أهل البيت وغيرها، لا يحل كتابة حديثه إلا على جهة التعجب". عمرو بن شمر رافضی تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو برا بھلا کہتا تھا، اور ان لوگوں میں سے تھا جو ثقہ راویوں کے انتساب سے اہل بیت وغیرہ کے من گھڑت فضائل نقل کرتے تھے، اس کی حدیث کو لکھنا حلال نہیں ہے سوائے تعجب کے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الکامل"[2] میں عمرو بن شمر کی روایات نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "ولعمرو بن شمر غير ما ذكرت، وعامة ما يرويه غير محفوظ". عمرو بن شمر کی میری ذکر کردہ احادیث کے علاوہ بھی روایات ہیں اور عموماً اس کی مرویات محفوظ نہیں ہیں۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ "المدخل"[3] میں فرماتے ہیں: "عمرو بن شمر الجعفي كثير الموضوعات عن جابر الجعفي

---

[1] كتاب المجروحين: ٧٥/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة۔ بيروت.

[2] الكامل في ضعفاء الرجال: ٢٣٠/٦، رقم: ١٢٩٢، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ۔ بيروت.

[3] المدخل إلى الصحيح: ص ١٥٧، رقم: ١٠٢، ت: ربيع بن هادي عمير المدخلي، مؤسسة الرسالة ۔ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

وغيره، وإن كان جابرا الجعفي عند القوم مجروحا، وليس راوي تلك الموضوعات الفاحشات عنه غير عمرو بن شمر الجعفي، فوجب أن يكون الحمل فيها عليه".

عمرو بن شمر جعفی، جابر جعفی اور اس کے علاوہ سے بہت زیادہ من گھڑت روایات نقل کرتا ہے، اگرچہ جابر جعفی محدثین کے نزدیک مجروح ہے اور جابر جعفی سے ان فاحش موضوعات کو نقل کرنے والا عمرو بن شمر کے علاوہ کوئی دوسرا نہیں، لہٰذا ثابت ہوا کہ ان من گھڑت روایات کی ذمہ داری عمرو بن شمر پر ہے۔

حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء"[1] میں فرماتے ہیں: "عمرو بن شمر الجعفي يروي عن جابر الجعفي بالموضوعات المناكير". عمرو بن شمر جعفی، جابر جعفی سے من گھڑت اور منکر روایتیں نقل کرتا ہے۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے عمرو بن شمر کو "متروك" کہا ہے[2]۔

حافظ ابو الفضل احمد بن علی سلیمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان عمرو يضع على الروافض"[3]. عمرو روافض پر احادیث گھڑتا تھا۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "ديوان الضعفاء"[4] میں عمرو بن شمر کو "رافضي، متروك" کہا ہے۔

---

[1] كتاب الضعفاء: ص ١١٨، رقم: ١٦٥، ت: فاروق حمادة، مطبعة النجاح الجديدة.

[2] سؤالات البرقاني للدارقطني: ص: ٥٣، رقم: ٣٧١، ت: عبد الرحيم محمد أحمد القشقري، كتب خانه جميلي ـ لاهور ـ باكستان، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[3] انظر ميزان الاعتدال: ٢٦٩/٣، رقم: ٦٣٨٤، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[4] ديوان الضعفاء: ٣٠٣/١، رقم: ٣١٨٣، ت: حماد بن محمد الأنصاري، مكتبة النهضة الحديثة ـ مكة المكرمة.

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "نتائج الأفكار"[1] میں عمرو بن شمر کو "متروك" کہا ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل روایت کے بعد سند کے راوی عمرو بن شمر کو "متروک" کہہ کر اس کے ضعف شدید کی طرف اشارہ کیا ہے۔

نیز سند میں موجود راوی عمرو بن شمر کے بارے میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ، حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ، امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو الفضل سلیمانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے جرح کے شدید الفاظ استعمال کئے ہیں (جیسے: منکر الحدیث، لیس بثقہ، متروک الحدیث، محدثین نے ان کو ترک کر دیا ہے، کذاب زائغ، عمرو بن شمر رافضی تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو برا بھلا کہتا تھا، اور ان لوگوں میں سے تھا جو ثقہ راویوں کے انتساب سے اہل بیت وغیرہ کے من گھڑت فضائل نقل کرتے تھے، ضعیف جداً، متروک الحدیث، جابر جعفی اور ان کے علاوہ سے بہت زیادہ من گھڑت روایات نقل کرتا ہے، عمرو روافض پر احادیث گھڑتا تھا، متہم بالوضع ہے)، اور خاص اس تناظر میں کہ عمرو بن شمر اس روایت کے نقل میں متفرد بھی ہے کسی بھی طرح یہ روایت ضعف شدید سے خالی نہیں ہو سکتی، اس لئے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

---

[1] نتائج الأفكار: ٢٩٦/٤، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، دار ابن كثير ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

رہی بات روایت کے ابتدائی مفصل حصہ کی، تو اس کے بارے میں ہم شروع میں بتا چکے ہیں کہ روایت کا ابتدائی مفصل حصہ دیگر کتب میں دیگر سندوں سے بھی ہے، یہ پہلا حصہ فی الحال دراسہ کا موضوع نہیں، اس میں ذکر کردہ حکم کا تعلق فقط آخری حصہ (نماز کا اہتمام کرنے والے سے فرشتہ کا قریب ہونا، شیطان کا دور ہونا اور اسے ملک الموت کا کلمہ کی تلقین کرنا) سے ہے۔

روایت نمبر ⑲

روایت: ستر ہزار فرشتوں کی طاقت رکھنے والا فرشتہ اپنی انتہائی پرواز کے بعد بھی باری تعالیٰ کے عرش تک نہیں پہنچ سکا۔

حکم: شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کرسکتے۔

روایت کا مصدر

یہ روایت حافظ ابو الشیخ اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "كتاب العظمة"[1] میں تخریج کی ہے:

"حدثنا الوليد بن أبان، حدثنا أبو سعيد الحسن بن مرثد، حدثنا أحمد بن أبي حمدان الهيتي، حدثنا عمرو بن جرير، عن إسماعيل بن أبي خالد، عن الشعبي رحمه الله، قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: العرش من ياقوتة حمراء، وإن ملكا من الملائكة نظر إليه وإلى عظمه، فأوحى الله عز وجل إليه: إني قد جعلت فيك قوة سبعين ألف ملك، لكل ملك سبعون ألف جناح، فطر فطار الملك بما فيه من القوة والأجنحة ما شاء الله أن يطير، فوقف فنظر فكأنه لم يسر".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ عرش سرخ یاقوت سے بنا ہوا ہے، اور بے شک فرشتوں میں سے ایک فرشتہ نے اس عرش کی طرف اور اس کی عظمت کی طرف دیکھا تو اللہ عزوجل نے اس فرشتہ کی طرف یہ حکم بھیجا کہ میں نے تجھ

---

[1] العظمة لأبي الشيخ: ٦٣١/٢، رقم: ٢٤٧، ت: رضاء الله بن محمد إدريس المباركفوري، دار العاصمة - الرياض.

میں ستر ہزار فرشتوں کی طاقت رکھی ہے، ہر فرشتہ کے ستر ہزار پَر ہیں، پس تو اُڑ، تو وہ اُڑا اپنی تمام تر قوت اور پَروں کے ساتھ، جتنا اللہ عزوجل نے اس کے اُڑنے کو چاہا، پھر وہ ٹھہرا، پھر اس نے دیکھا تو گویا کہ وہ کچھ چلا ہی نہیں۔

سند میں موجود راوی ابو سعید عمرو بن جریر کوفی بجلی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ "الجرح والتعديل"[1] میں لکھتے ہیں: "كان يكذب". یہ جھوٹ بولتا تھا۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "المغني في الضعفاء"[2] میں حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الكامل"[3] میں فرماتے ہیں: "ولعمرو بن جرير غير ما ذكرت من الحديث، مناكير الإسناد والمتن". عمرو بن جریر کی میری ذکر کردہ روایات کے علاوہ بھی احادیث ہیں، جن کی سند و متن (دونوں) منکر ہیں۔

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے عمرو بن جریر کو "متروك الحديث"[4] کہا ہے۔

حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء الكبير"[5] میں لکھتے ہیں: "عن إسماعيل

---

[1] الجرح والتعديل:٢٢٤/٦،رقم:١٢٤٢،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[2] المغني في الضعفاء:٦٣/٢،رقم:٤٦٣٨،ت:نورالدين عتر،دار إحياء التراث العربي ـ قطر .

[3] الكامل في ضعفاء الرجال:٢٥٦/٦،رقم:١٣١٣،ت:عادل أحمد وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[4] ميزان الاعتدال:٢٥٠/٣،رقم:٦٣٤٣،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[5] الضعفاء الكبير:٢٦٤/٣،رقم:١٢٧١،ت:عبدالمعطي أمين قلعجي،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة ١٤٠٤هـ.

بن أبي خالد، عنده مناكير". یہ اسماعیل بن ابی خالد سے روایت کرتا ہے، اس کی مناکیر ہیں۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "ديوان الضعفاء"[1] میں فرماتے ہیں: "متهم، واه".

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ روایت کا پہلا ٹکڑا "العرش من ياقوتة حمراء" (عرش سرخ یاقوت سے بنا ہوا ہے) کو اسماعیل بن ابی خالد تابعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۴۶ھ) نے "اخبرت" (مجھے خبر دی گئی) کہہ کر نقل کیا ہے، جیسا کہ امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ "العرش"[2] میں تحریر فرماتے ہیں: "حدثنا أبي وعمي أبو بكر، قالا: حدثنا أبو أسامة، عن إسماعيل بن أبي خالد، قال: أخبرت: أن العرش ياقوتة حمراء". اسماعیل بن ابی خالد فرماتے ہیں کہ مجھے خبر دی گئی کہ عرش سرخ یاقوت سے بنا ہوا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کو "العلو للعلي الغفار"[3] میں نقل کر کے فرماتے ہیں: "هذا ثابت عن هذا التابعي الإمام". یہ روایت اس تابعی امام اسماعیل بن ابی خالد کے انتساب سے ثابت ہے۔

---

[1] ديوان الضعفاء: ص: ۳۰۲، رقم: ۳۱٦٥، ت: حماد بن محمد الأنصاري، مكتبة النهضة الحديثية ـ مكة المكرمة، الطبعة ۱۳۸۷ھـ.

[2] العرش: ص: ٤١٣، رقم: ٤٧، ت: محمد بن خليفة التميمي، مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٨ھـ.

[3] العلو للعلي الغفار: ص: ۷۱، رقم: ١٤٨، ت: أبو محمد أشرف بن عبد المقصود، مكتبة أضواء السلف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٦ھـ.

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے سند میں موجود راوی عمرو بن جریر بجلی کے بارے میں جرح کے شدید الفاظ استعمال کئے ہیں (جیسے: یہ جھوٹ بولتا ہے، متروک الحدیث، متہم، واہ، مناکیر الاسناد والمتن)، اور اس خاص تناظر میں کہ یہ عمرو بن جریر اس روایت کو نقل کرنے میں متفرد بھی ہے، لہذا یہ روایت کسی بھی طرح ضعف شدید سے خالی نہیں ہو سکتی، اس لئے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر⑳

روایت: "الكريم إذا قدر عفا".
کریم جب قابو پالیتا ہے تو معاف کر دیتا ہے۔

حکم: امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے من گھڑت روایت کے مشابہہ قرار دیا ہے، اور محدثین کی ایک جماعت نے ان کے قول پر اعتماد کیا ہے، لہذا اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

یہ روایت دو طرق سے منقول ہیں: ① روایت بطریق حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ② روایت بطریق حسن مرسلاً

روایت بطریق حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "شعب الإیمان"[1] میں سب سے پہلے اپنی متصل سندوں سے ابو سیف زاہد رحمۃ اللہ علیہ اور سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کے یہ اقوال تخریج کئے ہیں:

"عن أبي السيف الزاهد يقول: ما أحب أن يلي حسابنا غير الله عز وجل لأن الكريم يجاوز". **ابو سیف زاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے یہ بات پسند نہیں کہ اللہ کے علاوہ کوئی میرا حساب لے، کیونکہ کریم درگزر کر دیتا ہے۔**

"عن سفيان الثوري: ما أحب أن حسابي جعل إلى والدي ربي خير لي من والدي". **سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ میں یہ پسند نہیں کرتا کہ میرا حساب میرے والد کو دے دیا جائے، میرا رب میرے والد**

---

[1] شعب الإيمان: ۱/۴۲۰، رقم: ۲۵۷، ت: عبد العلي عبد الحميد حامد، مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱۴۲۳هـ.

کے مقابلہ میں میرے حق میں زیادہ بہتر ہے۔

اس کے بعد امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وقد روي في معناه حديث مسند لكنه يشبه أن يكون موضوعا، فلم أجسر على نقله، ثم إني نقلته لشهرته بين المذكرين، وأنا أبرأ من عهده"

اسی مضمون پر مشتمل ایک مسند حدیث بھی منقول ہے، لیکن یہ حدیث من گھڑت حدیث کے مشابہ ہے، چنانچہ میں اسے نقل کرنے کی جسارت نہیں کرتا، پھر اس کے بعد میں نے تذکیر کرنے والوں کے مابین شہرت کی وجہ سے اسے یہاں نقل کر دیا، تاہم میں اس کی ذمہ داری سے بری ہوں۔

اس کے بعد امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی متصل سند سے زیر بحث روایت ان الفاظ سے تخریج کی:

"أخبرنا أبو عبد الله الحافظ في التاريخ، حدثنا أبو محمد الحسن بن محمد بن إسحاق الأزهري، حدثنا محمد بن زكريا الغَلاَبي، حدثنا عبيد الله بن محمد التيمي، حدثنا أبي، عن عمه، عن ربيعة بن أبي عبد الرحمن، عن سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة قال: قال أعرابي: يا رسول الله! من يحاسب الخلق يوم القيامة؟ قال: الله، قال: الله؟ قال: اللهِ، قال: نجونا ورب الكعبة، قال: وكيف يا أعرابي! قال: لأن الكريم إذا قدر عفا .

أخبرنا أبو الحسن بن علي بن محمد المقرئ الإسفراييني بها، حدثنا الحسن بن محمد بن إسحاق، فذكره بإسناده نحوه، تفرد به

محمد بن زكريا الغَلاَبي، عن عبيد الله بن محمد ابن عائشة، والغَلاَبي متروك".

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ایک بدّو نے کہا، یارسول اللہ! روزِ قیامت مخلوق کا حساب کون لے گا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ، اس نے پوچھا کہ اللہ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ، بدّو نے کہا کہ رب کعبہ کی قسم! ہمیں چھٹکارا مل گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بدّو! وہ کیسے؟ اس نے کہا: کیونکہ کریم جب قابو پالیتا ہے تو معاف کر دیتا ہے۔

حافظ عبد الملک بن محمد بن عبد اللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۳۰ھ) نے "الأمالي"[1] میں یہ روایت تخریج کی ہے، دونوں سندیں سند میں موجود راوی محمد بن زکریا غَلابی پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

روایت پر ائمہ کا کلام

پہلے گزر چکا ہے کہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے من گھڑت حدیث کے مشابہ قرار دیا ہے۔

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے "المقاصد الحسنة"[2] میں، ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے "الأسرار المرفوعة"[3] میں، علامہ ابن دبیع نے "تمييز الطيب"[4] میں،

---

[1] الأمالي: ص:۲۷، رقم:۷، ت: أبو عبدالرحمن عادل بن يوسف العزازي، دار الوطن ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۱۸هـ.

[2] المقاصد الحسنة: ۵۰۵، رقم: ۷۹۹، ت: محمدعثمان الخشت، دار الكتاب العربي ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۰۵هـ.

[3] الأسرار المرفوعة: ۲٦۵، رقم: ۳۳۸، ت: محمد الصباغ، دار الأمانة ـ بيروت، الطبعة ۱۳۹۱هـ.

[4] تمييز الطيب من الخبيث: ۱۳٦، رقم: ۹۹۱، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ۱٤۰۸هـ.

علامہ محمد بن محمد درویش الحوت نے "أسنى المطالب"[1] میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

علامہ نجم الدین غزّی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ نجم الدین غزّی رحمۃ اللہ علیہ نے "إتقان ما يحسن"[2] میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو نقل کرنے کے بعد لکھا ہے: "قلت: نيا في حسن الظن عن الحسن مرسلا قال: أتى أعرابي النبي ﷺ فقال: يا رسول الله! من يحاسب الخلق يوم القيامة؟ قال: الله، قال: أفلحت ورب الكعبة، إذا لا يأخذ حقه".

ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ نے "حسن ظن" میں حسن رحمۃ اللہ علیہ سے مرسلاً تخریج کیا ہے کہ ایک بدّو نبی ﷺ کے پاس آکر کہنے لگا: یارسول اللہ !روزِ قیامت سب سے پہلے میرا حساب کون لے گا، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ، وہ بدّو کہنے لگا، ربِ کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا، کیونکہ وہ اپنے حق پر گرفت نہیں کرتا۔

علامہ عجلونی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "کشف الخفاء"[3] میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو نقل کرنے کے بعد علامہ نجم الدین غزّی کے قول کو نقل کیا ہے۔

حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کے اس طریق کا ذکر آگے آئے گا۔

روایت بطریق ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند میں موجود راوی محمد بن زکریا غَلابی کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال

ان کے بارے میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام گزر چکا ہے، دیگر ائمہ کے اقوال ملاحظہ فرمائیں۔

---

[1] أسنى المطالب: ٢٢٤، رقم: ١١٢٥، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[2] إتقان مايحسن: ٣٢٣، رقم: ١٣٠١، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

[3] كشف الخفاء: ٢/ ١١٠، رقم: ١٩٢٥، مكتبة القدسي ـ القاهرة، الطبعة ١٣٥١هـ.

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن زکریا غلابی کو "ثقات"[1] میں ان الفاظ سے ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: "كان صاحب حكايات وأخبار، يعتبر حديثه إذا روى عن الثقات، لأنه في روايته عن المجاهيل بعض المناكير".

یہ حکایات اور خبریں بیان کرتا تھا، اور اس کی حدیث کا اعتبار اس وقت کیا جائے گا جب یہ ثقہ سے روایت کرے، کیونکہ اس کی روایت میں مجاہیل سے بعض مناکیر منقول ہیں۔

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكون"[2] میں فرماتے ہیں: "يضع الحديث". یہ حدیث گھڑتا تھا۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "المغني"[3] اور "ديوان الضعفاء"[4] میں، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "ذیل"[5] میں، اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[6] میں امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "التلخيص الحبير"[7] میں محمد بن زکریا غَلابی کو "ضعیف جداً" کہا ہے۔

---

[1] الثقات: ١٥٤/٩، دائرة المعارف العثمانية ـ حيدر آباد الدكن، الطبعة الأولى ١٣٩٣هـ.

[2] الضعفاء والمتروكون: ص: ٣٥٠، رقم: ٤٨٣، ت: موفق بن عبد الله، مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[3] المغني: ١٩٦/٢، رقم: ٥٥١٢، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[4] ديوان الضعفاء: ص: ٣٥١، رقم: ٣٧١٢، ت: حماد بن محمد الانصاري، مكتبة النهضة الحديثية ـ مكة المكرمة، الطبعة ١٣٨٧هـ.

[5] ذيل اللآلئ: ص: ١٩٣، رقم: ٣١٤، ت: زياد النقشبندي الأثري، الطبعة الأولى ١٤٣٢هـ.

[6] تنزيه الشريعة: ١٠٥/١، رقم: ١١٨، ت: عبد الله الغماري، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٩٩هـ.

[7] تلخيص الحبير: ٨٤/٤، ت: عادل أحمد وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

روایت بطریق حسن رحمۃ اللہ علیہ مرسلاً

اسے حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ نے "حسن الظن باللہ"[1] میں ان الفاظ سے تخریج کیا ہے:

"حدثنا أبو الحسن البصري أحمد بن عبد الله، حدثنا سليمان بن نوح، عن يونس، عن الحسن، قال: أتى أعرابي النبي صلى الله عليه وسلم فقال: يا رسول الله! من يحاسب الخلق يوم القيامة؟ قال: الله عز وجل، قال: أفلحت ورب الكعبة! إذا يترك حقه، وربما قال: إذا لا يأخذ حقه".

ایک بدّو نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا: یا رسول اللہ !روزِ قیامت مخلوق کا سب سے پہلے حساب کون لے گا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل، بدّو کہنے لگا، ربِ کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا، کیونکہ وہ (اللہ) اپنا حق چھوڑ دیتا ہے۔ بعض مقامات پر یہ الفاظ ہیں: پھر تو وہ (اللہ) اپنا حق نہ لے گا۔

روایت بطریق حسن مرسلاً کی سند کے راویوں کے حالات

❶ أبو الحسن البصری أحمد بن عبداللہ

ان کا ترجمہ نہیں مل سکا، تاہم اس طبقہ میں ابوالحسین احمد بن عبد اللہ بصری (المتوفی ۲۴۶ھ) ایک ثقہ راوی ہے، ممکن ہے کہ لفظ "الحسین" تصحیف سے "الحسن" ہو گیا ہو، واللہ اعلم۔

---

[1] حسن الظن باالله:٣٩،رقم:٢٥،ت:مخلص محمد،دار طيبة۔الرياض،الطبعة الأولى١٤٠٨ھ۔

❷ سلیمان بن نوح

ان کا ترجمہ بھی نہیں مل سکا، البتہ اس طبقہ میں سالم بن نوح ابو سعید عطار (المتوفی بعد ۲۰۰ھ) راوی ہے، جن سے درج بالا ابوالحسین احمد بن عبداللہ بصری روایت نقل کرتے ہیں، اور یہ سالم بن نوح، یونس بن عبید بن دینار سے روایت نقل کرتے ہیں جس کا ذکر آگے آرہا ہے، الحاصل ممکن ہے کہ یہاں "سالم" تبدیل ہوکر "سلیمان" ہوگیا ہو، واللہ اعلم۔

سالم بن نوح کے بارے میں حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ "التقریب"[1] میں فرماتے ہیں: "صدوق، له أوهام".

ذیل میں سالم بن نوح کے بارے میں دیگر ائمہ کے اقوال "تهذيب التهذيب"[2] سے لکھے جائیں گے:

حافظ ابوزرعہ رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ساجی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن قانع رحمۃ اللہ علیہ نے سالم بن نوح کی توثیق کی ہے، البتہ حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے "ليس بشيء" امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ اور امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے "ليس بالقوي" کہا ہے، حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "عنده غرائب وأفراد وأحاديثه محتملة متقاربة". حافظ عمرو بن علی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے یحیی بن سعید سے کہا کہ سالم بن نوح کا کہنا ہے کہ مجھ سے یونس اور جزری کی کتابیں گم ہوگئی تھیں، پھر یہ دونوں کتابیں مجھے چالیس سال بعد ملیں، یحیی نے جواب میں فرمایا: "وما بأس بذلك".

---

[1] تقريب التهذيب:۲۲۷،رقم:۲۱۸۵،ت:محمد عوامة،دار الرشد ـ سوريا،الطبعة الثالثة ۱٤۱۱هـ.

[2] تهذيب التهذيب:۳/ ٤٤۳، رقم:۸۱۷، دائرة المعارف ـ الهند،الطبعة الأولى ۱۳۲۵هـ.

❸ یونس

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرنے والوں میں یونس بن عبید بن دینار ہیں، اور ان سے سالم بن دینار روایت کرتے ہیں، جیساکہ گزر گیا ہے، یہ یونس بن عبید بن دینار مشہور ثقہ راوی ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کو من گھڑت حدیث کے مشابہ قرار دیا ہے، اور حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ، ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن دبیع رحمۃ اللہ علیہ، علامہ محمد بن محمد درویش الحوت رحمۃ اللہ علیہ نے امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے، اس لئے اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر(٢١)

روایت: اذان سن کر: ”مرحبا بالقائلين عدلا مرحبا بالصلاة و أهلا“. پڑھنے پر بیس لاکھ نیکیاں، بیس لاکھ گناہ معاف اور بیس لاکھ درجات بلند۔

حکم: مذکورہ دعا کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا من گھڑت ہے، تاہم مشہور قول کے مطابق حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اذان کے وقت صرف اِن کلمات کا کہنا منقول ہے، جس میں مذکورہ ثواب موجود نہیں ہے، اس لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے انتساب سے اسے بیان کرنا، عمل کرنا درست ہے۔

یہ روایت دو طرح سے مروی ہے:

① مرفوع طریق ② حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قول

پھر مرفوع طریق بھی دو سندوں سے مروی ہے:

① ہمام بن مسلم زاہد کوفی کا طریق ② موسی بن ابراہیم مروزِی کا طریق

روایت کا مرفوع طریق (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول)

❶ روایت بطریق ہمام بن مسلم زاہد کوفی

اسے امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے تخریج کیا ہے، ملاحظہ ہو:

[1] مثنوي مولوي معنوي: ۱۱۰/۱، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد اينڈ كمبني ـ لاهور.

۔۔۔سید الکونین ﷺ نے رحم فرمایا، معاف کر دیا، جب اُس شرمندہ نے ہمت کرکے توبہ کی[1]۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم نوٹ:

مذکورہ بالا روایت تو سنداً نہیں ملتی، البتہ اس جیسے مضمون پر مشتمل ایک دوسری روایت زیاد بن نعیم حضرمی سے مرسلاً منقول ہے، جسے فضائل کے باب میں بیان کرسکتے ہیں، یہ روایت امام عبد اللہ بن وہب رحمۃ اللہ علیہ نے ”الجامع في الأحكام“[2] میں ان الفاظ سے تخریج کی ہے:

”حدثنا بحر، ثنا ابن وهب، قال: أخبرني عمرو بن الحارث، أن بكر بن سوادة الجُذَامي حدثه، أن زياد بن نعيم الحضرمي حدثه، أن وفد كندة قدموا على رسول الله صلى الله عليه وسلم، وفيهم جَمْد، فبينا هو عند رسول الله صلى الله عليه وسلم أقبل رجل، فقال: ظلمت

---

[1] مثنوي مولوي معنوي: ١١١/١، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.

[2] الجامع في الأحكام: ص: ٢٩٦، رقم: ٥١٣، ت: رفعت فوزي عبد المطلب، دار الوفاء ـ منصورة، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

يا رسول الله! فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أفلح المظلومون، فقالوا: ما رأينا كذا قط، إن منا من رجل يحب أن يظلمه أحد، وهذا يقول: أفلح المظلومون، فخرجوا مغضبين، وقالوا.

فأخذت جمدا اللقوة، فأتوا رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقالوا: سيد الناس يا رسول الله! ادع الله له، فقال: لم أكن لأفعل، ولكن خذوا فسله [كذا في الأصل، وفي تاريخ المدينة: حدو فسلة[1]]، فاقلبوا مآقي عينيه، أو في شفره فاكووه بها، فإنها شفاؤه، وهي مصيره، الله أعلم بما قلتم حين أدبرتم.

قالوا: أرأيت أكلتنا في الجاهلية يا رسول الله! قال: هي لكم حتى ينزعها الله منكم، قالوا: أقد أتينا [كذا في الأصل، وفي تاريخ المدينة: فديتنا[2]]؟ قال: ليأتين عليكم زمان ترضون بالكفاف، قالوا: فتحيتنا؟ قال: جاء الله بخير من ذلك السلام، ثم ارتد جمد، فقتل كافرا بعد وفاة رسول الله صلى الله عليه وسلم.

قال عمرو: وحدثني كعب بن علقمة أنهم قالوا: أتينا هذا الغلام المضري فما سألنا شيئا إلا أعطاناه حتى لو أردنا أن نأخذ بأذنه لفعلنا، وإن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول: لعن الله جمدا وأبضعة وأخته العمردة".

---

[1] تاريخ المدينة المنورة:٥٤٢/٢،ت:فهيم محمد شلتوت،تم طبعه ونشره على نفقة حبيب محمود أحمد.

[2] تاريخ المدينة المنورة:٥٤٣/٢،ت:فهيم محمد شلتوت،تم طبعه ونشره على نفقة حبيب محمود أحمد.

”زیاد بن نعیم حضرمی بیان کرتے ہیں کہ کندہ کا وفد آپ ﷺ کی خدمت حاضر ہوا، اور ان میں جمُد بھی تھا، یہ آپ ﷺ کے پاس تھے کہ اسی اثناء میں ایک شخص آیا، اور کہا: اے اللہ کے رسول! ﷺ مجھ پر ظلم کیا گیا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: مظلوم لوگ کامیاب ہوگئے، تو انہوں (یعنی کندہ کے وفد) نے کہا کہ ہم نے کبھی بھی اس طرح نہیں دیکھا کہ ہم میں سے کوئی شخص یہ پسند کرتا ہو کہ اس پر کوئی ظلم کرے، اور یہ (یعنی آپ ﷺ) کہتے ہیں کہ مظلوم لوگ کامیاب ہوگئے، چنانچہ وہ (کندہ کا وفد) غصہ میں نکل گیا، اور باتیں کیں۔

پھر جمُد کو لقوہ (ایک بیماری جس کی وجہ سے چہرہ ایک جانب مائل ہو جاتا ہے) ہو گیا، لہٰذا وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: اے اللہ کے رسول! (جمُد) لوگوں کا سردار ہے، آپ اس کے لئے دعا فرمائیں، آپ ﷺ نے فرمایا: میں یہ تو نہیں کر سکتا، لیکن لوہے کے ایک ٹکڑے کو تیز کرو، پھر اس کی دونوں آنکھوں میں جو کچھ ہے اس کو پلٹ دو، یا کسی چوڑی چھری سے اس کو داغو، اسی میں اس کی شفاء ہے، اور یہی اس کا انجام ہے، اللہ تعالی زیادہ جانتا ہے جو تم نے جانے کے بعد کہا۔

اور انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہمارے زمانہ جہالت کے کھانے کا کیا ہو گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ تمہارے لئے ہے یہاں تک کہ اسے اللہ تعالی تم سے کھینچ لے، انہوں نے کہا: اس کی دیت کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ تم کفایت پر راضی ہو جاؤ گے، وہ کہنے لگے: ہمارا اسلام کیسا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالی اس سے بہتر سلام لا چکے ہیں، پھر جمُد مرتد

ہو گیا، اور رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد کفر کی حالت میں قتل کیا گیا۔

عمرو کہتے ہیں: مجھے کعب بن علقمہ نے بتایا کہ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس یہ مضری غلام آیا، ہم نے جس چیز کا بھی اس سے سوال کیا اس نے ہمیں وہ دے دی، یہاں تک کہ اگر ہم اسے کان سے پکڑنا چاہتے تو ہم یہ بھی کر لیتے، اور بے شک رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: اللہ تعالی جَمَد، ابضعہ اور اس کی بہن عمردہ پر لعنت کرے"۔

یہی روایت علامہ عمر بن شبہ نمیری رحمۃ اللہ علیہ نے "تاريخ المدينة"[1] میں امام عبد اللہ بن وہب کے طریق سے ذکر کی ہے۔

اہم فائدہ:

واضح رہے کہ "الجامع لابن وہب" کے آخر میں موجود چار افراد پر لعنت کا مضمون دیگر کتب میں بھی موجود ہے، چنانچہ اسے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "مسند"[2] میں، امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المعجم الكبير"[3] میں اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے "المستدرك"[4] میں تخریج کیا ہے۔

---

[1] تاريخ المدينة المنورة: ٥٤٢/٢، ت: فهيم محمد شلتوت، تم طبعه ونشره على نفقة حبيب محمود أحمد.

[2] مسند أحمد: ١٩٩/٣٢، رقم: ١٩٤٥٠، ت: شعيب الأرنؤوط، مؤسسة الرسالة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٠هـ.

[3] المعجم الكبير: ٩٩/٢٠، رقم: ١٩٢، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، مكتبة ابن تيمية ـ القاهرة.

[4] المستدرك على الصحيحين: ٩١/٤، رقم: ٦٩٧٩، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٢هـ.

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "حدثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، أنبأ محمد بن عبد الله بن عبد الحكم، أنبأ ابن وهب، أخبرني معاوية بن صالح، عن عبد الرحمن بن عائذ الأزدي، عن عمرو بن عبسة السلمي رضي الله عنه، قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعرض الخيل.... لعن الله الملوك الأربعة: جَمْدا، ومخوسا، وأبضعة، وأختهم العمردة.... ".

اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ تخریجِ روایت کے بعد فرماتے ہیں: ''هذا حديث غريب المتن صحيح الإسناد، ولم يخرجاه''. یہ حدیث غریب المتن صحیح الاسناد ہے، اور شیخین رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تخریج نہیں کی ہے۔

نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسے ''صحیح غریب'' کہا ہے۔

روایت نمبر (۲۱)

روایت: ”روز قیامت اسلام کا حسین صورت میں آکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہنا: اللہ تعالی آپ کو عزتوں سے مالا مال کرے جیسا کہ آپ نے دنیا میں مجھے (یعنی اسلام کو) عزت بخشی“۔

روایت کا مصدر

امام فرید الدین عالم بن العلاء دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۸٦ھ) نے ”الفتاوی التاتارخانیة“[1] میں ایک لمبی حدیث کے تحت یہ روایت ان الفاظ سے بلا سند نقل کی ہے:

”....فقال [أي: أبي بن كعب] تذكرت حديثا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إذا اجتمع الأولون و الآخرون يوم القيامة يأتي الإسلام بأحسن صورة، فيطلبك ويقول: أعزك الله يا عمر! كما أعززتني، قال: فسجد عمر رضي الله عنه، وأعتق سبع رقاب شكرا لله تعالى“.

”۔۔۔حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ مجھے وہ حدیث یاد آگئی جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے: جب قیامت کے دن اول و آخر سب جمع ہوں گے، تو اسلام بھی

---

[1] الفتاوى التاتارخانية: كتاب الصلاة، ٤٠٠/٦، ت: مفتي شبير أحمد قاسمي، مكتبة زكريا بديوبند ـ الهند، الطبعة ١٤٣١هـ.

بہت خوبصورت شکل میں آئے گا اور آپ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) کو طلب کرے گا، اسلام کہے گا: اے عمر! اللہ تعالی آپ کو عزتوں سے مالامال کرے جیساکہ آپ نے دنیا میں مجھے (یعنی اسلام کو) عزت بخشی، راوی کہتا ہے کہ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سجدہ شکر ادا کیا، اور اپنی میراث میں سے سات غلام اللہ تعالی کی شکر گزاری میں آزاد کئے"۔

یہی روایت علامہ ضیاء الدین عمر بن محمد بن عوض سنامی حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی قبل ۷۲۵ھ) نے "نصاب الاحتساب"[1] میں بلاسند ذکر کی ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

[1] نصاب الاحتساب: ص: ۱۳۹، ت: مریزن سعید مریزن عسیری، مکتبۃ الطالب الجامعي ـ مكة المكرمة، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

روایت نمبر(۴۲)

روایت: ”المرء مخبوء تحت لسانه“.

انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔

حکم: زیر بحث روایت تلاش بسیار کے باوجود سنداً آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے طور پر نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، البتہ یہی الفاظ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ، احنف بن قیس رحمۃ اللہ علیہ اور بعض حکماء کے قول کے طور پر ملتے ہیں، لہذا اسے ان حضرات کے انتساب سے بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

روایت کا مصدر

یہ روایت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے ”مفاتيح الغيب“[1] میں بغیر سند کے نقل کی ہے، ملاحظہ ہو:

”وقال صلى الله عليه وسلم: المرء مخبوء تحت لسانه“. آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے طور پر بلا سند قاضی ابو الحسن علی بن محمد بصری ماوَرْدِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۵۰ھ) نے ”الحاوي الكبير“[2] میں، مؤید

---

[1] مفاتيح الغيب: ٤٦/٢٢، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠١هـ.

[2] الحاوي الكبير: ٢٦٢/١٢، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٤هـ.

الدولہ ابو المظفر اسامہ ابن منقذ کنانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۸۴ھ) نے "لباب الآداب"[1] میں، عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) نے "مثنوي"[2] میں، علامہ احمد بن ابراہیم المعروف سبط ابن العجمی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۸۴ھ) نے "کنوز الذھب"[3] میں نقل کی ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود مذکورہ روایت سنداً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم فائدہ:

زیر بحث روایت سنداً آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے طور پر تو نہیں مل سکی جیسا کہ تفصیل گزر چکی ہے، البتہ یہی الفاظ حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت احنف بن قیس رحمۃ اللہ علیہ اور بعض حکماء کے قول کے طور پر ملتے ہیں، تفصیل ملاحظہ ہو:

حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر:

علامہ شہاب الدین احمد بن ادریس قَرَافِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۸۲ھ)

[1] لباب الآداب:ص: ۳۳۰،رقم:۱۷٦،ت:أحمد محمد شاكر،مكتبة السنة ـ القاهرة،الطبعة۱٤۰۷هـ.

[2] مثنوي مولوي معنوي: ۱۵۲/۱،مترجم:قاضي سجاد حسين،حامد ايند كمبني ـ لاهور.
"مثنوی" کے الفاظ ملاحظہ ہوں: "گفت پیغمبر بہ تمیز کساں، مرء مخفی لدی طی اللساں"۔

[3] كنوز الذهب في تاريخ حلب:۲۸۷/۲،ت:شوقي شعث وفالح البكور،دار القلم العربي ـ حلب،الطبعة الأولى ۱٤۱۸هـ.

"الذخيرة"[1] میں فرماتے ہیں: "إن قيمة الإنسان مايُعلمه لا مايَعلمه، لقول علي رضي الله عنه: المرء مخبوء تحت لسانه". **انسان کی قیمت وہ خود بتاتا ہے، قیمت وہ نہیں جو وہ جانتا ہے، کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔**

بعض دیگر مصادر

اسی طرح اسے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر علامہ ابو منصور عبد الملک بن محمد ثَعَالِبی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۳۰ھ) نے "الإعجاز والإيجاز"[2] **میں، علامہ یحییٰ بن حسین شجری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۹۹ھ) نے** "الأمالي"[3] **میں،**

---

[1] الذخيرة: ٤٦/١،ت:محمد حجي،دار الغرب الإسلامي ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٩٩٤ء.

[2] الإعجاز والإيجاز:ص:٢٧،ت:إسكندر آصاف،المطبعة العمومية ـ مصر،الطبعة الأولى ١٨٩٧ء.

[3] الأمالي للشجري:١٧٧/١،رقم:٦٦١،ت:محمد حسن محمد حسن إسماعيل،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

"امالی" کی عبارت ملاحظہ ہو: "وبه قال: أخبرنا الشريفان أبو محمد وأبو طاهر الحسن وإبراهيم ابنا الشريف الجليل أبي الحسن محمد بن عمر الحسيني الزيدي الكوفي، قالا أخبرنا أبو الفضل محمد بن عبد الله قراءة عليه، قال: أخبرنا أبو أحمد عبيد الله بن الحسين بن إبراهيم العلوي، قال: حدثني أبي، قال: حدثني عبد العظيم بن عبد الله الرازي الحسني في منزله بالري، عن أبي جعفر محمد بن علي الرضى، عن أبيه، عن آبائه، عن علي بن الحسين، عن أبيه، عن جده علي بن أبي طالب عليهم السلام، قال: قلت أربعا أنزل الله تبارك وتعالى تصديقي بها في كتابه، قلت: المرء مخبوء تحت لسانه، فإنه تكلم ظهر، فأنزل الله تعالى: ولتعرفنهم في لحن القول، وقلت: من جهل شيئا عاداه، فأنزل الله عز وجل: بل كذبوا بما لم يحيطوا بعلمه، وقلت: قدر أو قال: قيمة كل امرئ ما يحسنه، فأنزل الله تعالى في قصة طالوت: إن الله اصطفاه عليكم وزاده بسطة في العلم والجسم، وقلت: القتل يقل القتل، فأنزل الله تعالى: ولكم في القصاص حياة يا أولي الألباب".

"امالی" میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول جس سند سے منقول ہے، اس میں ابو الفضل محمد بن عبد اللہ شیبانی موجود ہے، اور اس پر ائمہ نے شدید جرح کی ہے جیسے: یہ غریب احادیث اور شیوخ کے سؤالات روایت کرتا ہے، لوگوں نے دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کے انتخاب کی بناء پر اس سے احادیث کو لکھا، پھر ان کا جھوٹا ہونا ظاہر ہوا تو لوگوں نے اس کی احادیث کو پھاڑ دیا، اور اس کی روایات کو باطل قرار دیا، اور

حافظ مغلطائی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۶۲ھ) نے "إکمال تهذیب الکمال"[1] میں "شرح الکامل" لابن السید کے حوالے سے، علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۱۸۲ھ) نے "التنویر"[2] میں اور علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے (المتوفی ۱۲۷۰ھ) "روح المعاني"[3] میں ذکر کیا ہے۔

حضرت ابو بحر احنف بن قیس تمیمی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷ھ او ۷۱ھ) کے قول کے طور پر:

حافظ ابو القاسم اسحاق بن ابراہیم خُتَّلِی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی (۲۸۳ھ) نے "الدیباج"[4] میں اسے ابو بحر احنف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے طور پر ذکر کیا ہے، ملاحظہ ہو:

"حدثني محمد بن مزيد، قال: أخبرني بعض أصحابنا، قال:

اس کے بعد یہ رافضیوں کے لئے احادیث گھڑ کر شرقیہ مسجد میں لکھواتا تھا (حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ)، یہ دجال اور جھوٹا تھا، میں نے کبھی بھی اس کی اصل نہیں دیکھی، اور دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے ترکیب کی وجہ سے اس متہم قرار دیا، اور عتیقی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ یہ "کثیر التخلیط" ہے (حافظ ازہری رحمۃ اللہ علیہ)، یہ حافظ اور فن کو جاننے والا تھا، اخباری اور مصنف تھا، لیکن اس کو پلٹنا لاحق ہو گیا (حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ)، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: روایت: ماخاب من استخار ولا ندم من استشار ولا عال من اقتصد، غیر معتبر روایات کا فنی جائزہ، حصہ چہارم (ص:۸۵)۔

[1] إكمال تهذيب الكمال: ۳٤٤/۹، ت: أبو عبد الرحمن عادل بن محمد، الفاروق الحديثة ـ القاهرة، الطبعة الأولى ۱٤۲۲هـ.

"اکمال تہذیب الکمال" کی عبارت ملاحظہ ہو: "وفي "شرح الكامل" لابن السيد: ثبت في الحديث أن عليا قال: وافقني ربي في ثلاث، قلت: من لانت كلمته وجبت محبته، وقال جل وعز: ولو كنت فظا غليظ القلب لانفضوا من حولك، وقلت: المرء مخبوء تحت لسانه، وقال جل وعز: ولتعرفنهم في لحن القول، وقلت: القتل ليبقى القتيل [كذا في الأصل]، وقال جل وعز: ولكم في القصاص حياة".

[2] التنوير شرح الجامع الصغير: ۲۷٤/۵، ت: محمد إسحاق محمد إبراهيم، مكتبة دار السلام ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۳۲هـ.

[3] روح المعاني: ۵۲٦/۸، ت: علي عبد الباري عطية، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱۵هـ.
"روح المعانی" کی عبارت ملاحظہ ہو: "وقال رضي الله تعالى عنه: المرء مخبوء تحت طي لسانه لا طيلسانه".

[4] الديباج للختلي: ص: ۱۰۱، رقم: ۳۱، ت: إبراهيم صالح، دار البشائر ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱۹۹٤ء.

قال رجل للأحنف: أنت أبي بحر؟ فقال الأحنف: الرجل مخبوء تحت لسانه". **ایک شخص نے احنف رحمۃ اللہ علیہ سے کہا [جن کی کنیت ابو بحر ہے]: آپ ابی بحر ہیں؟ احنف رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے"۔**

نیز امام ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ دِینَوَرِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۲۷۶ھ) نے "عیون الأخبار"[1] میں **اور حافظ کمال الدین ابن العدیم رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۶۰ھ)** نے **بطریق خُتَّلِی رحمۃ اللہ علیہ** "بغیة الطلب"[2] میں **اسے احنف رحمۃ اللہ علیہ کے قول** کے طور پر ذکر کیا ہے۔

بعض حکماء کے قول کے طور پر:

قاضی ابو الحسن علی بن محمد مَاوَرْدِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۵۰ھ) نے "أدب الدین والدنیا"[3] میں اسے **بعض حکماء کے قول کے طور پر** نقل کیا ہے، ملاحظہ ہو:

"وقال بعض الحکماء: عقل المرء مخبوء تحت لسانه". **اور بعض حکماء کہتے ہیں: انسان کی عقل اس کی زبان کے نیچے چھپی ہوئی ہے۔**

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

آپ تفصیل میں دیکھ چکے ہیں کہ زیر بحث روایت تلاش بسیار کے باجود

---

[1] عیون الأخبار: ۳۳۱/۱، دار الکتاب العربي ۔ بیروت۔

"عیون الاخبار" کی عبارت ملاحظہ ہو: "وقال الأحنف: حتف الرجل مخبوء تحت لسانه".

[2] بغیة الطلب في تاريخ حلب: ص: ۱۳۱۷، ت: سهیل زکار، دار الفکر ۔ بیروت۔

[3] أدب الدين والدنيا: ص: ٤٤٥، دار المنهاج ۔ بیروت، الطبعة الأولى ١٤٣٤ھ۔

سنداً آپ ﷺ کے قول کے طور پر نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے رسول اللہ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، البتہ یہی الفاظ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ، احنف بن قیس رحمۃ اللہ علیہ اور بعض حکماء کے قول کے طور پر ملتے ہیں، لہذا ان حضرات کے انتساب سے بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

روایت نمبر (۴۳)

روایت: جو عورت گائے یا بھینس کا دودھ بسم اللہ پڑھ کر دوھے تو وہ جانور اس کو دعائیں دیتا ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اُتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ۴۴

روایت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنا کہ بارش ہوئی اور آپ کے بابرکت کپڑے نہ بھیگے

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوي"[1] میں لکھتے ہیں:

مصطفی روزے بگورستان برفت   با جنازہ یارے از یاراں برفت

مصطفی (صلی اللہ علیہ وسلم) ایک روز قبرستان تشریف لے گئے دوستوں میں سے ایک دوست کے جنازے کے ساتھ تشریف لے گئے

چوں زگورستان پیمبرؐ باز گشت   سوئے صدیقہ شد وہمراز گشت

جب پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) قبرستان سے لوٹے صدیقہ (رضی اللہ عنہا) کی طرف گئے اور ہمراز بنے

چشم صدیقہ چو بر رویش فتاد   پیش آمد دست بروے می نہاد

صدیقہ (رضی اللہ عنہا) کی نظر جب آپ کے چہرے پر پڑی آگے بڑھیں اور آپ پر ہاتھ رکھا

بر عمامہ بر رخ و بر موئے او   بر گریباں وبر و بازوئے او

---

[1] مثنوي مولوي معنوي: ۱/۲۲۰، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد اينڈ كمبني ـ لاهور.

عمامہ پر اور آپ کے چہرے اور بالوں پر گریباں پر اور جسم پر اور آپ کے بازو پر

گفت پیغمبرؐ چہ می جوئی شتاب　　گفت باراں آمد امروز از سحاب

پیغمبر (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم) نے فرمایا جلد جلد کیا دیکھتی ہو؟ بولیں آج بادل سے بارش برسی ہے

جا مہایت می بجویم در طلب　　تر نمی بینم زباراں اے عجب!

جستجو میں آپ کے کپڑے چھوتی ہوں تعجب ہے! بارش سے تر نہیں دیکھتی

گفت چہ بر سر فگندی از اِزار　　گفت کردم آں ردائے تو خمار

فرمایا سر پر کون سا کپڑا اوڑھا تھا؟ بولیں: آپ کی چادر کو دوپٹہ بنایا تھا

گفت بہرے آں نمودائے پاک حبیب　　چشم پاکت راخدا باران غیب

فرمایا: اے پاک دل! اسی لئے دکھائی خدا نے تیری پاک آنکھ کو غیبی بارش

نیست آں باراں ازیں ابر شما　　ہست ابر دیگر ودیگر سما

وہ بارش تمہارے اس ابر کی نہیں ہے وہ دوسرا ابر اور دوسرا آسمان ہے

ای چنیں باراں ز اَبرِ دیگر است　　رحمت حق در نزوش مضمر ست

اس طرح کی بارش دوسرے ابر کی ہے جس کے نازل ہونے میں خدا کی رحمت پوشیدہ ہے۔

اہم فائدہ:

"مثنوی شریف" کے علاوہ یہ روایت شیخ محمد واعظ رہاوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۹۰ھ) نے بھی "جامع المعجزات"[1] میں ان الفاظ سے بلاسند نقل کی ہے:

"ومن معجزاته: روي أن رجلا من الأنصار مات وصلى النبي عليه السلام صلواته [كذا في الأصل]، وذهب بجارته إلى المقابر، وبعد الدفن رجع النبي عليه السلام إلى بيته، فقامت عائشة رضي الله عنها ومست يدها إلى عمامة النبي عليه السلام وقالت: يا عجبا! مابلغت عمامتك وثيابك من المطر، وفي ذلك اليوم ما كان المطر، فعلم النبي عليه السلام أن عائشة رضي الله عنها قد رأت مطر عالم الغيب، وقال: يا عائشة رضي الله عنها! اليوم ماتغطي على رأسك، قالت: تغطت برأسي بردائي [كذا في الأصل]، ثم قال عليه السلام: يا عائشة رضي الله عنها! ذلك الرداء قد ارتفع عن بصرك الغطاء، ورائت مطر عالم الغيب، يا عائشة! وفي عالم الغيب مطر وغمام، وشمس وقمر، لا يراها إلا سبأ [كذا في الأصل] والأولياء والصالحون من المؤمنين".

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں منقول ہے کہ ایک انصاری شخص کا انتقال ہوگیا، اور نبی علیہ السلام نے اس کی نماز جنازہ پڑھی، اور اس کے ساتھ قبرستان تک تشریف لے گئے، اور نبی علیہ السلام دفن کے بعد گھر لوٹ آئے، عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے ہاتھ سے نبی علیہ السلام کا عمامہ چھوا اور کہا: تعجب ہے کہ آپ کے عمامہ اور کپڑوں کو

---

[1] جامع المعجزات:ص:٤١،مطبعة نبات المصري.

بارش کا پانی نہیں لگا، حالانکہ اس دن بارش نہیں ہوئی تھی، نبی ﷺ کو معلوم ہو گیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عالم غیب کی بارش دیکھی ہے، آپ ﷺ نے پوچھا: اے عائشہ! آج آپ نے سر کو کس چیز سے ڈھانپا تھا؟ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں نے اپنا سر اپنی چادر سے ڈھانپ رکھا ہے، پھر آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے عائشہ! اس چادر نے آپ کی آنکھوں سے پردے کو ہٹا دیا، اور اے عائشہ! آپ نے عالم غیب کی بارش دیکھی ہے، اور عالم غیب میں بارش، بادل، سورج اور چاند ہیں، جن کو صرف اولیاء اور نیک ایمان والے دیکھ سکتے ہیں۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ۴۵

روایت: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا اذان میں لفظ حَیَّ کو عاجزی سے ہَیَّ پڑھنا، اور منافقین کا اس پر اعتراض کرنا اور یہ مطالبہ کرنا کہ کوئی فصیح مؤذن لے آئیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ میں منافقین سے فرمانا کہ اللہ تعالی کے نزدیک بلال کا ہَیَّ شور وغل کے سینکڑوں حَیَّ اور حَیَّ سے بہتر ہے۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوي"[۱] میں لکھتے ہیں:

آں بلالِ صدق در بانگِ نماز — حَیَّ را ہَیَّ خواند از رُوئے نیاز

وہ سچے بلال رضی اللہ عنہ اذان میں (لفظ) حَیَّ کو عاجزی سے ہَیَّ پڑھتے تھے

تا بگفتند اے پیمبر نیست راست — ایں خطا اکنوں کہ آغازِ بنا ست

یہاں تک کہ ان (منافقوں) نے کہا: اے پیغمبر! درست نہیں ہے یہ غلطی اس وقت کہ تعمیر کی ابتداء ہے

اے نبی! واے رسول! کرد گار — یک مؤذن کہ بُوَد اَفصح بیار

اے اللہ کے رسول! اور نبی! ایک زیادہ فصیح مؤذن لے آیئے

عیب باشد اولِ دین و صلاح — لحن خواندن لفظِ حَیَّ علی الفلاح

---

[۱] مثنوي مولوي معنوي:۳/۳۰، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.

دین اور نیکی کے شروع میں عیب ہو گا لفظِ حَیَّ علی الفلاح کو غلط پڑھنا

خشم پیغمبرؐ بجوشید و بگفت یک دو رمزے از عنایاتِ نہفت

پیغمبر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا غصہ جوش میں آیا اور فرمائے ایک دو اشارے چھپی ہوئی عنایتوں میں سے

کاے خساں نزد خدا ہَیَّ بلال بہتر از صد حَیَّ حَیَّ وقیل وقال

کہ اے کمینو! اللہ کے نزدیک بلال رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کا ہَیَّ شوروغل کے سینکڑوں حَیَّ اور حَیَّ سے بہتر ہے

وامشو رانید تامن رازِ تاں وانگویم ز آخر و آغازِ تاں

جوش نہ دلاؤ تاکہ میں تمہارے راز اول اور آخر کے صاف نہ کہہ ڈالوں

گر نداری تو دم خوش دَر دُعا ردد عامی خواہ زا خِوانِ صَفا

اگر تو دعا میں اچھا دم نہیں رکھتا ہے جا صفائی والوں سے دعا کرالے

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ۴۶

روایت: ریاکاری کے ساتھ تسبیح کرنا کوڑی کا سبزہ ہے

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوي"[1] میں لکھتے ہیں:

در حدیث آمد کہ تسبیح از ریا ہمچو سبزہ گولخن داں اے کیا

حدیث (شریف) میں آیا ہے کہ ریاکاری کے ساتھ تسبیح اے عقلمند! کوڑی کا سبزہ سمجھ۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سنداً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

---

[1] مثنوي مولوي معنوي: ۱۰۶/۲، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني۔ لاهور.

روایت نمبر ۴۷

روایت: ”عجلوا الطاعات قبل الفوت“.
عبادات کو فوت ہونے سے پہلے پورا کرو۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) ”مثنوي“[1] میں لکھتے ہیں:

عجلوا الطاعات قبل الفوت گفت مصطفٰی چوں گوہرِ معنی بسُفت

عبادات کو فوت ہونے سے پہلے پورا کرو، فرمایا ہے: مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم نے، جب معنی کے موتی پروئے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت ان الفاظ سے سنداً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم فوائد:

① واضح رہے کہ زیرِ بحث روایت انہی الفاظ سے سنداً نہیں ملتی، البتہ اسی

---

[1] مثنوي مولوي معنوي:۲/۲٤۹،مترجم:قاضي سجاد حسين،حامد ايند كمبني ـ لاهور.

سے ملتی جلتی ایک روایت علامہ صغانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "موضوعات"[1] میں من گھڑت روایات میں ذکر کی ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں:

"عجلوا بالصلاة قبل الفوت، وعجلوا بالتوبة قبل الموت". نماز کو اس کے فوت ہونے سے پہلے ادا کرو، اور موت سے پہلے توبہ کرو۔

② زیر بحث روایت سے ملتے جلتے الفاظ علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے "فیض القدیر"[2] میں امام الحرمین رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے طور پر نقل کئے ہیں، ملاحظہ ہوں:

"وقال إمام الحرمين: الدنيا ثلاثة أنفاس، نفس مضى، عملت فيه ما عملت، ونفس أنت فيه، ونفس لا تدري أتدركه أم لا؟ إذ كم من تنفس نفسا ففاجأه الموت قبل النفس الآخر، فلست تملك إلا نفسا واحدا، لا يوما ولا ساعة، فبادر في هذا النفس إلى الطاعة قبل الفوت، وإلى التوبة قبل الموت، ولا تهتم بالرزق، فلعلك لا تبقى حتى تحتاج إليه، فيكون وقتك ضائعا، والهم فاضلا".

اور امام الحرمین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: دنیا تین سانس ہے، ایک وہ سانس ہے جو گزر چکا، اس میں آپ نے جو کچھ کیا سو کیا، اور ایک سانس وہ ہے جس میں آپ ہیں، اور ایک وہ سانس ہے کہ جس کے بارے میں آپ نہیں جانتے کہ آپ اسے پا سکیں گے یا نہیں، اس لئے کہ کتنے ہی سانس لینے والے ایسے ہیں کہ جو ایک سانس لیتے ہیں تو ان کو دوسرا سانس لینے سے پہلے اچانک موت آجاتی ہے، آپ صرف

---

[1] موضوعات الصغاني:ص:۳۵،رقم:۳٤،ت:نجم عبد الرحمن خلف،دار نافع،الطبعة الأولى ۱٤۰۱هـ.

[2] فيض القدير: ٥/٥١، دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الثانية ۱۳۹۱هـ.

ایک سانس کے مالک ہو، نہ ایک دن اور نہ ہی ایک گھڑی کے، سو اس سانس کے فوت ہونے سے پہلے اطاعت میں جلدی کرو، اور موت سے پہلے توبہ کی طرف جلدی کرو، اور رزق کے بارے میں غم نہ کرو، شاید کہ آپ باقی نہ رہیں کہ آپ کو اس رزق کی ضرورت پڑے، (ورنہ) آپ کا وقت ضائع ہو جائے گا، اور آپ کا غم اضافی ہو گا۔

روایت نمبر ۲۸

روایت: ”جس نے اپنے بھائی کے حق کی وجہ سے افطار کیا اس کے لئے ایک ہزار روزوں کا ثواب لکھا جاتا ہے“۔

روایت کا مصدر

یہ روایت امام فرید الدین عالم بن العلاء دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۸۶ھ) نے ”الفتاوی التاتارخانیة“[1] میں امام ابو الفتح ظہیر الدین عبد الرشید بن ابو حنیفہ وَلْوَالِجی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی بعد ۵۴۰ھ) کے حوالے[2] سے بلا سند ان الفاظ سے نقل کی ہے:

”روي عن النبي صلى الله عليه وسلم: من أفطر لحق أخيه يكتب له ثواب صوم ألف يوم، ومتى قضى يوما كتب له ثواب ألفي يوم“.

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ جس نے اپنے بھائی کے حق کے لئے افطار کیا اس کے لئے ایک ہزار دنوں کے روزوں کا ثواب لکھا جائے گا، اور جس دن وہ قضاء کرے گا تو اس کے لئے دو ہزار دنوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت علامہ ابو بکر بن علی الحداد رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۰۰ھ) نے ”الجوهرة

---

[1] الفتاوى التاتارخانية: ۴۰۲/۳، رقم: ٤٦٩٤، ت: مفتي شبير أحمد قاسمي، مكتبة زكريا بديوبند ـ الهند، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

[2] الفتاوى الولوالجية: ۲۲٦/۱، ت: مقداد بن موسى فريوي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ.

النَیِّرَۃ"[1] میں، علامہ یوسف بن عمر بن یوسف کادوری (المتوفی ۸۳۲ھ) نے "جامع المضمرات"[2] میں، علامہ یعقوب بن سید علی بروسوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۳۱ھ) نے "مفتاح الجنان"[3] میں، علامہ شُرُنبُلَالِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۶۹ھ) نے "مراقي الفلاح"[4] اور "حاشیة درر الحکام"[5] میں بلا سند ذکر کی ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اَتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

---

[1] الجوهرة النيرة: ٣٤٧/١، ت: إلياس قبلان، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٧هـ.

[2] جامع المضمرات: ٤٧٣/٢، ت: عمر عبد الرزاق حمد الفياض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٣٩هـ.

[3] مفتاح الجنان: ص: ٢٠٣، المطبعة العثمانية، الطبعة ١٣١٧هـ.

[4] مراقي الفلاح: ص: ٢٥٣، ت: أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

[5] انظر درر الحكام: ٢١٠/١، مير محمد كتب خانة ـ كراتشي ـ باكستان.

روایت نمبر(۲۹)

روایت: "آپ ﷺ کا ایک شخص کو مسجد میں سویا ہوا دیکھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمانا: اے علی! اسے جگادو، تاکہ وضو کرلے، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پوچھنے پر بذات خود نہ جگانے کی یہ وجہ بیان فرمانا کہ مبادا انکار کر بیٹھتا اور میرے کہنے پر انکار کفر ہو جاتا، تیرے کہنے سے انکار کفر نہیں ہوگا"۔

روایت کا مصدر

یہ روایت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے "مفاتيح الغيب"[1] میں بغیر سند کے ان الفاظ سے ذکر کی ہے:

"روي: أنه عليه السلام دخل المسجد فرأى نائما، فقال: يا علي! نبهه ليتوضأ، فأيقظه علي، ثم قال علي: يا رسول الله! إنك سباق إلى الخيرات، فلم لم تنبهه؟ قال: لأن رده عليك ليس بكفر، ففعلت ذلك لتخف جنايته لو أبى".

منقول ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک مرتبہ مسجد میں تشریف لائے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سو رہے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: اے علی! اسے جگادو تاکہ وضو کرلے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جگا تو دیا، مگر حضور ﷺ سے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول! آپ تو بھلائیوں کی طرف خوب سبقت کرنے والے ہیں، آخر آپ نے خود کیوں نہیں جگایا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اس لئے کہ اس کا آپ کو انکار کرنا کفر

---

[1] مفاتيح الغيب: ۲۹/۳۲، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۰۱هـ.

نہیں تھا، میں نے ایسا اس لئے کیا تاکہ انکار کی صورت میں اس کی جنایت کم ہو جائے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر۳۰

روایت: ”حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کرنا کہ آپ جہاں جاتے ہیں زمین پر کچھ بچھائے بغیر نماز پڑھ لیتے ہیں“۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) ”مثنوی“[1] میں لکھتے ہیں:

عائشہ روزے بہ پیغمبر بہ گفت　　　یا رسوال اللہ! تو پیداؤ نہفت

ایک دن (حضرت) عائشہ رضی اللہ عنہا نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ مجمع اور تنہائی

ہر کجا یا بی نمازے می کنی　　　می رَوی دَر خانۂ ناپاک ودَنی

جہاں موقع ملتا ہے نماز پڑھ لیتے ہیں، ہر ادنی اور ناپاک گھر چلے جاتے ہیں

بے مصلی می گزاری تو نماز　　　ہر کجا روئے زمیں بکشای راز

بغیر مصلے کے آپ نماز پڑھ لیتے ہیں جہاں بھی روئے زمین ہو، راز بتایئے؟

گرچہ میدانی کہ ہر طفل پلید　　　کرد مُستَعمَل بہر جا کہ رسید

اگرچہ آپ جانتے ہیں کہ ہر ناپاک بچہ، جہاں وہ جاتا ہے (زمین) کو مستعمل کردیتا ہے

---

[1] مثنوي مولوي معنوي:۳۲۱/۲،مترجم:قاضي سجاد حسين،حامد ايند كمبني ـ لاهور.

گفت پیغمبرؐ کہ از بہرِ مہاں حق نجس را پاک کرد ایں را بداں

پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا: بڑے لوگوں کے لئے اللہ (تعالیٰ) نے نجس کو پاک کر دیا ہے، اس کو سمجھ لے

سجدہ گاہم را ازاں رو لطفِ حق پاک گردانید تا ہفتم طبق

اس لئے اللہ (تعالیٰ) کی مہربانی نے میری سجدہ گاہ کو ساتوں طبقوں تک پاک کر دیا ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جا سکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم فائدہ:

زیر بحث روایت تو تلاش بسیار کے باوجود سنداً مذکورہ الفاظ سے نہیں مل سکی، البتہ اس سے ملتی جلتی ایک صحیح روایت میں یہ مضمون وارد ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے لئے تمام روئے زمین کو سجدہ گاہ اور پاکی حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا گیا، چنانچہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "صحیح"[1] میں مفصل طور پر یہ ضمنی روایت ان الفاظ سے تخریج کی ہے:

[1] الصحيح للبخاري: ٧٤/١، ت: محمد زهير بن ناصر الناصر، دار طوق النجاة - بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

”حدثنا محمد بن سنان، قال: حدثنا هشيم، ح قال: وحدثني سعيد بن النضر، قال: أخبرنا هشيم، قال: أخبرنا سيار، قال: حدثنا يزيد هو ابن صهيب الفقير، قال: أخبرنا جابر بن عبد الله أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: أعطيت خمسا لم يعطهن أحد قبلي: نصرت بالرعب مسيرة شهر، وجعلت لي الأرض مسجدا وطهورا، فأيما رجل من أمتي أدركته الصلاة فليصل، وأحلت لي المغانم ولم تحل لأحد قبلي، وأعطيت الشفاعة، وكان النبي يبعث إلى قومه خاصة وبعثت إلى الناس عامة“.

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئیں، میری مدد کی گئی ہے رعب کے ذریعے سے ایک ماہ کی مسافت سے، اور میرے لئے تمام روئے زمین کو سجدہ گاہ اور پاکی حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا گیا ہے، لہذا میری امت کے جس شخص کو نماز پالے تو اسے چاہئے کہ نماز پڑھ لے، اور میرے لئے مال غنیمت کو حلال کیا گیا اور مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہیں ہوا، اور مجھے شفاعت عطا کی گئی، اور ہر نبی خاص طور پر اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوتا تھا، اور میری بعثت تمام انسانیت کے لئے عام ہے۔

روایات کا مختصر حکم

فصل اول (مفصل نوع)

روایت	مختصر حکم
① روایت: "جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے اعضاء کو پُرسکون رکھے، اور یہود کی طرح نہ ہلے، اس لئے کہ نماز میں اعضاء کا پُرسکون ہونا نماز کے کامل ہونے کا جزو ہے"۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے۔
② روایت: "إن رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يعبث بلحيته في الصلاة، فقال: لو خشع قلبه، لخشعت جوارحه". آپ ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا وہ نماز میں اپنی داڑھی سے کھیل رہا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا، تو ضرور اس کے اعضاء پُرسکون رہتے۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے، حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے بیٹے حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معروف قول کے مطابق یہ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے، جو انہوں نے ایک شخص کو دورانِ نماز داڑھی سے کھیلتے ہوئے دیکھ کر کہا تھا، انتہی، اس لئے اسے سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کی جانب منسوب کرنا چاہئے، آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔
③ روایت: حالتِ مرض میں آیت کریمہ: "لا إله إلا أنت سبحانك إني كنت من الظالمين". چالیس مرتبہ پڑھنے کے بعد اگر اسی مرض کی حالت میں مر گیا تو چالیس شہداء کا اجر ملے گا، اور اگر تندرست ہوگیا تو سارے گناہوں کی بخشش ہو جائے گی۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے۔

روایت	حکم
④ روایت: بارش کے پانی پر مختلف آیات و سورتیں پڑھ کر پینے سے شفاء کا حصول۔	من گھڑت
⑤ روایت: ”حلال درہم سے شہد خرید کر بارش کے پانی کے ساتھ پینا ہر بیماری سے شفاء ہے“۔	علامہ غماری رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صاف من گھڑت کہا ہے، البتہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کا یہ قول ثابت ہے: جب تم میں سے کسی ایک کو کوئی تکلیف ہو تو اسے چاہئے کہ اپنی بیوی سے تین درہم یا اس جیسے کچھ درہم مانگے، ان سے شہد خریدے، پھر بارش کا پانی لے اور شہد اور پانی کو ملالے، تو اس میں خوشگوار و نفع بخش اور بابرکت شفاء جمع ہو جائی گی۔
روایت ⑥: ”من صلى الفجر في جماعة، وخرج من المسجد فمر بعشرين نفسا فسلم عليهم، ثم مات في ذلك اليوم غفر له“. جو شخص نمازِ فجر جماعت کے ساتھ پڑھ لے، اور مسجد سے باہر جائے اور بیس افراد پر گزرتے ہوئے اُنھیں سلام کرے، پھر اگر یہ شخص اسی دن مر گیا تو اس کی بخشش ہو جائے گی۔	من گھڑت
⑦ روایت: ایک مرتبہ آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر چار دن بھوک کی حالت میں گزرے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کی بارگاہ میں خوب گڑ گڑائے، اللہ تعالی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ذریعے وافر مقدار میں کھانا اور دیگر اشیاء بھجوائیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے دعا کی: یا اللہ میں عثمان سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہو جا۔	شدید ضعیف ہے، حتی کہ حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے اسے من گھڑت تک کہا ہے، بہر صورت اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔
⑧ روایت: ”هلك المسوفون“. ٹالنے والے ہلاک ہو گئے۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کر سکتے۔

روایت	حکم
⑨ روایت: "جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی"۔	من گھڑت
⑩ روایت: جس میں عاشورہ (دس محرم) کو مختلف انبیاء علیہم السلام حضرت آدم علیہ السلام، حضرت حواء علیہا السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ایوب علیہ السلام، حضرت داوٗد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش آنے والے بڑے بڑے واقعات کا ذکر ہے، نیز عاشورہ کے دن مختلف اعمال جیسے: غسل، سرمہ، یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنا، مریض کی عیادت کرنا، افطار پر بڑے بڑے اجر و ثواب کا ذکر ہے۔	باطل، من گھڑت
⑪ روایت: حکایت: ابو معلق تاجر صحابی رضی اللہ عنہ کا ڈاکو سے حفاظت کی نماز میں ایک خاص دعا کرنا، اور فرشتہ کا اس ڈاکو کو نیزہ سے قتل کرنا۔	شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کر سکتے، نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ عجیب حدیث ہے۔
⑫ روایت: "إن لله ملكا لو قيل له: التقم السموات والأرضين السبع بلقمة واحدة، لفعل، تسبيحه: سبحانك حيث كنت". بے شک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے، اگر اس سے کہا جائے: ساتوں آسمان و زمین ایک ہی لقمہ میں نگل لو، تو وہ ایسا کرلے گا، اس کی تسبیح یہ ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔	حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ "منکر حدیث" ہے، حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "یہ حدیث غریب جداً ہے، اور اس کے مرفوع (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول) ہونے میں نظر ہے، ہو سکتا ہے کہ یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما پر موقوف ہو، اور انہوں نے اسے اسرائیلیات میں سے لیا ہو"، الحاصل اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت	حکم
⑬روایت: " إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم". میں نے مخلوقات کو اس لئے پیدا کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اور میں نے ان کو اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔	حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: "میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں"، نیز علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ علامہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ شہرستانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اسرائیلی روایت کے طور پر بیان کیا ہے، اس لئے اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں، البتہ اسرائیلی روایت کہہ کر بیان کر سکتے ہیں۔
⑭روایت: یعفور نامی دراز گوش (گدھے) کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلام ہونا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یعفور کو بطور قاصد صحابہ رضی اللہ عنہم کے گھروں کی طرف بھیجنا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد یعفور کا اپنے آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غم میں کنویں میں گرا کر جان دے دینا۔	یہ تمام مضامین من گھڑت ہیں، البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یعفور نامی دراز گوش (گدھا) تھا، جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سواری فرماتے تھے۔
⑮روایت: "من شرب الماء على الريق انتقصت قوته". جو شخص نہار منہ پانی پیئے گا اس کی طاقت کم ہو جائے گی۔	منکر، شدید ضعیف ہے، بعض محدثین نے اسے من گھڑت تک کہا ہے، بہر صورت بیان نہیں کر سکتے۔
⑯روایت: "جو شخص اپنی عورت کی بد اخلاقی پر صبر کرے گا تو اللہ تعالی اس کو وہ اجر دیں گے جو حضرت ایوب علیہ السلام کو ان کی بیماری پر صبر کرنے پر دیا گیا تھا، اور جو عورت اپنے شوہر کی بد اخلاقی پر صبر کرے تو اللہ تعالی اس کو فرعون کی بیوی آسیہ علیہا السلام کے ثواب کے مثل عطاء کریں گے"۔	حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں"، حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول پر علامہ ابن رسلان رحمۃ اللہ علیہ، علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے، نیز علامہ سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو ان احادیث کی فہرست

	میں شامل کیا ہے جن کی سند انھیں نہیں مل سکی ہے، اس لئے اسے رسول اللہ ﷺ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔
(۱۷) روایت: ''جس شخص نے بھی کسی اجنبی عورت کی طرف شہوت کی نگاہ سے دیکھا، تو قیامت کے دن اس کی آنکھوں میں سیسہ ڈالا جائے گا''۔	حافظ جمال الدین زیلعی رحمۃ اللہ علیہ علامہ ابن ابی العز رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کا حاصل یہی ہے کہ یہ روایت ان الفاظ سے سنداً نہیں ملتی، بلکہ حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے صاف کہا ہے کہ ''یہ صحیح نہیں ہے''، اس لئے یہ روایت ان الفاظ سے رسول اللہ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔
(۱۸) روایت: موت کے وقت نماز کا اہتمام کرنے والے سے فرشتہ کا قریب ہونا، شیطان کا دور ہونا اور اسے ملک الموت کا کلمہ کی تلقین کرنا۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کر سکتے۔
(۱۹) روایت: ستر ہزار فرشتوں کی طاقت رکھنے والا فرشتہ اپنی انتہائی پرواز کے بعد بھی باری تعالی کے عرش تک نہیں پہنچ سکا۔	شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کر سکتے۔
(۲۰) روایت: ''الكريم إذا قدر عفا''. کریم جب قابو پالیتا ہے تو معاف کر دیتا ہے۔	امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے من گھڑت روایت کے مشابہ قرار دیا ہے، اور محدثین کی ایک جماعت نے ان کے قول پر اعتماد کیا ہے، لہذا اسے آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت	حکم
(۲۱) روایت: اذان سن کر: ”مرحبا بالقائلین عدلا مرحبا بالصلاۃ وأھلا“. پڑھنے پر بیس لاکھ نیکیاں، بیس لاکھ گناہ معاف اور بیس لاکھ درجات بلند۔	مذکورہ دعا کو آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا من گھڑت ہے، تاہم مشہور قول کے مطابق حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اذان کے وقت صرف اِن کلمات کا کہنا منقول ہے، جس میں مذکورہ ثواب موجود نہیں ہے، اس لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے انتساب سے اسے بیان کرنا، عمل کرنا درست ہے۔
(۲۲) روایت: ”گانا سننے والوں کو آخرت میں روحانیین یعنی اہل جنت کے قراء کو سننے کی اجازت نہیں ہوگی“۔	شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کرسکتے۔
(۲۳) روایت: آپ ﷺ کا دودھ چھڑانے کے فوراً بعد یہ کلمات کہنا: الله أكبر كبيرا، والحمد لله كثيرا، وسبحان الله بكرة و أصيلا.	شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کرسکتے۔
(۲۴) روایت: بسم اللہ کی میم الحمد کی لام کے ساتھ ملا کر آخر تک پڑھنے پر چار انعامات کا ملنا۔	من گھڑت
(۲۵) روایت: آپ ﷺ کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پوچھنے پر فرمانا کہ میری تم سے محبت ایسی ہے جیسے رسی کی گرہ۔	یہ باطل ہے، بیان نہیں کرسکتے۔

فصلِ ثانی (مختصر نوع)

روایات	حکم
① روایت: آپ ﷺ کا ایک صحابی کو جھوٹ چھوڑنے کی وصیت کرنا، جس کے نتیجہ میں اس سے تمام گناہ چھوٹ گئے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
② روایت: "إن الدانق من الفضة يؤخذ به يوم القيامة سبعمائة صلاة مقبولة فتعطى إلى الخصم". چاندی کے ایک دانق کے بدلہ قیامت کے دن سات سو مقبول نمازیں لے کر مد مقابل کو دے دی جائیں گی۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
③ روایت: "آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام مجھے اللہ کے ذکر کی اس قدر تاکید کرتے رہے کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ بغیر ذکر کے کوئی چیز نفع نہ دے گی"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
④ روایت: "اللہ کے راستے میں دعا ایسے قبول ہوتی ہے جیسے بنی اسرائیل کے انبیاء علیہم السلام کی دعا قبول ہوتی تھی"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑤ روایت: "آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنی بیٹی کا نکاح کفو ملنے کے باوجود نہ کرے اس کو بیٹی کی ہر ماہواری کے بدلہ ایک پیغمبر قتل کرنے کا گناہ ملتا ہے، اور قیامت کے دن اسے یہ ماہواری پلائی جائے گی"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑥ روایت: "بچوں کے منہ پر لگی ہوئی غذا دھولیا کرو، کیونکہ شیطان ہمیشہ بچی ہوئی غذا کو سونگھتا ہے"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑦ روایت: ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی عمر میں سے صرف ایک گھڑی باقی رہنے کی صورت میں آپ ﷺ کا ان کو اس وقت حصولِ علم میں مشغول ہونے کا فرمانا۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔

روایت	حکم
⑧ روایت: "جو شخص بارش کے نزول کے وقت یہ درود پڑھتا ہے، تو اللہ عزوجل اسے بارش کے ہر قطرے کے بدلے نیکی عطا فرماتا ہے: اللّهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آل سيدنا ومولانا محمد بعدد قطرات الأمطار".	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑨ روایت: "جنازے کی آخری صف افضل ہے"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑩ روایت: جو شخص حضرات شیخین کا دفاع کرے گا تو یہ حضرات اپنی نیکیوں میں سے چوتھائی حصہ نیکی کا اسے دیں گے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑪ روایت: ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ مسجد نبوی میں بیٹھے اپنی جوتی مرمت کرنے لگ گئے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم مرمت کرلیتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: میں جوتی نہیں بنارہا، بلکہ بت توڑ رہا ہوں، تاکہ قیامت تک آنے والے زمانہ میں کوئی پیشہ کے لحاظ سے ذلیل نہ سمجھے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑫ روایت: آپ ﷺ کا زمزم کے کنویں میں لعاب دہن ڈال کر فرمانا کہ امت اس سے برکت حاصل کرے۔	یہ روایت خاص ان لفظوں سے کہ آپ ﷺ نے زمزم کے کنویں میں لعاب دہن ڈالنے کے بعد فرمایا ہو کہ امت اس سے برکت حاصل کرے، سنداً نہیں ملتی، لہٰذا سند ملنے تک اس کو آپ ﷺ کی جانب منسوب کرکے بیان نہ کیا جائے۔ بعض مزید اہم اُمور تفصیل میں ضرور ملاحظہ فرمائیں۔
⑬ روایت: "شادی شدہ مسلمان کی غیر شادی شدہ مسلمان پر ایسی فضیلت ہے جیسے اللہ تعالی کی راہ میں جہاد کرنے والے کی فضیلت گھر بیٹھنے والے پر"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔

⑭روایت: ”پیغمبر ﷺ نے فرمایا ہے: اے گستاخ مرید! کسی مرشد کی کبھی برابری نہ کر“۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑮روایت: ملک الموت کے دل میں صرف دو بندوں، یعنی بہتے تختے پر موجود بچہ کی ماں، اور شداد کی روح قبض کرتے ہوئے رحم پیدا ہوا ہے۔	یہ روایت سنداً تا حال نہیں مل سکی ہے، تاہم ائمہ کرام کے اقوال کی روشنی میں یہ بات تفصیل سے گزر چکی ہے کہ شداد کی جنت والی مشہور روایت من گھڑت ہے، اور زیرِ بحث اس حکایت میں بھی یہی مضمون اختصار کے ساتھ مذکور ہے، چنانچہ قرینِ قیاس یہی ہے کہ یہ حکایت بھی من گھڑت ہے، واللہ اعلم۔
⑯روایت: نمرود کی بیٹی کا کلمہ پڑھ کر آگ میں آنا اور نہ جلنا۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑰روایت: ”تھوڑی سی دیر اولیاء کی ہمنشینی سو سالہ بے ریا عبادت سے بہتر ہے“۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑱روایت: حکایت: ”حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پیٹ میں درد ہوا تو انہوں نے اللہ سے شکایت کی، اللہ تعالی نے انھیں ایک جڑی بوٹی کھانے کو فرمایا۔۔۔“۔	سنداً آپ ﷺ کے ارشادات میں یہ روایت نہیں ملتی، اس لئے اسے آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا موقوف رکھا جائے، تاہم حکایت بظاہر اسرائیلی معلوم ہوتی ہے، اس لئے اسے اسرائیلی حکایت کہہ کر نقل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
⑲روایت: ابوجہل نے آپ ﷺ کو بدصورت کہا (معاذ اللہ)، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خوبصورت کہا، آپ ﷺ نے دونوں کو سچا قرار دیا، اور لوگوں کے پوچھنے پر بتایا کہ میں ایک آئینہ ہوں مجھ میں ہر شخص وہی دیکھتا ہے جو وہ خود ہے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔

روایت	حکم
(۲۰) روایت: اُس شخص کا منہ ٹیڑھا رہ جانا جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام تمسخر کے ساتھ لیا تھا۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۱) روایت: روز قیامت اسلام کا حسین صورت میں آکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہنا: اللہ تعالی آپ کو عزتوں سے مالا مال کرے جیسا کہ آپ نے دنیا میں مجھے (یعنی اسلام کو) عزت بخشی۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۲) روایت: "المرء مخبوء تحت لسانه". انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔	یہ روایت تلاش بسیار کے باجود سنداً آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے طور پر نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، البتہ یہی الفاظ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ، احنف بن قیس رحمۃ اللہ علیہ اور بعض حکماء کے قول کے طور پر ملتے ہیں، لہذا اسے ان حضرات کے انتساب سے بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
(۲۳) روایت: "جو عورت گائے یا بھینس کا دودھ بسم اللہ پڑھ کر دوھے تو وہ جانور اس کو دعائیں دیتا ہے"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۴) روایت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنا کہ بارش ہوئی اور آپ کے بابرکت کپڑے نہ بھیگے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۵) روایت: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا اذان میں لفظ حَیَّ کو عاجزی سے ہَیَّ پڑھنا، اور منافقین کا اس پر اعتراض کرنا اور یہ مطالبہ کرنا کہ کوئی فصیح مؤذن لے آئیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ میں منافقین سے فرمانا کہ اللہ تعالی کے نزدیک بلال کا ہَیَّ شور و غل کے سینکڑوں حَیَّ اور حَیَّ سے بہتر ہے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔

روایت	حکم
(۲۶)روایت: ”ریا کاری کے ساتھ تسبیح کرنا کوڑی کا سبزہ ہے“۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۷)روایت: ”عجلوا الطاعات قبل الفوت“. عبادات کو فوت ہونے سے پہلے پورا کرو۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۸)روایت: ”جس نے اپنے بھائی کے حق کی وجہ سے افطار کیا اس کے لئے ایک ہزار روزوں کا ثواب لکھا جاتا ہے“۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۹)روایت: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا ایک شخص کو مسجد میں سویا ہوا دیکھ کر حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے فرمانا: اے علی! اسے جگا دو، تاکہ وضو کر لے، پھر حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کے پوچھنے پر بذات خود نہ جگانے کی یہ وجہ بیان فرمانا کہ مبادا انکار کر بیٹھتا اور میرے کہنے پر انکار کفر ہو جاتا، تیرے کہنے سے انکار کفر نہیں ہو گا۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۳۰)روایت: حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے عرض کرنا کہ آپ جہاں جاتے ہیں زمین پر کچھ بچھائے بغیر نماز پڑھ لیتے ہیں۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔

فائدہ:

① ”بیان نہیں کر سکتے“ سے مراد ہے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے انتساب سے بیان نہیں کر سکتے۔

② ”بیان کرنا موقوف رکھا جائے“ یعنی سندِ معتبر ملے بغیر ہر گز بیان نہ کریں، مزید تفصیل ”مقدمہ حصہ دوم“ میں ملاحظہ فرمائیں، اور کتاب کے اندر اس قسم کی روایات کے تحت اکثر ضمنی روایات لکھی گئی ہیں، جنہیں بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، اسے ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

③ ”بے اصل“ اکثر من گھڑت کے معنی میں ہے۔

④ ”اسرائیلی روایت“ سے مراد وہ روایات ہیں جو بنی اسرائیل سے چلی آرہی ہیں، یہ روایات اگر ہماری شریعت کے مخالف نہ ہوں تو ان کو اسرائیلی روایت کہہ کر بیان کیا جاسکتا ہے، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے انتساب سے بیان نہیں کر سکتے۔

